I have got my eyes examined by a doctor.	میں نے ڈاکٹر کو آنکھیں دکھائی ہیں۔
His leg is bleeding.	اس کی ٹانگ سے خون بہہ رہا ہے۔
The doctor has diagnosed this medicine.	ڈاکٹر صاحب نے یہ دوائی تجویز کی ہے۔
He has written the prescription.	اس نے نسخہ لکھ دیا ہے۔
This medicine is very bitter.	یہ دوائی بہت کڑوی ہے۔
He has sprained his ankle.	اس کے ٹخنے میں موچ آگئی ہے۔
It is a common disease.	یہ عام بیماری ہے۔
This doctor cures every case he treats.	اس ڈاکٹر کے ہاتھ میں شفا ہے۔

Gratitude ! بہت شکریہ جناب

Very thanks for your advice.	آپ کے مشورے کا بہت شکریہ۔
I'm very grateful to you.	میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔
You are very kind.	آپ بہت مہربان ہیں۔
Thanks for the present.	تحفہ کا شکریہ۔
Not mention, it is my pleasure.	بالکل نہیں، مجھے تو مسرت ہوئی۔

This is a very costly present.	یہ بہت قیمتی تحفہ ہے۔
This is no matter of kindness.	یہ مہربانی کی بات نہیں۔
It will rather please me.	اس سے مجھے خوشی ہوگی۔
It doesn't matter.	کوئی بات نہیں جی۔
Bundle of thanks.	بہت بہت شکریہ۔
Tonnes of thanks.	آپ کا بے حد شکریہ۔

Wish You Good Luck کامیابی آپ کے قدم چومے

Wish you all the best.	آپ قدم قدم پر کامیاب ہوں۔
May you flourish.	پھولو پھلو۔
Wish you a happy new year.	ہم آپ کو نئے سال کی نیک خواہشات پیش کرتے ہیں۔
May you always be lucky.	قسمت آپ پر ہمیشہ مہربان رہے۔
May you have the best of both the worlds.	آپ دونوں جہاں میں کامیاب رہیں۔
Congratulations on your wedding.	آپ کو شادی کی مبارکباد۔
I congratulate you on behalf of all.	میں آپ کو سب کی طرف سے پر خلوص مبارکباد پیش کرتا ہوں۔
Hearty felicitations on your birthday.	آپ کی سالگرہ پر ہم دلی تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔
Congratulations on your increment.	آپ کی تنخواہ کی ترقی پر مبارکباد۔
Many happy returns of the day.	یہ دن بار بار آئے۔

Buying and Selling خرید وفروخت

Let us strike a bargain.	چلیں ہم سودا کرتے ہیں۔

What did this chair cost you?
تم نے یہ کری کتنے میں خریدی؟

Rate of wheat is advancing.
گیہوں کا بھاؤ چڑھ رہا ہے۔

The cloth has come down.
کپڑا سستا ہو گیا ہے۔

He does not sell on credit.
وہ ادھار نہیں بیچتا ہے۔

He demands the value in cash.
وہ نقد قیمت مانگتا ہے۔

Nowadays trade is badly suffering.
آجکل تجارت کا مندا ہے۔

His rates are higher.
اس کے نرخ [illegible]۔

He is not a wholesale dealer, but a retailer.
وہ تھوک فروش نہیں خوردہ فروش ہے۔

The house is auctioned.
مکان نیلام ہو گیا ہے۔

I have made a bid for it.
میں نے اس کیلئے بولی دی ہے۔

The wheat market is dull.
گیہوں کا بازار نرم ہے۔

I have no dealings with them.
میرا ان سے کوئی لین دین نہیں۔

The bazaar is busy.
بازار میں بڑی رونق ہے۔

Does it suit your pocket?
کیا تم اتنی قیمت دے سکتے ہو؟

Terms are strictly cash here.
یہاں نقد قیمت پر اشیاء ملتی ہیں۔

These mangoes will be sold off at once.
یہ آم بازار میں رہنے نہیں پائیں گے۔

I shall pay the balance in instalments.
میں بقایا رقم قسطوں میں دوں گا۔

Cotton is going down.
روئی کی قیمت گر رہی ہے۔

Rice has gone up.
چاول مہنگے ہو گئے ہیں۔

Settle my account.
میرا حساب چکا دو۔

Our rates are fixed.
ہمارے نرخ مقررہ ہیں۔

I paid the amount in full.
میں نے یہ رقم دام دام چکا دی۔

Please count the money.
مہربانی کر کے پیسے گن لیجئے۔

He invested all the money in business.	اس نے اپنی تمام دولت تجارت میں لگا دی۔
Settle the wages.	اجرت طے کر لو۔
How is your business going?	آپ کا کاروبار کیسا چل رہا ہے۔
Did you get your wages?	کیا تمہاری اجرت مل گئی؟
Now I'm square with you.	اب میرا آپ کا حساب صاف ہے۔
Advance money will have to be paid.	پیشگی رقم ادا کرنا ہوگی۔
How much money can you spare for me?	آپ مجھے کتنا روپیہ فراہم کر سکتے ہیں؟
Don't spend more than you earn.	آمدنی سے زیادہ خرچ نہ کرو۔
That's all, please make the bill.	بس بل بنا دیجئے۔
There is a lack of funds.	روپے کی کمی ہے۔
I'll invest everything in the business.	میں تجارت میں تمام پونجی لگا دوں گا۔
Do you have any dealings with them?	کیا ان سے آپ کا لین دین ہے؟
Are you in service or business?	آپ ملازمت کرتے ہیں یا تجارت؟
Business is flourishing these days.	آج کل تجارت کی اچھی حالت ہے۔
I am under debt.	میرے اوپر قرض ہے۔
How much is your bill?	آپ کے کتنے پیسے ہوئے؟
Business is bad these days.	آج کل تجارت میں بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
What is your profession?	آپ کا کیا مشغلہ ہے؟
Have you sent an invoice?	کیا آپ نے مال کا نمونہ بھیج دیا؟

Refusal نامنظوری

I would not be able to do as you wish.	میں آپ کی خواہش کو پورا نہ کر سکوں گا۔

I am sorry to refuse. — مجھے افسوس کے ساتھ انکار کرنا پڑ رہا ہے۔

They would not agree to this. — وہ اس سے اتفاق نہیں کریں گے۔

I regret, I can't accept this proposal. — افسوس میں یہ تجویز منظور نہیں کر سکتا۔

How can I disobey you! — میں آپ کی حکم عدولی کیسے کر سکتا ہوں!

But I'm helpless. Please don't mind. — مگر میں مجبور ہوں' برائے مہربانی برا نہ مانئے۔

It can't be arranged. — اس کا انتظام نہیں ہو سکتا۔

She does not like it. — اسے یہ پسند نہیں۔

I can't do so. — میں ایسا نہیں کر سکتا۔

Post and Telegraph ڈاک اور تار

I have posted the letter. — میں نے چٹھی ڈاک میں ڈال دی ہے۔

This letter will require two rupees postage. — اس چٹھی پر دو روپے کا ٹکٹ لگے گا۔

This letter is understamped. — اس چٹھی پر کم ٹکٹ لگے ہوئے ہیں۔

When is the mail despatched? — ڈاک کس وقت نکلتی ہے؟

I shall send this packet under registered post. — میں یہ پیکٹ بذریعہ رجسٹری بھیجوں گا۔

I have got it insured. — میں نے اس کا بیمہ کرا لیا ہے۔

Yesterday I received a bearing letter. — مجھے کل ایک بیرنگ چٹھی ملی۔

The mail has been closed and despatched. — ڈاک بند ہو کر روانہ ہو چکی ہے۔

Here is a letter for you. — یہ لو تمہارا خط ہے۔

I sent him a telegram. — میں نے اسے تار بھیجا۔

I rang him up. — میں نے اسے فون کیا۔

Believing اعتماد/یقین

I have full faith in him.	مجھے اس پر پورا اعتماد ہے۔
It's only a rumour.	یہ صرف افواہ ہے۔
You can fully rely on them.	آپ ان پر مکمل اعتماد کر سکتے ہیں۔
It's impossible.	یہ ممکن نہیں ہے۔
Don't you believe it?	کیا آپ یقین نہیں کرتے؟
I do not believe him.	مجھے اس کا اعتبار نہیں۔
I do not believe in that sort of things.	مجھے ایسی باتوں پر اعتماد نہیں۔
Seeing is believing.	آپ دیکھتے ہی یقین کر لیں گے۔

Request براہ کرم

Please come here.	ذرا یہاں آنا۔
Please reply.	جواب دینا۔
Please wait.	ذرا ٹھہریے۔
Let it go.	جانے دو۔
Please come back.	واپس آؤ۔
All are requested to reach in time.	سبھی سے درخواست ہے کہ وقت پر پہنچیں۔
Please forgive me.	براہ کرم میرا قصور معاف کریں۔
Please wake him up.	ذرا اسے جگا دیجئے۔
Will you do me a favour?	کیا میرا ایک کام کرو گے؟
Please do come day after tomorrow, don't forget.	پرسوں ضرور آیئے گا' بھولئے گا نہیں۔
Can you see me day after tomorrow?	کیا آپ مجھ سے پرسوں مل سکتے ہیں؟
Let me work.	مجھے کام کرنے دو۔

Let me see.	مجھے دیکھنے دو۔
Please repeat.	پھر سے کہیے۔
Could I ask you to move?	کیا میں آپ سے تھوڑا ہٹنے کی درخواست کر سکتی ہوں؟
Let them relax.	انہیں آرام کرنے دیجئے۔

Correspondence خط و کتابت

I have not received any letter from her for a long time.	مجھے مدت سے اس کا کوئی خط نہیں ملا۔
I was very glad to hear this.	میں یہ خبر سن کر بہت خوش ہوا۔
I heartily congratulate you on your success.	میں آپ کی کامیابی پر آپ کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔
I hope you are doing well.	مجھے امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔
We are very anxious.	ہم بہت فکر مند ہیں۔
Excuse me for not writing you for a long time.	کافی عرصہ سے خط نہ لکھنے کی معافی چاہتا ہوں۔
I am much grateful to you.	میں آپ کا بہت ممنون ہوں۔
Many thanks for your kind invitation.	دعوت کیلئے آپ کا بہت بہت شکریہ۔
I was delighted to have your letter.	آپ کا خط دیکھ کر میں بہت خوش ہوا۔
I am sorry for failing to attend the meeting.	مجھے بہت افسوس ہے کہ میں جلسہ میں نہ پہنچ سکا۔
I am exceedingly sorry to have caused you inconvenience.	مجھے بہت افسوس ہے کہ آپ کو تکلیف ہوئی۔
I trust you will excuse my non-attendance at work.	مجھے امید ہے کہ آپ میری کام سے غیر حاضری کو معاف فرمائیں گے۔
I beg to acknowledge the receipt of your letter of the 4th instant.	آپ کی اس ماہ کی چار تاریخ کی چٹھی موصول ہوئی۔

At the Dining Table کھانے کی میز پر

Diet is the best doctor.	غذا بہترین طبیب ہے۔
What will you like to eat?	آپ کیا کھائیں گے؟
Prepare the breakfast.	ناشتہ تیار کرلو۔
Let's have the breakfast together.	آؤ ہم لوگ ایک ساتھ ناشتہ کریں۔
Just taste it.	چکھ کر دیکھو۔
No, I have to attend a party.	نہیں مجھے ایک دعوت میں جانا ہے۔
You ate very little.	تم نے تو کچھ کھایا ہی نہیں۔
Have a little more.	تھوڑا اور لیجئے۔
Do you also smoke?	کیا آپ بھی سگریٹ پیتے ہیں؟
Would you have tea or coffee?	آپ چائے پئیں گے یا کافی؟
Bring me a cup of coffee.	مجھے ایک پیالی کافی لا دو۔
He is a chain-smoker.	وہ سگریٹ بہت پیتا ہے۔
The spoon is not clean.	چمچہ صاف نہیں ہے۔
Pass me the salt please.	مہربانی کر کے نمک دیجئے۔
Bring some more, please.	تھوڑا اور لائیے۔
Help yourself, please.	اپنے آپ کھائیے۔
Are you a vegetarian?	کیا آپ سبزی خور ہیں؟
No, I am a non-vegetarian.	نہیں میں گوشت خور ہوں۔
Why are you getting bulky?	آپ کیوں موٹی ہوتی جا رہی ہیں؟
Would you have milk?	کیا دودھ پئیں گے آپ؟
I'm not fond of rice.	میں چاول نہیں کھاتا۔
Two chappatis have not been enough for me.	دو روٹی سے تو میری بھوک نہیں مٹی۔
It is my favourite dish.	یہ میرا من پسند کھانا ہے۔

It is dinner time, get ready.	کھانے کا وقت ہو گیا ہے، تیار ہو جاؤ۔
There is less salt in the curry.	سالن میں نمک کم ہے۔
Don't take water on an empty stomach.	خالی پیٹ پانی نہ پیو۔
What dishes are cooked today?	آج کیا پکا ہے؟
Bring a pinch of salt from your mother.	اپنی ماں سے چٹکی بھر نمک لاؤ۔
I am still thirsty.	میری پیاس ابھی نہیں بجھی۔
I am fond of mashed potatoes.	مجھے آلو کا بھرتا پسند ہے۔
May I have a little more gravy?	کیا میں تھوڑا شوربہ اور لے لوں۔
His digestion is not good.	اس کا ہاضمہ درست نہیں۔
What is your favourite dish?	آپ کا پسندیدہ کھانا کیا ہے؟

Lodging رہائش

Where are you putting up nowadays?	آپ آج کل کہاں رہتے ہیں؟
I have shifted to a new house.	میں نے مکان تبدیل کر لیا ہے۔
We have vacated this house.	ہم نے یہ مکان خالی کر دیا ہے۔
This house is to let.	یہ مکان کرایہ کے لئے خالی ہے۔
He has rented a new house.	اس نے ایک اور مکان کرایہ پر لیا ہے۔
I have paid the rent.	میں نے کرایہ ادا کر دیا ہے۔
This house is spacious and well-ventilated.	یہ مکان کھلا اور ہوادار ہے۔
The whereabouts of this house is not pleasant.	اس مکان کا محل وقوع اچھا نہیں۔
The house is laid out with water.	اس مکان میں نلکہ لگا ہوا ہے۔
It is fitted with electricity.	اس میں بجلی لگی ہوئی ہے۔
There is enough accommodation.	اس میں مکانیت کافی ہے۔

This house will suit you.
یہ مکان آپ کے لئے ٹھیک رہے گا۔

That house is occupied.
وہ مکان کرایہ پر چڑھا ہوا ہے۔

The plinth of this house is sufficiently high:
اس مکان کی کرسی کافی اونچی ہے۔

Formal Conversation رسمی گفتگو

A house is a bisic necessity.
گھر انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔

Look, make bed over here.
دیکھو یہاں بستر لگا دو۔

Milk has turned sour.
دودھ پھٹ گیا۔

It meets all our requirements.
یہ ہماری تمام ضروریات پوری کرتا ہے۔

The room should be clean.
کمرہ صاف ہونا چاہئے۔

How many children do you have?
آپ کے کتنے بچے ہیں؟

My uncle lives in a rented house.
میرے چچا کرایہ کے مکان میں رہتے ہیں۔

Let me get ready.
میں ذرا تیار ہو جاؤں۔

It is electrified.
اس میں بجلی لگی ہوئی ہے۔

We'll reach there before time.
ہم وقت سے پہلے پہنچیں گے۔

Her fathers-in-law is good-natured.
اس کا سسرا اچھی عادت والا ہے۔

You should keep your word.
تمہیں اپنی بات پر قائم رہنا چاہئے۔

He behaved very rudely.
اس نے گستاخانہ سلوک کیا۔

I can't wait any longer now.
اب میں زیادہ انتظار نہیں کر سکتا۔

I have been out since morning.
میں صبح کا گھر سے نکلا ہوں۔

I'm feeling sleepy.
مجھے نیند آ رہی ہے۔

I had a sound sleep last night.
رات خوب نیند آئی۔

Now go to bed.
بس اب سو جاؤ۔

I'll be ready in a moment.
میں ابھی تیار ہوتا ہوں۔

Why didn't you wake me up?
آپ نے مجھے جگا کیوں نہیں دیا؟

Be seated, please. تشریف رکھئے۔

Have a chair, please. کرسی لیجئے۔

Who is knocking at the door? دروازہ کون کھٹکھٹا رہا ہے؟

I woke up late this morning. آج صبح میں دیر سے بیدار ہوا۔

There is someone to see you. آپ سے کوئی ملنے آیا ہے۔

I am tight these days. آج کل میرا ہاتھ تنگ ہے۔

I am dead tired. میں بہت تھکا ہوا ہوں۔

Let's have a chat. آؤ گپ لگائیں۔

Take rest here tonight. آج رات یہیں آرام کرو۔

You are dozing. آپ تو اونگھ رہے ہیں۔

Make my bed. میرا بستر کر دو۔

Your nose is running. تمہاری ناک بہہ رہی ہے۔

We kept talking till very late. ہم بہت دیر تک باتیں کرتے رہے۔

This gentleman has some work with you. ان صاحب کو آپ سے کچھ کام ہے۔

I've to go to his house. مجھے اس کے گھر جانا ہے۔

This shoe is very tight. یہ جوتا بہت تنگ ہے۔

Where does this road lead to? یہ سڑک کدھر جاتی ہے؟

Just hold my cycle. ذرا میری سائیکل پکڑنا۔

I am not fond of theatre plays. مجھے ڈرامہ دیکھنے کا شوق نہیں ہے۔

I've shifted from the old place. میں نے اپنا مکان بدل دیا۔

This road is closed for the public. یہ سڑک عوام کے لئے بند ہے۔

No admission without permission. بغیر اجازت اندر نہیں آسکتے۔

Permission اجازت

Let me go. مجھے جانے دو۔

Should we begin? کیا ہم شروع کریں؟

May I go?	میں چلوں؟
Would you mind if I leave five minutes early today?	اگر آج میں پانچ منٹ جلدی چلا جاؤں کیا آپ برا مانیں گے؟
May I join you?	میں بھی چلوں؟
Will you please give me a lift in your car?	کیا آپ مجھے اپنی کار میں لے چلیں گے؟
May I take your bike for a while?	کیا میں تھوڑی دیر کیلئے آپ کی موٹر سائیکل لے سکتا ہوں؟
Well, allow me to go.	اچھا اجازت دیجئے۔
May I go to see movie today?	کیا میں آج پکچر دیکھنے جا سکتا ہوں؟
Can I use your phone?	کیا میں ٹیلی فون کر لوں؟
Can I disturb you?	کیا میں آپ کو تکلیف دے سکتا ہوں؟
Now, please permit me to go.	برائے مہربانی اب مجھے جانے کی اجازت دیجئے۔
You may leave now.	اب آپ جا سکتے ہیں۔
May we rest here for a while?	کیا ہم یہاں تھوڑا آرام کر لیں؟
May I open the door?	کیا میں دروازہ کھول سکتا ہوں؟
Can I use your towel?	کیا میں آپ کا تولیہ استعمال کر سکتا ہوں؟

Legal Expressions قانونی جملے

He has brought a civil suit against his friend.	اس نے اپنے دوست کے خلاف دیوانی دعویٰ دائر کر دیا ہے۔
It is a criminal case.	یہ فوجداری مقدمہ ہے۔
The witness gave false evidence.	گواہ نے جھوٹی گواہی دی۔
The accused was sentenced to death.	مجرم کو پھانسی کی سزا ہوئی۔

He was sentenced two-year rigorous imprisonment. — اسے دو سال قید با مشقت کا حکم ہوا۔

He was sentenced two-year simple imprisonment. — اسے دو سال قید محض کا حکم ہوا۔

He was hanged. — اسے پھانسی دی گئی۔

He was sentenced to transportation for life. — اسے کالے پانی کی سزا ہوئی۔

The police handcuffed him. — پولیس نے اسے ہتھکڑی لگادی۔

The police are investigating into the matter. — پولیس مقدمہ کی تفتیش کر رہی ہے۔

Who has stood bail for the accused? — ملزم کی ضمانت کس نے دی ہے؟

The court declared him guilty. — عدالت نے اسے مجرم قرار دیا۔

The court has framed charges against him. — عدالت نے اس پر فرد جرم لگادی ہے۔

The defence witnesses are present today. — آج صفائی کے گواہ حاضر ہیں۔

The court has delivered the judgment. — عدالت نے فیصلہ سنا دیا ہے۔

The court has discharged him. — عدالت نے اسے رہا کر دیا ہے۔

I served him with a notice. — میں نے اسے نوٹس دے دیا۔

The courts are sitting. — عدالتیں کھلی ہوئی ہیں۔

Office Work دفتری کام کاج

He is an ordinary clerk. — وہ تو ایک معمولی کلرک ہے۔

There is a heavy pressure of work these days. — آج کل کام زوروں پر ہے۔

Is the boss in? — صاحب ہیں؟

The head clerk is all in all in this office. — اس دفتر میں ہیڈ کلرک ہی سب کچھ ہے۔

This clerk is a favourite of the officers.	یہ کلرک افسروں کے منہ لگا ہوا ہے۔
I want to make a trunk call.	مجھے ٹرنک کال کرنا ہے۔
He couldn't get a leave.	اسے چھٹی نہیں ملی۔
This point was not touched.	اس بارے میں کوئی بات نہیں ہوئی۔
For how many days you would have to take leave?	تمہیں کتنے دنوں کی چھٹی لینا پڑے گی؟
Please sign here.	یہاں دستخط کیجئے۔
I'll talk to you about this later.	میں اس بارے میں آپ سے پھر بات کروں گا۔
Today the clerk is on French leave.	آج کلرک بادشاہ بغیر بتائے چھٹی کر گیا۔
I am following whatever you are saying.	آپ جو کچھ کہہ رہے ہیں، میں سب سمجھ رہا ہوں۔
I'll surely keep this in mind.	میں ضرور اس بات کا خیال کروں گا۔
I'll think over this matter.	میں اس معاملے پر سوچوں گا۔
He has been warned.	اسے وارننگ دیدی گئی ہے۔
My application was accepted.	میری درخواست منظور ہو گئی۔
I have fixed up an appointment with the director at 3 O'clock.	میں نے ڈائریکٹر صاحب سے تین بجے کا وقت لیا ہے۔
I'm very busy today.	آج میں بہت مصروف ہوں۔
What post do you hold?	آپ کس عہدے پر ہیں؟
Its better if you resign.	بہتر ہوگا کہ آپ استعفیٰ دیدیں۔
Are you working in that office?	کیا تم اس دفتر میں نوکری کرتے ہو؟

Anger & Hate غصہ اور نفرت

You can't get away like this.	تم اس طرح بچ نہیں سکتے۔
It's all your doing.	یہ سب تمہارے کرتوت ہیں۔

I don't want to see your ugly face.	میں تمہاری صورت دیکھنا نہیں چاہتا۔
You are an extremely cunning man.	تم بڑے چلتے پرزے ہو۔
You are too clever.	تم بڑے مکار ہو۔
You should be ashamed of yourself.	چلو بھر پانی میں ڈوب مرو۔
You can't escape it.	تم اس سے بچ نہیں سکتے۔
You can never be forgiven.	تمہیں کبھی معاف نہیں کیا جا سکتا۔
You're responsible for this.	اس کے ذمہ دار تم ہو۔
What nonsense?	یہ کیا بدتمیزی ہے؟
Damn it.	لعنت بھیجو اس پر۔

Education and Training تعلیم و تربیت

As we labour so shall we be rewarded.	جیسی ہم محنت کریں گے' ویسا ہی ہمیں اس کا صلہ ملے گا۔
I'm too tired to attend the class.	میں اتنا تھک گیا ہوں کہ اپنی کلاس میں پڑھنے نہیں جا سکتا۔
When does her examination begin?	اس کے امتحان کب سے ہیں؟
I'll pass my F.A this year.	میں اس سال ایف اے پاس کرلوں گا۔
I couldn't study anything today.	آج میں کچھ نہیں پڑھ سکا۔
He failed in the B.A examination.	وہ بی اے کے امتحان میں فیل ہو گیا۔
We have finished our studies.	ہم نے اپنی پڑھائی پوری کر لی ہے۔
Either you beg his pardon or pay the fine.	تم یا تو اس سے معافی مانگو یا پھر جرمانہ ادا کرو۔
He is a blunt mind.	اسے کچھ نہیں آتا جاتا۔
What does it mean?	اس کا کیا مطلب ہے؟

English	Urdu
Shahid takes keen interest in his studies.	شاہد خوب دل لگا کر پڑھتا ہے۔
The students will know the result tomorrow.	طلباء کو نتیجہ کل معلوم ہو گا۔
You have passed the examination.	تم امتحان میں پاس ہو گئے۔
All the efforts failed.	تمام کوششیں بیکار گئیں۔
He is junior to me by one year.	وہ مجھ سے ایک سال پیچھے ہے۔
A good boy brings credit to his school.	اچھا طالب علم سکول کا نام روشن کرتا ہے۔
Who has set this paper?	یہ پرچہ کس نے بنایا ہے؟
The boy recited a poem.	لڑکے نے نظم سنائی۔
Do you have a spare note-book?	کیا آپ کے پاس کوئی فاضل کاپی ہے؟
He has got distinction in English.	اسے انگریزی میں امتیازی سند ملی ہے۔
Have you offered arts or science?	آپ کے پاس آرٹس ہے یا سائنس؟
Why don't you let me study?	آپ مجھے پڑھنے کیوں نہیں دیتے؟
I can speak English.	میں انگریزی بولنا جانتی ہوں۔
How are you getting on with your studies?	تمہاری پڑھائی کیسی چل رہی ہے؟
He is good at English.	وہ انگریزی میں بہت اچھا ہے۔
He is dropping out of the examination this year.	وہ اس سال امتحان نہیں دے رہا ہے۔
He often plays truant from the school.	وہ اکثر سکول سے بھاگ جاتا ہے۔
What are you attending to?	آپ کی توجہ کس طرف ہے؟
We are not on speaking terms.	ہماری آپس میں بول چال نہیں ہے۔
We don't visit each other.	ہمارا آپس میں آنا جانا نہیں ہے۔

Nice to Meet You آپ سے مل کر خوشی ہوئی

English	Urdu
Enjoy with us.	ہمارے ساتھ لطف اٹھائیے۔
When do I see you again?	اب کب ملاقات ہوگی؟
Excuse me, would you be Mr. Shahid?	معاف کیجئے' کیا آپ شاہد ہیں؟
Why didn't you come that day?	آپ اس دن کیوں نہیں آئے؟
You were not seen for long.	تم بہت دنوں سے نظر نہیں آئے۔
When shall we meet again?	دوبارہ کب ملاقات ہوگی؟
He has asked for you.	انہوں نے آپ کو یاد کیا ہے۔
My work is not yet over.	ابھی میرا کام ختم نہیں ہوا ہے۔
I've come to seek your advice.	میں آپ سے مشورہ لینے آئی ہوں۔
I wish to talk to you.	مجھے تم سے بات کرنا ہے۔
I haven't heard about him for long.	کافی عرصہ سے اس کی خبر نہیں ملی۔
Let's have some good news.	کوئی اچھی خبر سنائیے۔
I am so pleased to hear it.	مجھے یہ سن کر بڑی خوشی ہوئی۔
How do you do Mr. Hasan! It was very good of you to meet me.	آداب مسٹر حسن! آپ کی بڑی مہربانی آپ مجھ سے ملے۔
Have you arranged a meeting with her?	کیا تم نے اس سے ملاقات کرنا طے کرلی ہے؟
You can visit me anytime.	آپ کسی وقت بھی آئیے۔
Don't be formal.	تکلف نہ کیجئے۔
I am not on good terms with him.	میرے اس سے تعلقات خراب ہیں۔
Hello! I am Zahid, Shahid's brother.	ہیلو! میں زاہد ہوں' شاہد کا بھائی۔

Pardon & Request معافی اور درخواست

I was just joking.	میں تو مذاق کر رہا تھا۔
I'm sorry, I got late.	معاف کیجئے میں وقت پر نہ آ سکا۔
I beg your pardon.	میں آپ سے معذرت خواہ ہوں۔
I'm sorry for interrupting you.	قطع کلامی کیلئے معاف فرمائیے۔
I'm sorry, I couldn't call you.	معاف کیجئے میں فون نہ کر سکا۔
Make my apologise.	میری طرف سے معافی مانگ لیجئے۔
Don't apologise.	معافی مت مانگئے۔
It does not matter.	کوئی بات نہیں۔
It was just a slip of mind.	یہ تو محض غلطی سے ہو گیا۔
I'm very sorry if I have unwillingly hurt you.	اگر نادانستگی میں مجھ سے دکھ پہنچا ہو تو اس کا مجھے افسوس ہے۔
It was done unknowingly.	یہ نادانستگی میں ہوا ہے۔
You were not at fault.	یہ آپ کا قصور نہیں تھا۔

In the Bazaar سر بازار

Where can I buy the C.S.S books?	میں سی ایس ایس کی کتب کہاں سے خرید سکتا ہوں؟
The rice is of an inferior quality.	یہ چاول ناقص ہیں۔
There is a slump in business these days.	آجکل تجارت میں کمی ہے۔
Dogar Publishers' Spoken English is selling like hot cakes.	ڈوگر پبلشرز کی سپوکن انگلش بے حد فروخت ہو رہی ہے۔
I am short by Rs. 50.	میرے پاس پچاس روپے کم ہیں۔
Everything is closed because of the strike.	ہڑتال کی وجہ سے کام بند ہے۔

All varieties of cloth are available at this shop.	ہر طرح کا کپڑا اس دکان سے دستیاب ہے۔
This shoe is very tight, show me another.	یہ جوتا بہت تنگ ہے، مجھے دوسرا دکھاؤ۔
Where is the nearest big store?	ب سے نزدیک بڑا اسٹور کہاں ہے؟
Haven't you a better quality?	کیا آپ کے پاس بہتر کوالٹی نہیں ہے؟
He does not sell things on credit.	وہ ادھار پر سودا نہیں دیتا۔
This chair is quite cheap for Rs. 600.	یہ کرسی چھ سو روپے میں سستی ہے۔
Don't cut the hair too short.	بال بہت چھوٹے نہ کاٹنا۔
My trousers is loose.	میری پتلون ڈھیلی ہے۔
I will take that one.	میں تو وہ لوں گا۔
Does your shoe pinch you?	کیا تمہیں اپنا جوتا پاؤں میں لگتا ہے؟
This cloth is enough for a coat.	یہ کپڑا کوٹ کے لئے پورا ہے۔
Take my measurements.	میرا ناپ لو۔
The doctor has a large practice.	ڈاکٹر صاحب کا کام خوب چلتا ہے۔
I would like a map of Lahore.	مجھے لاہور کا نقشہ چاہئے۔
Show me a shoe with a pointed toe.	کوئی چھوٹے پنجے والا بوٹ دکھاؤ۔
Give me some good books.	مجھے کچھ اچھی کتابیں دیجئے۔
How far is the market from here?	یہاں سے بازار کتنی دور ہے؟
It's too far.	کافی دور ہے۔
If you wish to buy everything from one place, go to Pace.	اگر تم ایک ہی جگہ سے سب چیزیں خریدنا چاہتے ہو تو پیس چلے جاؤ۔
Do you accept cheques?	کیا آپ چیک منظور کرتے ہیں؟
This shopkeeper sells imported goods.	یہ دکاندار غیر ملکی اشیاء فروخت کرتا ہے۔
It's rusted.	اس میں زنگ لگا ہوا ہے۔

I would like to buy some newspapers.	میں کچھ اخبار خریدنا چاہتا ہوں۔

Dress & Fashion لباس اور فیشن

I will come after changing my clothes.	میں کپڑے بدل کر آتا ہوں۔
Nowadays the youth wear clothes of latest fashion.	آج کل کے جوان نئے فیشن کے کپڑے پہنتے ہیں۔
She was wearing a silky sari.	وہ ریشمی ساڑھی پہنے ہوئے تھی۔
He was wearing a blue uniform.	وہ نیلی وردی پہنے ہوئے تھا۔
These dresses are for you.	یہ کپڑے آپ کے لئے ہیں۔
A man is judged by his clothes.	آدمی کی پہچان اس کے لباس سے کی جاتی ہے۔
Do you have shirtings?	آپ کے پاس قمیضوں کا کپڑا ہے؟
Yes, we have good suitings also.	جی ہاں ہمارے پاس سوٹ کے اچھے کپڑے بھی ہیں۔
Loose garments are now out of vogue.	ڈھیلے ڈھالے لباس کا اب رواج کہاں ہے۔

Variety of Things انواع واقسام

This is a very nice picture.	یہ بڑی اچھی تصویر ہے۔
Please give me change.	مہربانی کرکے مجھے ریزگاری دیجئے۔
You haven't shown me your photograph.	تم نے مجھے اپنا فوٹو نہیں دکھایا۔
Please deliver the goods at my hotel.	مہربانی کرکے یہ سامان ہوٹل میں پہنچا دیجئے۔
I have to get my spectacles changed.	مجھے چشمہ بدلوانا ہے۔

I need another blanket. مجھے ایک اور کمبل چاہیے۔

The mirror was broken by me. مجھ سے آئینہ ٹوٹ گیا۔

Please have something cold. مہربانی کر کے کچھ ٹھنڈا لیجیے۔

I haven't seen your book. میں نے تمہاری کتاب نہیں دیکھی۔

Get all these things. یہ سب چیزیں لے آؤ۔

Pack these things. ان چیزوں کو باندھ دو۔

Please carry your holdall. اپنا بستر بند اٹھا لیجیے۔

He left his house bag and baggage. وہ اپنا سامان لے کر گھر سے چلا گیا۔

You should travel light. سامان کم لے کر چلیں۔

He is fond of beautiful things. اسے خوبصورت چیزوں سے لگاؤ ہے۔

This cloth appears durable. یہ کپڑا مضبوط لگتا ہے۔

Put the utensils back on the shelf. برتنوں کو واپس تختہ پر رکھ دو۔

Have you got your house white-washed? کیا آپ نے اپنے گھر میں سفیدی کرائی؟

I have to get my furniture repaired. مجھے اپنے فرنیچر کی مرمت کروانا ہے۔

Signs & Signals تنبیہ، اشارے

To let. کرائے کیلئے خالی ہے۔

Exit. باہر جانے کا راستہ۔

Entrance. اندر جانے کا راستہ۔

Pull the chain. زنجیر کھینچیے۔

No smoking. سگریٹ پینا منع ہے۔

Drive slowly. گاڑی آہستہ چلایئے۔

No entry without permission. بغیر اجازت اندر آنا منع ہے۔

No entrance. اندر آنا منع ہے۔

Keep to the left. بائیں سمت چلئے۔

Dogs are not allowed. کتے اندر نہیں آ سکتے۔

Cross from here. یہاں سے اس طرف جائیے۔

No parking. یہاں گاڑی کھڑی نہ کریں۔

Dangerous turn ahead. آگے خطرناک موڑ ہے۔

Lavatory/ Toilet. غسل خانہ۔

Dead end ahead. آگے راستہ ختم ہے۔

Heavy vehicles are not allowed. بھاری گاڑیوں کو چلانے کی اجازت نہیں۔

Please stand in a queue. ایک لائن میں کھڑے ہوں۔

Waiting room. آرام گاہ۔

For ladies only. صرف عورتوں کے لئے۔

School ahead. آگے سکول ہے۔

Some Don'ts بازرہئے

Don't pluck flowers. پھول مت توڑو۔

Don't shirk work. کام سے جی مت چراؤ۔

Don't lose your temper. اپنا توازن مت کھوؤ۔

Don't sit idle. بے کار مت بیٹھو۔

Don't doze while working. کام کرتے ہوئے مت اونگھو۔

Don't be in a hurry. جلدی نہ کرو۔

Don't waste your time. اپنا وقت برباد نہ کرو۔

Don't depend upon others. دوسروں پر انحصار نہ کرو۔

Don't go out barefooted. ننگے پیر باہر نہ جاؤ۔

Don't steal others' things. دوسروں کی چیزیں مت چراؤ۔

Don't speak ill of others. دوسروں کی برائی مت کرو۔

Don't laugh at others. دوسروں پر مت ہنسو۔

Don't quarrel with others.	دوسروں سے جھگڑا مت کرو۔
Don't spit on the floor.	فرش پر مت تھوکو۔
Don't disturb others.	دوسروں کے کام میں خلل نہ ڈالو۔

Some Do's اپنایئے

Always shake right hands.	ہمیشہ دائیں ہاتھ سے مصافحہ کرو۔
Be hard working.	محنت کی عادت ڈالو۔
Always keep the idiots off.	ہمیشہ بے وقوفوں کو اپنے سے دور رکھو۔
Talk respectfully to elders.	بڑوں سے عزت سے بات کرو۔
Sink your differences.	اپنے اختلافات کو بھلا دو۔
Wake up early in the morning.	صبح سویرے اٹھا کرو۔
Go out for a walk in the morning and evening.	صبح شام سیر کے لئے جایا کرو۔
Brush your teeth after both the meals.	دونوں وقت کھانے کے بعد دانت صاف کرو۔
Stand upright, don't bend.	سیدھے کھڑے رہو، جھکو مت۔
Patch up your disputes.	اپنے جھگڑے ختم کرو۔
Mend your ways.	اپنی عادتیں درست کرو۔
Obey your elders.	اپنے بڑوں کے فرمانبردار رہو۔
Love the youngers.	اپنے سے چھوٹوں کو پیار کرو۔
Give due regard to your equals.	اپنے برابر والوں کا ادب کرو۔
Be punctual and attentive.	کام بروقت اور توجہ سے کرو۔
Chew your food properly.	کھانا پوری طرح چبا کر کھاؤ۔
Hold firmly.	مضبوطی سے پکڑو۔

To Err is Human بھول چوک

Error and omissions exempted.	بھول چوک لین دین۔
It was not my fault.	یہ میرا قصور نہیں تھا۔

Don't be angry.	ناراض نہ ہوں۔
He wastes his time in gossiping.	وہ فضول کی باتوں میں وقت برباد کرتا ہے۔
He is a duffer.	وہ گدھا ہے۔
Actually it was done by mistake.	دراصل ایسا غلطی سے ہوگیا۔
Why haven't you begun to work yet?	آپ ابھی تک کام میں کیوں نہیں لگے؟
You just waste your time.	تم بے کار میں وقت کھوتے ہو۔
Who is to blame?	کس کا قصور ہے؟
Whom can I trust?	میں کس کا یقین کروں؟
He has let me down.	اس نے میرے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی۔
You are mistaken.	آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔
Have I hurt you?	کیا میں نے آپ کو دکھ پہنچایا؟
He irritates me.	اسے مجھ سے چڑ ہے۔
He has cheated me.	اس نے مجھے دھوکا دیا۔
What a shame!	کیسی شرم کی بات ہے۔
You'll degrade yourself in the eyes of the whole locality.	تم تو سارے محلّہ میں ناک کٹوالو گے۔
Why do you contradict me?	آپ میری بات کیوں کاٹتے ہیں؟
Don't make me lose my temper.	مجھے غصہ مت دلاؤ۔
Why do you stare at me?	آپ مجھے کیوں گھورتے ہیں؟
You are angry for nothing.	آپ بے کار میں غصے ہو رہے ہیں۔
Actually, it was a slip of my tongue.	اصل میں میری زبان دھوکا کھا گئی۔

Character چال چلن

Tajamal was gentleman of the highest order.	تجمل نہایت عالی ظرف انسان تھا۔
He is thorough gentleman.	وہ ازحد شریف آدمی ہے۔

To get angry is to show weakness.	غصہ کرنا کمزوری کی علامت ہے۔
He is light-hearted.	وہ نیک دل ہے۔
There is great joy in selfless service.	بے غرض خدمت میں بڑا لطف ہے۔
Neither deceive nor be deceived.	نہ دھوکا دو نہ کھاؤ۔
The virtuous alone are happy.	صرف نیک لوگ ہی پرسکون ہیں۔
Life is for others' service.	زندگی دوسروں کی خدمت کیلئے ہے۔
Don't ask anything from anybody.	کسی سے کچھ طلب نہ کرو۔
My conscience doesn't permit.	میرا ضمیر اجازت نہیں دیتا۔
She is a harlot.	وہ فاحشہ ہے۔
She always keeps on talking.	وہ ہر وقت باتیں کرتی رہتی ہے۔
She is very jealous of her sister.	وہ اپنی بہن سے حسد کرتی ہے۔
We are sure of your honesty.	ہمیں تمہاری ایمانداری پر پورا بھروسہ ہے۔
He pretends to know everything.	وہ بظاہر ایسے لگتا ہے جیسے سب کچھ جانتا ہے۔
She is very cockered.	وہ بہت لاڈلی ہے۔

Entertainment سیر و تفریح

Go and take air.	جاؤ جا کر ہوا کھاؤ۔
She will wait for you at the cinema.	وہ سینما پر تمہارا انتظار کرے گی۔
I used to go to watch a film on Sundays.	میں ہر اتوار کو پکچر جایا کرتا تھا۔
Stamp-collecting is my hobby.	ٹکٹیں جمع کرنے کا مجھے شوق ہے۔
It was a very interesting story.	یہ بڑی دلچسپ کہانی تھی۔
Is today's play worth-seeing?	کیا آج کا ڈرامہ دیکھنے کے قابل ہے؟
The oldman is a sugar-daddy.	بڑے میاں لڑکیوں کا بڑا خیال رکھتے ہیں۔

Games کھیل کود

A sound mind is a sound body.	اچھی صحت اچھے دماغ کی ضامن ہے۔
Hope you are not badly hurt.	آپ کے زیادہ چوٹ تو نہیں آئی؟
The trial ball is over.	آزمائشی گیند پھینکی جا چکی ہے۔
I am flying a kite.	میں پتنگ اڑا رہا ہوں۔
We'll play chess today.	آج ہم شطرنج کھیلیں گے۔
Shahid scored a century at Lahore.	شاہد نے لاہور میں سنچری کی تھی۔
Who won?	کون جیتا؟
What games do you play?	تم کون سے کھیل کھیلتے ہو؟
Let's play cards.	آؤ تاش کھیلیں۔
You shuffle the cards and I'll cut.	تم پتوں کو ملاؤ، میں کاٹتا ہوں۔
Our team has won.	ہماری ٹیم جیتی ہے۔
Let's play.	چلو کھیلیں۔
Games are as important as studies.	کھیلنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا پڑھنا۔
I sprained my ankle while jumping.	چھلانگ لگاتے ہوئے میرے ٹخنے پر موچ آ گئی۔
I have set a record in high jump.	میں نے اونچی چھلانگ لگانے میں ریکارڈ قائم کیا۔
He is a fast sprinter.	وہ تیز دوڑنے والا ہے۔
Imran Khan is an international winner captain.	عمران خان ایک فاتح کپتان کے طور پر بین الاقوامی شہرت رکھتا ہے۔
Waqar was clean bowled.	وقار وکٹ آؤٹ ہو گیا۔
Akram has dropped an easy catch.	اکرم نے آسان کیچ چھوڑ دیا۔
Our school has a big playground.	ہمارے سکول کا میدان کافی بڑا ہے۔

Can I play badminton with your racket?	کیا میں بیڈمنٹن آپ کے ریکٹ سے کھیل لوں؟
Is your team also taking part in the national football tournament?	کیا تمہاری ٹیم بھی فٹ بال کے قومی مقابلے کے لئے آرہی ہے؟
A drama is going to be staged at Al-Hamra.	الحمرا میں ایک ڈرامہ ہونے والا ہے۔

Love & Praise پیار بھری تعریف

He has been a great help to me.	اس نے میری بڑی مدد کی۔
Well done! a good job.	شاباش! اہمت کا کام کیا۔
Bravo!/ Well done!	شاباش! / بہت خوب!
That's wonderful.	کمال کردیا۔
Your work is praiseworthy.	تمہارا کام قابل تعریف ہے۔
So nice of you.	تم کتنے اچھے ہو۔
He looks a real angel.	وہ تو فرشتہ صفت انسان ہے۔

Acceptance قبولیت

As you like.	جیسے آپ کی مرضی۔
This is all O.K.	یہ بالکل ٹھیک ہے۔
You are right.	آپ کا کہنا ٹھیک ہے۔
I have no objection.	مجھے کوئی اعتراض نہیں۔
It doesn't matter.	کوئی حرج نہیں۔
It will be so.	ایسا ہی ہوگا۔
I entirely agree with you.	میں آپ سے بالکل متفق ہوں۔
It's rather a matter of pleasure.	بلکہ یہ خوشی کی بات ہے۔
I'll follow your advice.	آپ کی مرضی کے مطابق میں کام کروں گا۔

I give my consent to this.	اس کے لیے میں اپنی منظوری دیتا ہوں۔
I'm not trying to impose myself on you.	میں زبردستی اپنی مرضی آپ پر ٹھونسنے کی کوشش نہیں کر رہا ہوں۔
You don't seem to agree with me.	تم مجھ سے متفق معلوم نہیں ہوتے۔

I'm Sorry مجھے افسوس ہے

I'm sorry, you have had to suffer because of me.	افسوس ہے کہ میری وجہ سے آپ کو تکلیف ہوئی۔
I'm very sorry to hear this.	مجھے یہ سن کر بڑا دکھ ہوا۔
I am very sorry for that.	میں اس کے لیے شرمندہ ہوں۔

Travel سیر و سیاحت

Please tell me the way to Bhatti.	مہربانی کر کے مجھے بھاٹی کا راستہ بتائیں۔
We have lost our way.	ہم راستہ بھول گئے ہیں۔
It's a long journey.	سفر طویل ہے۔
Please give me a single ticket to Pindi.	مہربانی کر کے پنڈی کیلئے ایک ٹکٹ دے دیں۔
Where are you staying?	آپ کہاں ٹھہرے ہوئے ہیں؟
Have you bought the ticket?	کیا آپ نے ٹکٹ لے لیا؟
Fasten the belt while seated.	نشست پر بیٹھ کر پھر پٹی باندھ لیجئے۔
Life vest is under your seat.	حفاظتی جیکٹ آپ کی سیٹ کے نیچے ہے۔
Will you go on foot or by train?	تم پیدل چلو گے یا گاڑی سے؟
How long the train stops here?	گاڑی یہاں کتنی دیر رکتی ہے؟
We'll go together.	ہم ساتھ ساتھ چلیں گے۔
When does the Chenab Express leave?	چناب ایکسپریس کس وقت جاتی ہے؟

On which platform will the train arrive?	گاڑی کس پلیٹ فارم پر آئے گی؟
How far is the railway station from here?	ریلوے سٹیشن یہاں سے کتنی دور ہے؟
Hurry up, otherwise you'll miss the train.	جلدی کیجئے ورنہ گاڑی چھوٹ جائے گی۔
When is the next flight?	اگلی پرواز کب ہے؟
It is only ten minutes walk.	پیدل تو صرف دس منٹ کا راستہ ہے۔
I'm going to the station to receive them.	میں انہیں لینے سٹیشن جا رہا ہوں۔
Flight has landed.	پرواز اتر چکی ہے۔
The road is closed for repairing.	سڑک مرمت کے لئے بند ہے۔
Flight has taken off.	پرواز اڑ چکی ہے۔
They couldn't catch the train.	وہ گاڑی پر نہ چڑھ سکے۔
The front wheel has less air.	اگلے پہیئے میں ہوا کم ہے۔
The tyre of the car burst.	موٹر کا ٹائر پھٹ گیا۔
I'm fond of cycling.	میں سائیکل چلانے کا شوقین ہوں۔
The booking office is open round the clock.	ٹکٹ گھر دن رات کھلا رہتا ہے۔
I'll accompany you to the station.	میں آپ کے ساتھ سٹیشن چلوں گا۔
I want to make a reservation to Karachi for tonight.	آج رات میں کراچی کیلئے ریزرویشن کروانا چاہتا ہوں۔
My car has broken down.	میری کار خراب ہو گئی۔
I'll be in Murree next week.	میں ایک ہفتہ بعد مری میں ہوں گا۔
No crossing on the railway tracks.	ریل کی پٹڑی پر سے گزرنا منع ہے۔
There is still half an hour for the train to start.	ابھی گاڑی روانہ ہونے میں نصف گھنٹہ باقی ہے۔

Hurry up, the train stops here for a short while.	جلدی کرو' گاڑی یہاں تھوڑی دیر ہی ٹھہرتی ہے۔
The train is due at half past eleven.	گاڑی ٹھیک ساڑھے گیارہ بجے چلے گی۔
Our car got punctured on the way.	راستے میں ہماری گاڑی پنکچر ہو گئی۔
He will land in Lahore on Monday.	پیر کو وہ لاہور اترے گا۔
The porters are unloading the cargo.	قلی جہاز سے سامان اتار رہے ہیں۔
The train has reached the platform.	گاڑی پلیٹ فارم پر پہنچ چکی ہے۔
This bogey is reserved for soldiers, we are travelling by the sleeper coach.	یہ ڈبہ تو فوجیوں کا ہے' ہم تو سلیپر کوچ میں جا رہے ہیں۔
Where will you spend your summer vacations this year?	اس سال گرمیوں کی چھٹیوں میں آپ کہاں جا رہے ہیں؟
I'll go to some hill station, probably to Murree.	میں کسی پہاڑی مقام پر جاؤں گا' شاید مری۔
Which are the worth-seeing places in this city?	اس شہر میں کون کون سی جگہیں دیکھنے کے قابل ہیں؟
I would like to see Shalimar Gardens.	میں شالامار باغ دیکھنا چاہتا ہوں۔
What's the best transport to Sukkur, train or bus?	سکھر جانے کے لئے ریل مناسب ہو گی یا بس؟
Where should I stay in Lahore.	لاہور میں کہاں ٹھہرنا چاہیے؟
I liked Lahore a lot.	مجھے لاہور بہت اچھا شہر لگا۔
I want a tourist guide. Where will I get him?	مجھے ایک ٹورسٹ گائیڈ چاہیے' کہاں ملے گا؟

Nagation نامنظوری

Not at all!	نا!نا!
Impossible!	ناممکن (ہے)!
I don't think that.....	میں نہیں سمجھتا کہ......
Sorry, i can't afford it.	میں اسے برداشت نہیں کر سکتا۔
Don't do such a mischief again.	ایسی شرارت پھر نہ کرنا۔
I have no complaints.	مجھے کوئی شکایت نہیں۔
I don't want anything.	مجھے کچھ نہیں چاہیے۔
How can I do this?	یہ میں کیسے کر سکتا ہوں؟
I can't accept what you say.	میں آپ کا کہنا نہیں مان سکتا۔
You should not allow this.	تمہیں اس بات کی اجازت نہیں دینی چاہیے تھی۔
I know nothing in this connection.	میں اس بارے میں کچھ نہیں جانتا۔
Don't criticise others.	دوسروں پر تنقید نہ کرو۔
He couldn't manage to take leave.	اسے چھٹی نہ مل سکی۔
Don't be proud of your money.	اپنی دولت پر غرور نہ کرو۔
Don't be stubborn.	ضدی نہ بنو۔
Sorry, I don't have any change.	میرے پاس ریزگاری نہیں ہے۔
Sorry, I can't give you a lift.	افسوس میں آپ کو بٹھا نہیں سکتا۔

Fights, Quarrels لڑائی جھگڑا

The quarrel is settled.	جھگڑے کا فیصلہ ہو گیا۔
Now be friends.	اب ایک دوسرے سے مل جاؤ۔
Why are you losing temper?	آپ آپے سے باہر کیوں ہو رہے ہیں؟

Don't get excited.	جوش میں مت آؤ۔
Let him mediate between the two parties.	اسے دونوں طرف فیصلہ کرانے دو۔
Now settle the matter somehow.	اب کسی طرح بات کو ختم کرو۔
Beware, don't utter it again!	خبردار! اب دوبارہ نہ کہنا۔
Don't stretch the matter further.	بات کو زیادہ نہ بڑھاؤ۔
Why do you quarrel with him unnecessarily?	کیوں اس سے جھگڑا مول لیتے ہو؟
Are you in your senses?	کیا آپ کے ہوش ٹھکانے ہیں؟
You are very short-tempered.	تم بڑے چڑچڑے مزاج کے ہو۔
Go to hell./ Hell on you.	بھاڑ میں جاؤ۔
Get lost.	میری نظروں سے دور ہو جاؤ۔
He has got on my nerves.	اس نے میری ناک میں دم کر رکھا ہے۔
You'll have to mend your ways.	تمہیں اپنے آپ کو سدھارنا پڑے گا۔
How are you concerned with our affairs?	آپ کا ہماری باتوں سے کیا تعلق؟
Come what may!	جو ہو سو ہو!
What wrong have I done to you?	میں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے؟
You are nonsense.	آپ میں عقل تو نام کو نہیں۔

Lending & Borrowing قرض لینا/دینا

Will you please lend me five hundred rupees?	کیا آپ مہربانی کر کے مجھے پانچ سو روپے قرض دیں گے؟
He borrowed fifty thousand rupees.	اس نے پچاس ہزار روپے قرض لئے۔
Did you give him the loan?	کیا تم نے اسے قرض دیا؟
He owes me twenty rupees.	اس نے میرے بیس روپے دینے ہیں۔
This amount is time barred.	یہ رقم زائد المیعاد ہے۔

He is over head and ears in debt.	وہ بال بال قرضہ میں پھنسا ہوا ہے۔
I have cleared off all my debts.	میں نے تمام قرض بیباک کر دیا۔
The debtor paid the interest.	مقروض نے سود ادا کر دیا۔
This creditor does not keep proper account.	یہ قرض خواہ اپنا حساب ٹھیک نہیں رکھتا۔
I deposited money in the bank.	میں نے روپیہ بنک میں جمع کرا دیا۔
He withdrew money from the bank.	اس نے بنک سے روپیہ نکلوالیا۔
This bank does not allow more than 3 per cent interest.	یہ بنک تین فی صد سے زیادہ سود نہیں دیتا۔
The court has declared him insolvent.	عدالت نے اسے دیوالیہ قرار دیدیا ہے۔
His house was auctioned.	اس کا مکان نیلام ہو گیا۔
He has gone bankrupt.	وہ دیوالیہ ہو گیا ہے۔

Obeying the Order حکم کی تعمیل کرنا

Vacate my house.	میرا گھر خالی کر دو۔
Mind your own business.	آپ اپنا کام کریں۔
Don't fall infurious.	غصے میں مت آؤ۔
Speak politely to everybody.	سب کے ساتھ نرمی سے بولو۔
Remind me of it at the proper time.	یہ بات مجھے وقت پر یاد دلا دینا۔
Keep everything ready.	سب بندوبست کر رکھنا۔
Walk cautiously.	سنبھل کر چلنا۔
Speak the truth, don't tell a lie.	سچ کہنا، جھوٹ مت بولنا۔
Keep away from drinking.	شراب پینے سے بچو۔
Parking is not allowed here.	یہاں گاڑی کھڑی کرنا منع ہے۔
Take him round the city.	اسے سارا شہر دکھا دو۔
Wake me up at 5 O'clock.	مجھے پانچ بجے جگا دینا۔

Go and keep working steadily.	ثابت قدمی سے کام کرتے جاؤ۔
Keep to the left.	بائیں ہاتھ چلو۔
Check the accounts.	حساب کی جانچ کرلو۔
Mend your ways.	اپنے آپ کو ٹھیک کرلو۔
Draw the curtain.	پردہ اٹھادو۔
Go afterwards.	بعد میں جانا۔
Wait here till I'm back.	جب تک میں نہ آ جاؤں یہیں بیٹھے رہنا۔
Reach the station soon.	ریلوے سٹیشن پر جلدی پہنچ جاؤ۔
Come back soon.	جلدی واپس آنا۔
Trust in God and do the right.	خدا پر بھروسہ کرو اور نیکی کرو۔
Hope for good times.	اچھے وقت کی امید رکھو۔
Don't say like that.	ایسی بات نہیں کہتے۔
You may go now, I have some work to do.	اب تم جاؤ مجھے کام کرنا ہے۔
Come and see me again.	پھر کبھی آ کر ملنا۔
Respect your elders.	بڑوں کی عزت کرو۔
Please mind your own business.	اپنے کام سے کام رکھو۔
You should stay there.	تم وہیں رہنا۔
Do your own work.	اپنا اپنا کام کرو۔
Be careful about your work.	اپنا کام دھیان سے کرو۔
Hold your breath.	اپنی سانس روکو۔
Switch off the light.	بتی بجھادو۔
Send for him.	کسی کو بھیج کر اسے بلاؤ۔
Wash your hands.	اپنے ہاتھ دھولو۔
Don't delay.	دیر مت کرو۔
Don't copy others.	دوسروں کی نقل نہ کرو۔
We don't charge the patients anything.	یہاں مریضوں سے پیسہ نہیں لیا جاتا۔
I want to see a dentist.	مجھے دانتوں کے ڈاکٹر سے ملنا ہے۔

Consult an expert doctor.	کسی ماہر ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
What are the visiting hours at the hospital?	مریضوں سے ملنے کا وقت کیا ہے؟
Where is the X-ray department?	ایکسرے کے لئے کس طرف جانا ہوگا؟
Do you suffer from indigestion?	کیا تمہیں بدہضمی کی شکایت ہے؟
Where's the emergency ward?	ایمرجنسی وارڈ کس طرف ہے؟
From where will I get the medicine?	دوا کہاں سے ملے گی؟
I want to admit my brother in the hospital.	میں بھائی کو ہسپتال میں داخل کرانا چاہتی ہوں۔
Which side is the operation theatre?	آپریشن تھیٹر کس طرف ہے؟
Hamid's father died of heart failure.	حامد کا باپ حرکت قلب بند ہونے سے فوت ہوگیا۔

Encouragement حوصلہ افزائی

Everything will be settled.	سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔
You will get pleasure soon.	تم جلد خوشی پاؤ گے۔
Rest assured.	بھروسہ رکھئے۔
Don't feel nervous.	گھبراؤ مت۔
It doesn't matter.	کوئی ہرج نہیں۔
Stop worrying.	اپنی پریشانی ختم کرو۔
Don't hesitate.	ہچکچاؤ مت۔
You need not worry.	فکر کی کوئی بات نہیں۔
Hire a taxi.	کوئی کرائے کی موٹر کرلو۔
Button up your coat.	کوٹ کے بٹن بند کرو۔
Keep the fire on.	آگ بجھنے نہ دینا۔
Go and blow your nose.	جاؤ ناک صاف کرو۔
Don't fail to inform me.	مجھے اطلاع دینے سے چوکنا مت۔

Lace your shoes tightly.	بوٹ کے تسمے کس کر باندھو۔
Don't study at the cost of your health.	صحت کو بگاڑ کر مت پڑھو۔
Write a detailed letter.	تفصیل کے ساتھ خط لکھو۔
Don't do so in future.	مستقبل میں ایسا مت کرنا۔
Don't be crazy after her.	اس کے پیچھے دیوانے مت بنو۔
Beware of pick-pockets.	جیب کتروں سے ہوشیار رہو۔
Be punctual.	وقت کی پابندی کرو۔
Don't beat about the bush.	اِدھر اُدھر کی باتیں نہ کرو۔
Don't pluck the flowers.	پھول مت توڑو۔
Give up bad habits.	خراب عادتیں چھوڑ دو۔
Brush your teeth.	دانتوں میں برش کرلو۔
Don't talk nonsense.	بک بک نہ کرو۔
Arrange everything in order.	ہر چیز طریقہ سے رکھو۔
Don't be silly.	بے وقوف نہ بنو۔
Attend to the guests.	مہمانوں کی خاطر کرو۔
Don't hold up the work.	کام میں خلل نہ ڈالو۔
Be careful against your bad habits.	تمہیں اپنی بری عادتوں سے باز رہنا چاہئے۔

Disease & Patient مرض اور مریض

On which days does the heart specialist come?	ماہر قلب کس دن آتے ہیں؟
What cannot be cured must be endured.	جس دکھ کا علاج نہیں ہو سکتا اسے سہنا ہی پڑتا ہے۔
Have faith in God, misfortune will pass.	خدا پر بھروسہ رکھو خطرہ ٹل جائے گا۔
We are deeply grieved at the death of her father.	ہم اس کے والد کے انتقال پر بڑے رنجیدہ ہیں۔
We sympathise with you.	ہمیں آپ سے ہمدردی ہے۔

We are deeply grieved.	ہمیں بڑا دکھ ہے۔
May God give you strength to bear this terrible blow.	خدا تمہیں اس گہرے دکھ کو برداشت کرنے کی طاقت دے۔

Phases of Man انسانی ادوار

May I know your name?	جناب کی تعریف؟
He is just a kid.	وہ ابھی بچہ ہے۔
He looks aged.	وہ معمر لگتا ہے۔
You look younger than your age.	آپ اپنی عمر سے کم دکھائی دیتے ہیں۔
Our elder brother lives separately.	ہمارے بڑے بھائی الگ رہتے ہیں۔
Are your older than me?	کیا آپ مجھ سے بڑے ہیں؟
I am unmarried.	میں غیر شادی شدہ ہوں۔
I am a confirmed bachelor.	میں عمر بھر کنوارہ رہوں گا۔
He has grey hair.	ان کے بال سفید ہیں۔
Does she dye her hair?	کیا وہ اپنے بالوں میں خضاب لگاتی ہے؟
Do you have a joint family?	کیا آپ کا مشترکہ خاندان ہے؟
You are younger than me.	آپ مجھ سے چھوٹے ہیں۔
She has only four daughters.	اس کی صرف چار لڑکیاں ہیں۔
It's not manly to cry like children.	بچوں کی طرح رونا مردوں کا کام نہیں۔

Attending A Wedding ویر میرا گھوڑی چڑھیا

Where has the barat come from?	بارات کہاں سے آئی ہے؟
Where'll the barat be going?	بارات کہاں جائے گی؟
Do you have the dowry system?	کیا آپ لوگوں میں جہیز کی رسم ہے؟
The wedding party was a fun.	شادی کی دعوت بہت اچھی رہی۔
Please accept this small gift.	مہربانی کر کے یہ تحفہ قبول کریں۔

Assuage اظہار ہمدردی اور غمگساری

You need not worry.	آپ فکر نہ کریں۔
Console him.	اسے دلاسا دو۔
Who can fight against the fate!	قسمت سے کون لڑ سکتا ہے۔
It was God's will.	خدا کی یہی مرضی تھی۔
I'm proud of you.	مجھے آپ پر رشک ہے۔
Don't be scared.	ڈرو مت۔
You can ask me if there is any difficulty.	کوئی مشکل ہو تو پوچھیے۔
Take whatever you need.	جس چیز کی ضرورت ہو لے جانا۔
I'm not bothered about it.	مجھے اس کی پرواہ نہیں۔
Don't worry about me.	میری فکر نہ کریں۔
There is nothing to fear.	ڈرنے کی کوئی بات نہیں۔
What's bothering you?	تمہیں غم کس بات کا ہے؟

Agree اتفاق

He agreed to go with me.	وہ میرے ساتھ جانے پر رضامند ہو گیا۔
i agree with you.	مجھے آپ کے ساتھ اتفاق ہے۔
They agreed among themselves.	وہ آپس میں راضی ہو گئے۔

Attend توجہ کرنا

He does not attend to his business.	وہ اپنے کام میں توجہ نہیں دیتا۔
What doctor attends him?	کونسا ڈاکٹر اس کا علاج کرتا ہے؟
He does not attend the class.	وہ جماعت میں حاضر نہیں ہوتا۔
He was attended by his servant.	اس کا نوکر اس کی خدمت میں تھا۔

Charge الزام/اجرت

What will you charge for this box?	اس صندوق کا کیا لو گے؟
He is charged with stealing.	اس پر چوری کا الزام ہے۔
He charged from me Rs. 400.	اس نے مجھ سے چار سو روپے وصول کیے۔
The gun was charged.	بندوق بھری ہوئی تھی۔

Examine معائنہ/جرح/امتحان

He examined the building.	اس نے عمارت کو غور سے دیکھا۔
The teacher examined the boy.	استاد نے لڑکے کا امتحان لیا۔
He was examined by the police.	پولیس نے اس سے سوال کیے۔
He was cross-examined by the pleader.	وکیل نے اس پر جرح کی۔

Excuse معذرت/معافی

Excuse me, please.	مہربانی کر کے مجھے معاف کر دیں۔
He excused him for being late.	اس نے اس کی دیر کو درگزر کیا۔
It is not a good excuse.	یہ کوئی اچھا بہانہ نہیں۔

Fault نقص/غلطی/قصور

It is your fault.	یہ تمہارا قصور ہے۔
There is a fault in the engine.	انجن میں نقص ہے۔
He is finding fault with his servants.	وہ اپنے نوکروں پر نکتہ چینی کرتا رہتا ہے۔

Mind ذہن/خیال

An idea came to his mind.	اس کے دل میں ایک خیال آیا۔

You should bear this in mind.	تمہیں یہ خیال رکھنا چاہیے۔
It had gone out of my mind.	مجھے یہ بالکل بھول گیا تھا۔
He made up his mind.	اس نے ارادہ کیا۔
He has gone out of his mind.	وہ پاگل ہو گیا ہے۔
Who will mind the business?	کام کی نگرانی کون کرے گا؟
Mind your own business.	اپنی بھلی نبا ہو۔
I don't mind the cold.	مجھے سردی کی کچھ پروا نہیں۔

Regard احترام/پرواہ/نگرانی

It does not regard me.	یہ میرے متعلق نہیں۔
He has no regard for his uncle.	وہ اپنے چچا کی عزت نہیں کرتا۔
I regard him as my enemy.	میں اسے اپنا دشمن خیال کرتا ہوں۔
Some people act without any regard.	بعض آدمی بغیر کسی خیال یا لحاظ کے کام کرتے ہیں۔
Give him my regards.	اسے میرا اسلام کہو۔
As regards money, he has nothing.	جہاں تک روپے پیسے کا تعلق ہے اس کے پاس کچھ نہیں۔

Support تائید/مدد/سہارا

He is supported by his uncle.	اس کا خرچ اس کا چچا دے رہا ہے۔
He was supporting himself with a stick.	اس نے لاٹھی کا سہارا لے رکھا تھا۔
He has a large family to support.	اسے ایک بڑے کنبے کو پالنا پڑتا ہے۔
Nobody supports the poor.	غریب آدمی کی کوئی مدد نہیں کرتا۔
He can stand without a support.	وہ بغیر سہارے کے کھڑا ہو سکتا ہے۔
I will support you in the meeting.	میں جلسے میں تمہاری تائید کروں گا۔

......☆......

Miscellaneous Sentences

1. Important Sentences for Salutation

سلام کے آداب

This Chapter contains some inportant rules regarding salutation in English. To learn English Conversation, it is essential that you should learn the rules of salutation in English.

If you want to converse fluently in English, it is very necessary to learn the proper words for salutations. In English, it is customary to use different forms of salutations for different timings during the day.

اس باب میں انگریزی زبان میں کسی کو سلام کرنے' جواب دینے' خیریت دریافت کرنے اور اجازت چاہنے وغیرہ کے لیے استعمال ہونے والے جملے دیے گئے ہیں۔ اگر آپ انگریزی میں گفتگو کرنا چاہتے ہیں تو ان جملوں کو بغور پڑھیے اور یہ بھی دیکھیے کہ دن اور رات کے مختلف اوقات میں مختلف الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔

For your convenience we are giving below a list of salutations in English with the time period during which they are used.

☆ دن رات کے مختلف حصوں میں سلام کرنے کے لیے درج ذیل الفاظ استعمال ہوتے ہیں:

Meeting Salutations	Time Period		
Good morning	After 12.00 midnight to 12.00 noon	رات بارہ بجے کے بعد سے دوپہر بارہ بجے تک	گڈ مارننگ
Good noon	At 12.00 noon	دوپہر بارہ بجے	گڈ نون
Good afternoon	After 12.00 noon to 5.00 p.m.	دوپہر بارہ بجے سے شام پانچ بجے تک	گڈ آفٹرنون
Good evening	From 5 p.m. to 12.00 midnight	شام پانچ بجے سے رات بارہ بجے تک	گڈ ایوننگ
Good day/Hello	Any time of the day	دن کے کسی بھی حصے میں	گڈ ڈے/ ہیلو
How do you do!	Any time of the day	دن کے کسی بھی حصے میں	ہاؤ ڈو یو ڈو

How are you!	Any time of the day	دن کے کسی بھی حصے میں	ہاؤ آر یو

Parting Salutations

☆ اجازت چاہنے٬ رخصت ہونے کے وقت یہ الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں:

Good night/ Sweet dreams	From 5 p.m. to 12.00 midnight	شام پانچ بجے سے رات بارہ بجے تک	گڈ نائٹ / سویٹ ڈریمز
Bye bye/ See you again	Any time of the day	دن کے کسی بھی حصے میں	گڈ ڈے / گڈبائی
Farewell	Any time of the day	دن کے کسی بھی حصے میں	بائے بائے

The following Conversation contains important English sentences for salutation in a dialogue form for your practice. You should learn these sentences thoroughly so that you can use them in your speech and writing in your daily life.

ذیل میں دیے گئے گفتگو کے نمونے میں سلام کرنے اور رخصت ہونے وغیرہ کو مکالمے کی شکل میں پیش کیا گیا ہے تاکہ آپ انہیں بآسانی سمجھ سکیں اور اپنی گفتگو اور تحریر میں استعمال کرسکیں۔

Conversation

Mateen: Good morning, Daddy.
گڈ مارننگ ڈیڈی!
متین: صبح بخیر ابا جان!

Daddy: Good morning, my son.
گڈ مارننگ٬ مائی سن۔
ابا جان: صبح بخیر بیٹا۔

Javed: Good morning,dear brother.
گڈ مارننگ٬ ڈیئر برادر!
جاوید: صبح بخیر پیارے بھائی!

Mateen: Good morning, Javed.
گڈ مارننگ٬ جاوید۔
متین: صبح بخیر جاوید۔

Zara: Good morning, Mummy.
گڈ مارننگ٬ ممی!
زارا: صبح بخیر امی جان!

Mummy: Good morning, my daughter.
گڈ مارننگ٬ مائی ڈاٹر۔
امی: صبح بخیر بیٹا۔

Mateen: Good morning, Mummy.
گڈ مارننگ٬ ممی!
متین: صبح بخیر امی جان!

Mummy: Good morning, my son.
گڈ مارننگ' مائی سن۔
امی: صبح بخیر بیٹا۔

Mateen: Good noon, Sir.
گڈ نون' سر
متین: دوپہر کا سلام' استاد جناب

Teacher: Good noon, Mateen
گڈ نون' متین۔
استاد: دوپہر کا سلام' متین۔

Javed: Good morning, friend.
گڈ مارننگ' فرینڈ۔
جاوید: صبح بخیر' دوست۔

Friend: Good morning, Javed.
گڈ مارننگ' جاوید۔
دوست: صبح بخیر' جاوید۔

Javed: Good afternoon, Mateen.
گڈ آفٹر نون' متین۔
جاوید: دوپہر کا سلام' متین۔

Mateen: Good afternoon, Javed.
گڈ آفٹر نون' جاوید۔
متین: دوپہر کا سلام' جاوید۔

Javed: Good evening, Mummy.
گڈ ایوننگ' ممی!
جاوید: شام بخیر' امی جان!

Mummy: Good evening, my son.
گڈ ایوننگ' مائی سن۔
امی: شام بخیر' بیٹے۔

Mateen: Good evening, Mummy.
گڈ ایوننگ' ممی!
متین: شام بخیر' امی جان!

Mummy: Good evening, my son.
گڈ ایوننگ' مائی سن۔
امی: شام بخیر' بیٹا۔

Mateen: I'm going to sleep, Daddy.
آئی ایم گوئنگ ٹو سلیپ' ڈیڈی۔
متین: ابا جان! میں سونے کے لیے جا رہا ہوں۔

Daddy: O.K. Mateen.
او کے' متین۔
ابا: ٹھیک ہے' متین۔

Mateen: Good night, Daddy.
گڈ نائٹ' ڈیڈی۔
متین: شب بخیر' ابا جان۔

Daddy: Good night, my son.
گڈ نائٹ' مائی سن۔
ابا: شب بخیر' بیٹا۔

Clerk: Sir, I'm going.
سر' آئی ایم گوئنگ۔
کلرک: جناب میں جا رہا ہوں۔

Officer: O.K. You can go.
او کے' یو کین گو۔
افسر: ٹھیک ہے' تم جا سکتے ہو۔

Clerk: Good night, Sir.
گڈ نائٹ' سر۔
کلرک: شب بخیر جناب۔

Officer: Good night.
گڈ نائٹ۔
افسر: شب بخیر۔

Mateen: Good day to you.
گڈ ڈے ٹو یو۔
متین: تمہارے لیے ایک اچھے دن کی تمنا کرتا ہوں۔

Javed: Very good day to you, Mateen.
وری گڈ ڈے ٹو یو' متین۔
جاوید: تمہارے لیے ایک بہت اچھے دن کی خواہش کرتا ہوں۔

Mateen: Now I'll take leave of you, Bye bye.
ناؤ آئی ول ٹیک لیو آف یو' بائے بائے۔
متین: اب میں تم سے اجازت چاہوں گا۔ خدا حافظ۔

Javed: O.K., see you again.
او کے' سی یو اگین۔
جاوید: ٹھیک ہے' تم سے پھر ملاقات ہوگی۔

Mateen: Hello, Javed.
ہیلو' جاوید۔
متین: کیا حال ہے / کیسے ہو' جاوید۔

Javed: Hello, Mateen.
ہیلو' متین۔
جاوید: تم کیسے ہو' متین۔

Mateen: How're you, Javed?
ہاؤ آر یو' جاوید؟
متین: جاوید! کیا حال احوال ہیں؟

Javed: How do you do, Mateen?
ہاؤ ڈو یو ڈو' متین؟
جاوید: کیا ہو رہا ہے / کیسے ہو' متین؟

Mateen: I'm quite well. Thank you. What about you?
آئی ایم کوائٹ ویل' تھینک یو' وٹ اباؤٹ یو؟
متین: میں بالکل ٹھیک ہوں۔ تم سناؤ؟

Javed: I'm also all right. Thank you.
آئی ایم آل سو آل رائٹ۔ تھینک یو۔
جاوید: میں بھی بالکل ٹھیک ہوں۔ شکریہ۔

2. Important Sentences Denoting Etiquettes and Manners

آداب واطوار

This Chapter contains some important rules regarding etiquettes and manners in English. In English,there are many words and expressions denoting etiquttes and manners. Words denoting etiquettes and manners are very important to a speaker of English language, and are used very extensively in every walk of life. We often need to use them in our daily life.

اس باب میں انگریزی زبان کے آداب واطوار کی وضاحت کی گئی ہے۔ انگریزی میں مختلف مواقع پر مختلف آداب کا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ آداب ہماری روزمرہ زندگی میں کثرت سے استعمال ہوتے ہیں اور ان کا سمجھنا اور صحیح استعمال انگریزی میں روانی پیدا کرنے کے لیے بہت ضروری ہے۔

Given below is a list of some words, phrases,and sentences denoting etiquettes and manners with proper explanations as to when and how to use them.

ذیل میں ان آداب کے لیے استعمال کیے جانے والے الفاظ اور ان کے استعمال کی وضاحت کی گئی ہے۔

If you want to take something from someone, or enquiré a person of something,you should use *Please*.

اگر آپ کسی سے کچھ لینا چاہتے ہیں تو "پلیز" کا استعمال کریں۔ (یعنی براہ مہربانی)

If someone gives you something or does a favour to you, you should say to that person *Thanks* or *Thank you*. On such occasions you can also use sentences like: *I am very grateful to you, it is very kind of you, So nice of you. Bundle of thanks* etc.

اگر کوئی آپ کو کچھ دیتا ہے یا آپ کی حمایت کرتا ہے یا آپ کے کسی کام آتا ہے تو "تھینکس" یا "تھینک یو" کا استعمال کیا جاتا ہے (یعنی شکریہ یا آپ کا شکریہ) ایسے موقع پر اس طرح کے جملے بھی استعمال ہوتے ہیں: آئی ایم ویری گریٹ فل ٹو یو (میں آپ کا شکر گزار ہوں)' اٹ از ویری کائنڈ آف یو (آپ کی بڑی عنایت / مہربانی ہے) سو نائس آف یو بنڈل آف تھینکس وغیرہ۔

If unknowingly you collide with a person or hurt someone or do something wrong to a person,you should say *Sorry*, or *I am sorry*.

اگر آپ لاعلمی میں کسی سے ٹکرا جائیں یا کسی کا نقصان کر بیٹھیں یا کوئی غلطی کر ڈالیں تو آپ "سوری" یا "آئی ایم سوری" (مجھے بہت افسوس ہے' میں معذرت چاہتا ہوں) کا استعمال کریں۔

If a person says *"Sorry"* for the wrong done by him, you should say *Never mind*.

اگر کوئی شخص آپ سے سوری (یعنی اظہار ندامت کرے) کہے تو آپ کو "نیور مائینڈ" (یعنی کوئی بات نہیں) کہنا چاہیے۔

If you want to leave a gathering or a meeting, or if you want to ask your way through a crowd, you should say *Excuse me*.

اگر آپ کسی محفل یا مجلس سے رخصت ہونا چاہیں یا کسی سے کوئی بات پوچھنا چاہیں تو "ایکس کیوزمی" (معذرت چاہتا ہوں) کے الفاظ استعمال کریں۔

If you are unable to understand the words spoken by a person or what a person is saying, and if you want him to repeat the same for you, you should say *Pardon*, or *I beg your pardon*. That person will understand that you want him to repeat his words.

اگر آپ کسی کی بات نہ سمجھ سکیں اور یہ چاہیں کہ وہ شخص اپنے الفاظ دہرائے تو آپ کو "پارڈن" یا "آئی بیگ یور پارڈن" (یعنی معافی چاہتا ہوں) کے الفاظ استعمال کرنا چاہئیں۔ اس طرح دوسرا شخص سمجھ جائے گا کہ اسے اپنی بات دہرانی چاہیے تاکہ آپ اسے سمجھ سکیں۔

If a person says *"Thanks"* to you for something, you should say *Welcome* or *No mention* or *Mention not*. On such occasions you can also say *It is all right*, or *Never mind*.

اگر کوئی شخص آپ کو تھینکس کہے (یعنی آپ کا شکریہ ادا کرے) تو آپ کو "ویل کم" یا "نومینشن / مینشن ناٹ" کے الفاظ استعمال کرنا چاہئیں (یعنی کوئی بات نہیں / یہ کوئی مسئلہ نہیں / پروانہ کریں وغیرہ) ایسے مواقع پر آپ "اٹ از آل رائٹ" یا "نیور مائنڈ" بھی کہہ سکتے ہیں (یعنی ٹھیک ہے۔ تردد نہ کریں)۔

If a person wants to accompany you or desires to come to your house, you should respect his wish by saying, *Welcome* or *You are most welcome*.

اگر کوئی آپ کا ساتھ دینا چاہے یا آپ کے گھر آنے کی خواہش کرے تو کہا جاتا ہے "ویل کم" یا "یو آر موسٹ ویل کم" (یعنی خوش آمدید یا چشم ما روشن، دل ماشاد)۔

If a person seeks your help or wants something from you, you should say *With great pleasure*.

اگر کوئی آپ سے مدد کا خواہاں ہو یا آپ سے کچھ لینا چاہے تو کہا جاتا ہے "ود گریٹ پلیژر" (یعنی بسر و چشم / بڑی خوشی کے ساتھ)۔

If someone offers you something but you do not want to take that, you should say *No, thanks*.

اگر کوئی آپ کو کچھ دینا چاہے لیکن آپ قبول نہ کرنا چاہتے ہوں تو کہیں "نو تھینکس" (یعنی جی نہیں، شکریہ)۔

If you want to say *"First you"* to a lady or any other person, or if you want to say *"Please enter before me"*, or *"Serve yourself first"*, etc. you should say *After you* .

اگر آپ کسی سے یہ کہنا چاہتے ہوں کہ "پہلے آپ" یا کسی خاتون سے یہ کہنا چاہتے ہوں کہ "پہلے آپ داخل ہوں" تو اس کے لیے کہا جاتا ہے: "سرو یور سیلف فرسٹ" (یعنی پہلے آپ) یا یوں کہیں: "آفٹر یو" (یعنی آپ کے بعد)

If you are introduced to a person, you should say *I am glad to meet you*, or *I am pleased to see you* .

اگر آپ کسی سے متعارف ہوتے ہیں تو کہیں: "آئی ایم گلیڈ ٹو میٹ یو"۔ (یعنی آپ سے مل کر خوشی ہوئی) یا "آئی ایم پلیزڈ ٹو سی یو" (یعنی آپ کو دیکھ کر اور مل کر خوشی ہوئی)۔

The following Conversation contains important English sentences denoting etiquettes and manners in a dialogue form for your practice.

ذیل کی گفتگو میں ان آداب کا استعمال بتایا گیا ہے تا کہ آپ انہیں اچھی طرح ذہن نشین کر سکیں اور انکے استعمال سے بخوبی واقف ہو سکیں۔

Conversation

Ali: Hello, How do you do?
ہیلو ہاؤ ڈو یو ڈو؟
علی: ہیلو تمہارا کیا حال ہے؟

Maria: Hello I'm fine. Thank you. How're you?
ہیلو آئی ایم فائن۔ تھینک یو۔ ہاؤ آر یو؟
ماریہ: ہیلو میں ٹھیک ہوں۔ شکریہ۔ تم کیسے ہو؟

Ali: I'm very glad to see you.
آئی ایم وری گلیڈ ٹو سی یو۔
علی: مجھے تمہیں دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔

Maria: I'm also pleased to meet you.
آئی ایم آل سو پلیزڈ ٹو میٹ یو۔
ماریہ: مجھے بھی تمہیں مل کر خوشی ہوئی۔

Ali: I'm very sorry that I couldn't meet you yesterday.
آئی ایم وری سوری دیٹ آئی کڈ ناٹ میٹ یو یسٹرڈے۔
علی: مجھے بہت افسوس ہے کہ میں گذشتہ روز تمہیں نہیں مل سکا۔

Maria: It's all right,my dear.Don't bother about it.
اٹس آل رائٹ۔ مائی ڈیئر۔ ڈونٹ بودر اباؤٹ اٹ۔
ماریہ: ٹھیک ہے (کوئی بات نہیں) عزیزمن۔ کچھ فکر نہ کرو۔

Ali: May I accompany you to the market, Maria?
مے آئی اکمپنی یو ٹو دی مارکیٹ، ماریہ؟
علی: ماریہ! کیا میں تمہارے ساتھ مارکیٹ چلوں؟

Maria: You're most welcome, Ali.
یو آر موسٹ ویل کم علی۔
ماریہ: بصد شوق، علی۔

Ali: May I use your pen, please?
مے آئی یوز یور پین پلیز؟
علی: کیا میں تمہارا قلم استعمال کرسکتا ہوں (اگر تمہاری عنایت ہو)؟

Maria: With great pleasure.
ود گریٹ پلیژر۔
ماریہ: بڑے شوق سے ضرور۔

Ali: Pardon me for not meeting you yesterday.
پارڈن می فار ناٹ میٹنگ یو یسٹر ڈے۔
علی: میں کل تمہیں نہ ملنے پر معذرت چاہتا ہوں۔

Maria: No mention, please.
نو مینشن، پلیز۔
ماریہ: کوئی بات نہیں (تمہاری عنایت ہے)۔

Ali: I'm really grateful to you for this act of kindness on your part.
آئی ایم ریئلی گریٹ فل ٹو یو فار دس ایکٹ آف کائنڈنیس آن یور پارٹ
علی: میں تمہاری اس مہربانی پر تمہارا شکر گزار ہوں۔

Maria: It's my privilege.
اِٹس مائی پریویلج۔
ماریہ: تمہارے الفاظ میرے لیے اعزاز ہیں۔

Ali: How did you like my birthday gift?
ہاؤ ڈڈ یو لائک مائی برتھ ڈے گفٹ؟
علی: کیا تمہیں میری طرف سے سالگرہ کا تحفہ پسند آیا؟

Maria: I'm highly thankful to you for giving me such a beautiful gift.
آئی ایم ہائلی تھینک فل ٹو یو فار گوونگ می سچ اے بیوٹی فل گفٹ۔
ماریہ: میں اس قدر خوبصورت تحفے کے لیے تمہاری ممنون ہوں۔

Ali: Please give me your notebook.
پلیز گو می یور نوٹ بک۔
علی: براہ مہربانی، مجھے اپنی نوٹ بک دے دو۔

Maria: Here it is, please have it.
ہیر اٹ از، پلیز ہیو اٹ۔
ماریہ: یہ رہی، یہ لو ضرور لو۔

Ali: Kindly excuse me for spoiling your notebook.
کائنڈلی ایکس کیوز می فار سپائلنگ یور نوٹ بک۔
علی: ازراہِ کرم اپنی نوٹ بک خراب کرنے پر مجھے معاف کردو۔

Maria: Don't mind it. It was an old notebook.
ڈونٹ مائنڈ اِٹ۔ اِٹ واز این اولڈ نوٹ بک۔

ماریہ: کوئی بات نہیں۔ یہ تو ویسے بھی ایک پرانی نوٹ بک تھی۔

Ali: Could you come to my office in the evening?
کڈ یو کم ٹو مائی آفس ان دی ایوننگ؟

علی: کیا تم شام میرے دفتر آسکو گی؟

Maria: I shall be glad to meet you.
آئی شیل بی گلیڈ ٹو میٹ یو۔

ماریہ: مجھے تم سے مل کر خوشی ہو گی۔

Ali: Pleasure is mine.
پلیزر راز مائن۔

علی: مجھے بھی۔

Maria: I'd done your work yesterday.
آئی ہیڈ ڈن یُور ورک یسٹر ڈے۔

ماریہ: میں نے کل تمہارا کام کر دیا تھا۔

Ali: I'm highly obliged to you.
آئی ایم ہائلی اوبلائجڈ ٹو یو۔

علی: میں تمہارا بہت ممنون ہوں۔

Maria: I'vd brought your magazines back.
آئی ہیو براٹ یُور میگزینز بیک۔

ماریہ: میں تمہارے رسالے واپس لے آئی ہوں۔

Ali: It's very kind of you.
اِٹس ویری کائنڈ آف یو۔

علی: یہ تمہاری نوازش ہے۔

Maria: I've recommended your name to my father.
آئی ہیو ریکمنڈڈ یُور نیم ٹو مائی فادر۔

ماریہ: میں نے اپنے والد سے تمہاری سفارش کی ہے۔

Ali: It's very nice of you.
اِٹس ویری نائس آف یو۔

علی: یہ تمہاری کرم نوازی ہے۔

Maria: In reality, I'm obliged to you for ever..
ان ری ایلٹی آئی ایم اوبلائجڈ ٹو یو فار ایور۔

ماریہ: حقیقت یہ ہے کہ میں تمہاری بہت شکر گزار ہوں۔

Ali: No mention, please.
نو مینشن، پلیز۔

علی: کوئی بات نہیں / چھوڑو یہ ذکر۔

Maria: I'm sorry that I'd taken your pen when we met last.
آئی ایم سوری دیٹ آئی ہیڈ ٹیکن یُور پین وین وی میٹ لاسٹ۔

ماریہ: مجھے افسوس ہے کہ گذشتہ ملاقات پر میں تمہارا قلم لے گئی تھی۔

Ali: Never mind, please. There's no problem.
نیور مائنڈ، پلیز۔ دیئر از نو پرابلم۔
علی: کوئی بات نہیں۔ یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

Maria: Would you like to have dinner with me today?
وڈ یو لائک ٹو ہیو ڈنر ودمی ٹوڈے؟
ماریہ: کیا تم آج رات کا کھانا میرے ساتھ کھانا پسند کرو گے؟

Ali: I'm sorry. I'm busy with my friends in the evening.
آئی ایم سوری۔ آئی ایم بزی ود مائی فرینڈز ان دی ایوننگ۔
علی: میں معذرت خواہ ہوں۔ آج شام میری اپنے دوستوں کے ساتھ کچھ مصروفیت ہے۔

Maria: Please serve yourself.
پلیز سرو یور سیلف۔
ماریہ: ازراہِ کرم آپ لیجیے۔

Ali: After you.
آفٹر یو۔
علی: جی نہیں پہلے آپ (آپ کے بعد)۔

Maria: I've brought this pen for you.
آئی ہیو براٹ دس پین فار یو۔
ماریہ: میں تمہارے لیے یہ قلم لائی ہوں۔

Ali: Thank you.
تھینک یو۔
علی: شکریہ / تمہارا شکریہ۔

Maria: Yesterday you were rude to me.
ییسٹرڈے یو ورروڈ ٹو می۔
ماریہ: کل میرے ساتھ تمہارا رویہ درشت تھا۔

Ali: I'm sorry for my behaviour.
آئی ایم سوری فار مائی بی ہیویئر۔
علی: میں اپنے رویے پر معافی کا خواستگار ہوں۔

Maria: Excuse me. I want to go.
ایکس کیوز می۔ آئی وانٹ ٹو گو۔
ماریہ: معاف کیجیے گا۔ میں جانا چاہتی ہوں۔

Ali: Please wait for another five minutes.
پلیز ویٹ فار این ادر فائیو منٹس۔
علی: براہ مہربانی مزید پانچ منٹ انتظار کر لیجیے۔

Maria: I beg your pardon.
آئی بیگ یور پارڈن۔
ماریہ: (معاف کیجیے گا) میں آپ کی بات نہیں سمجھی۔

Ali: Please wait for five minutes more.
پلیز ویٹ فار فائیو منٹس مور۔
علی: براہ مہربانی پانچ منٹ مزید انتظار فرمائیے۔

Maria: Thank you for helping me.
تھینک یو فار ہیلپنگ می۔
ماریہ: میری مدد کرنے پر آپ کا شکریہ۔

Ali: No mention, please.
نو مینشن، پلیز۔
علی: تردد نہ کریں / تکلف نہ کریں / کوئی بات نہیں۔

Maria: Would you like a coke?
وڈ یو لائک اے کوک؟
ماریہ: کیا آپ ایک کوک (پینا) پسند فرمائیں گے؟

Ali: No, thanks.
نو تھینکس۔
علی: جی نہیں! شکریہ۔

3. Use of 'is', 'are', 'am' (to be) in Model Sentences
نمونے کے جملوں میں is, are, am (to be) کا استعمال

In this Chapterthe use of *is, are, am* is shown in moden English sentences.

اس باب میں is, are اور am کا استعمال نمونے کے انگریزی جملوں میں واضح کیا گیا ہے۔

In Affirmative sentences, *is* is used with *he, she it;* and singular subject are is used with you, *they we;* and plurals subject and *am* is used with *I*.

ایجابیہ: جملوں میں is کو he, she، itاور واحد فاعل کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے جبکہ are کو they, she, he، weاور جمع فاعل کے ساتھ اور am کو I کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

In Negative sentences, *is, are* and *am* are followed by *not*.

منفی: جملوں میں is, are اور am کے بعد not استعمال ہوتا ہے۔

In Interrogative sentences,the verbs *is, are* and *am* precede the subject and are put at the beginning of the sentence.

استفہامیہ (سوالیہ): جملوں میں فعل is, are اور am فاعل سے پہلے آتے ہیں اور ان کو جملوں کے آغاز میں استعمال کیا جاتا ہے۔

In Negative Interrogative sentences also *not* is used with *is, are* and *am*. Such sentences can be written in to way; e.g.

Is Rani *not* her daughter?
or *Isn't* Rani her daughter?

منفی استفہامیہ: جملوں میں بھی not کو is, are اور am کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ ان جملوں کو

مندرجہ بالا دونوں طریقوں سے لکھا جا سکتا ہے۔

The following Conversation denotes the use of *is*, *are* and *am* (to be) in model English sentences given in a dialogue form for your practice. You should study these sentences carefully and learn the principles governing them thoroughly so that you can use them in your speech and writing in your daily life.

ذیل میں دی گئی نمونے کی گفتگو میں is، are اور am (to be) کا استعمال آپ کی مشق کے لیے دیا جا رہا ہے۔ آپ [illegible]ور پڑھیں اور اسکے ساتھ ساتھ مندرجہ بالا اصول بھی ذہن میں رکھیں تا کہ آپ انہیں اپنی روزمرہ گفتگو اور تحریر میں استعمال کر سکیں۔

Conversation

Asif: He *is* my brother.
آصف: وہ میرا بھائی ہے۔
ہی از مائی برادر۔

Raza: She *is* my sister.
رضا: وہ میری بہن ہے۔
شی از مائی سسٹر۔

Asif: It *is* my house.
آصف: یہ میرا مکان ہے۔
اِٹ از مائی ہاؤس۔

Raza: This *is* my car.
رضا: یہ میری کار ہے۔
دس از مائی کار۔

Asif: They *are* going today.
آصف: وہ آج جا رہے ہیں۔
دے آر گوئنگ ٹوڈے۔

Raza: You *are* a businessman.
رضا: تم ایک بزنس مین (تاجر / کاروباری آدمی) ہو۔
یو آر اے بزنس مین۔

Asif: I *am* your partner.
آصف: میں تمہارا شراکت دار ہوں۔
آئی ایم یور پارٹنر۔

Raza: We *are* honest businessmen.
رضا: ہم دیانتدار بزنس مین ہیں۔
وی آر آنسٹ بزنس مین۔

Asif: I *am* late today.
آصف: آج مجھے تاخیر (دیر) ہو گئی ہے۔
آئی ایم لیٹ ٹوڈے۔

Raza: His mother *is* a teacher.
رضا: اس کی والدہ ایک معلمہ ہیں (ہے)۔
ہز مدر از اے ٹیچر۔

Asif: Her mother *is* a doctor.
ہر مدر اِز اے ڈاکٹر۔
آصف: اس کی والدہ ایک ڈاکٹر ہیں (ہے)۔

Raza: This train *is* in motion.
دس ٹرین اِز اِن موشن۔
رضا: یہ ریل گاڑی حرکت کر رہی ہے۔

Asif: That house *is* on sale.
دیٹ ہاؤس اِز آن سیل۔
آصف: یہ مکان برائے فروخت ہے۔

Raza: That car *is* now out of order.
دیٹ کار اِز ناؤ آؤٹ آف آرڈر۔
رضا: وہ گاڑی اب خراب (ہوچکی) ہے۔

Asif: That tree *is* on fire.
دیٹ ٹری اِز آن فائر۔
آصف: اس درخت کو آگ لگی ہوئی ہے۔

Raza: My friend *is* a good singer.
مائی فرینڈ اِز اے گڈ سنگر۔
رضا: میرا دوست ایک اچھا گلوکار ہے۔

Asif: This colour *is* not fast.
دس کلر اِز ناٹ فاسٹ۔
آصف: یہ رنگ پکا نہیں ہے۔

Raza: My relatives *are not* here.
مائی ریلے ٹیوز آر ناٹ ہیئر۔
رضا: میرے رشتہ دار یہاں نہیں ہیں۔

Asif: I *am not* his friend.
آئی ایم ناٹ ہز فرینڈ۔
آصف: میں اس کا دوست نہیں ہوں۔

Raza: *Is* she your friend?
اِز شی یور فرینڈ؟
رضا: کیا وہ تمہاری دوست ہے؟

Asif: *Is* your brother in office?
اِز یور برادر اِن آفس؟
آصف: کیا تمہارا بھائی دفتر میں ہے؟

Raza: *Is* it a good camera?
اِز اٹ اے گڈ کیمرا؟
رضا: کیا یہ ایک اچھا کیمرا ہے؟

Asif: *Are* they good cricket players?
آر دے گڈ کرکٹ پلیئرز؟
آصف: کیا وہ کرکٹ کے اچھے کھلاڑی ہیں؟

Raza: You *are* a good singer.
یو آر اے گڈ سنگر۔
رضا: تم ایک اچھے گلوکار ہو۔

Asif: *Am* I your partner?
ایم آئی یور پارٹنر؟
آصف: کیا میں تمہارا شراکت دار ہوں؟

Raza: *Is* he *not* a photographer?
از ہی ناٹ اے فوٹوگرافر؟
رضا: کیا وہ ایک فوٹوگرافر نہیں ہے؟

Asif: *Is* Rani *not* your sister?
از رانی ناٹ یور سسٹر؟
آصف: کیا رانی تمہاری بہن نہیں ہے؟

Raza: *Is* he *not* your fast friend?
از ہی ناٹ یور فاسٹ فرینڈ؟
رضا: کیا وہ تمہارا گہرا دوست نہیں ہے؟

Asif: *Is* she *not* your cousin?
از شی ناٹ یور کزن؟
آصف: کیا وہ تمہاری کزن نہیں ہے؟

Raza: She *is not* my cousin.
شی از ناٹ مائی کزن۔
رضا: وہ میری کزن نہیں ہے۔

Asif: *Are* they *not* friends?
آر دے ناٹ فرینڈز؟
آصف: کیا وہ دوست نہیں ہیں؟

Raza: *Are* you *not* an artist?
آر یو ناٹ این آرٹسٹ؟
رضا: کیا تم ایک فنکار نہیں ہو؟

Asif: *Am* I *not* a businessman?
ایم آئی ناٹ اے بزنس مین؟
آصف: کیا میں ایک بزنس مین نہیں ہوں؟

Raza: *Are* they *not* officers?
آر دے ناٹ آفیسرز؟
رضا: کیا وہ افسر نہیں ہیں؟

4. Use of 'Was', 'Were' (to be) in Model Sentences

نمونے کے جملوں میں was, were (to be) کا استعمال

In this Chapter the use of *was* and *were* (to be) is shown in model English sentences.

اس باب میں was اور were (to be) کے استعمال کی وضاحت کی گئی ہے۔

In Affirmative sentences *was* is used with *I, he,she* and *it*. *Was* is used with singular subjects only. *Were* is used with all plural subjects and with *you, they* and *we*.

ایجابیہ جملوں میں was کو I, he, She اور It کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ خیال رہے کہ was کا استعمال صرف واحد فاعل کے لیے ہوتا ہے۔ جبکہ were کو تمام جمع فاعل کے تمام صیغوں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ you, they اور we کے لیے۔

In Negative sentences *was* and *were* are followed by *not*.

منفی جملوں میں was اور were کے بعد not استعمال ہوتا ہے۔

In Interrogative sentences *was* and *were* precede the subject and are put at the beginning of the sentence.

استفہامیہ / سوالیہ جملوں میں was اور were فاعل سے پہلے لگائے جاتے ہیں اور انہیں جملے کی ابتداء میں استعمال کیا جاتا ہے۔

In Negative Interrogative sentences *not* is put either after the subject or after the verb; e.g.

Was he *not* a good shot?

or *Wasn't* he a good shot?

منفی سوالیہ جملوں میں not کو فاعل اور فعل دونوں کے بعد استعمال کیا جاسکتا ہے جیسا کہ مثال میں واضح کیا گیا ہے۔

The following Conversation denotes the use of *was* and *were* (to be) in model English sentences given in a dialogue form for your practice. You should study these sentences carefully and learn the principles governing them thoroughly so that you can use them in your speech and writing in your daily life.

ذیل میں دی گئی گفتگو میں was اور were (to be) کا استعمال دکھایا گیا ہے۔ آپ اس گفتگو کو پڑھیں اور اس کی مشق کرتے ہوئے اس کے اصول بھی ذہن نشین کریں تا کہ آپ انہیں اپنی گفتگو اور تحریر میں باآسانی استعمال کر سکیں۔

Conversation

Azam: Raza *was* a great singer.
اعظم: رضا ایک عظیم گلوکار تھا۔

رضا واز اے گریٹ سنگر۔

Rahim: His sister Seema *was* a beautiful girl.
رحیم: اس کی بہن سیما ایک خوبصورت لڑکی تھی۔

ہز سسٹر سیما واز اے بیوٹی فل گرل۔

Azam: It *was* an important chapter of this book.
اعظم: یہ اس کتاب کا ایک اہم باب تھا۔

اِٹ واز این امپورٹنٹ چیپٹر آف دس بک۔

Rahim: This book *was* also important.
رحیم: یہ کتاب بھی اہم تھی۔

دس بک واز آل سو امپورٹنٹ۔

Azam: They *were* very good singers. | اعظم: وہ بہت اچھے گلوکار تھے۔
دے ورویری گڈ سنگرز۔

Rahim: My grandfather *was* from Lahore. | رحیم: میرے دادا کا تعلق لاہور سے تھا۔
مائی گرینڈ فادر واز فرام لاہور۔

Azam: You *were* a very successful lawyer. | اعظم: تم ایک بہت کامیاب وکیل (قانون دان) تھے۔
یو ورا ے ویری سکسیس فل لائر۔

Rahim: I *was* quite ignorant about this case. | رحیم: میں اس معاملے سے قطعی لاعلم تھا۔
آئی واز کوائٹ اگنورنٹ اباؤٹ دس کیس۔

Azam: We *were* known to each other. | اعظم: ہم ایک دوسرے کو جانتے تھے۔
وی ورنون ٹو ایچ ادر۔

Rahim: She *was not* in my class. | رحیم: وہ میری جماعت میں نہیں تھی۔
شی واز ناٹ ان مائی کلاس۔

Azam: Amina *was* absent on Monday. | اعظم: آمنہ پیر کو غیر حاضر تھی۔
آمنہ واز ایب سینٹ آن منڈے۔

Rahim: Milk *was not* available in the morning. | رحیم: صبح دودھ دستیاب نہیں تھا
ملک واز ناٹ اویل ایبل ان دی مارننگ۔

Azam: They *were* my friends. | اعظم: وہ میرے دوست تھے۔
دے ور مائی فرینڈز۔

Rahim: You *were not* present. | رحیم: تم حاضر نہیں تھے۔
یو ور ناٹ پریزنٹ۔

Azam: Shazia *was not* well. | اعظم: شازیہ کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔
شازیہ واز ناٹ ویل۔

Rahim: We *were not* his relatives. | رحیم: ہم اس کے رشتہ دار نہیں تھے۔
وی ور ناٹ ہز ریلے ٹیوز۔

Azam: *Was* the old woman lame? | اعظم: کیا بوڑھی عورت معذور (لنگڑی) تھی؟
واز دی اولڈ وومین لیم۔

Rahim: *Was* your daughter a singer? | رحیم: کیا تمہاری بیٹی گلوکار تھی؟
واز یور ڈاٹر اے سنگر؟

Azam: *Was* there a film-show? وازدیئراےفلم شو؟	اعظم: کیا وہاں کسی فلم کی نمائش ہوئی تھی؟
Rahim: *Were* they musicians? وردےمیوزیشنز۔	رحیم: کیا وہ سازندے تھے؟
Azam: *Were* you her lover? وریوہرلور؟	اعظم: کیا تم اسکے عاشق تھے؟
Rahim: *Was* I a good player? وازآئی اے گڈ پلیئر؟	رحیم: کیا میں ایک اچھا کھلاڑی تھا؟
Azam: *Were* we good actors? وروئی گڈ ایکٹرز؟	اعظم: کیا ہم اچھے اداکار تھے؟
Rahim: *Was not* Anjum a smart girl? وازناٹ انجم اے سمارٹ گرل؟	رحیم: کیا انجم ایک ذہین لڑکی نہیں تھی؟
Azam: *Was* he *not* a good hunter? وازہی ناٹ اے گڈ ہنٹر؟	اعظم: کیا وہ ایک اچھا شکاری نہیں تھا؟
Rahim: *Was* it *not* a good film? وازاِٹ ناٹ اے گڈ فلم؟	رحیم: کیا یہ ایک اچھی فلم نہیں تھی؟
Azam: *Were* you *not* an officer? وریوناٹ این آفیسر؟	اعظم: کیا تم ایک افسر نہیں تھے؟
Rahim: *Was* I *not* a Principal? وازآئی ناٹ اے پرنسپل؟	رحیم: کیا میں ایک پرنسپل نہیں تھا؟
Azam: *Were* we *not* gentlemen? وروئی ناٹ جینٹل مین؟	اعظم: کیا ہم شریف لوگ نہیں تھے؟
Rahim: *Were* they *not* poor? وردے ناٹ پوُر؟	رحیم: کیا وہ غریب نہیں تھے؟
Azam: *Was* she *not* your wife? وازشی ناٹ یوُروائف؟	اعظم: کیا وہ تمہاری بیوی نہیں تھی؟
Rahim: *Was* he *not* your cousin? وازہی ناٹ یوُرکزن؟	رحیم: کیا وہ تمہارا کزن نہیں تھا؟

5. Use of 'Has', 'Have', 'Had' in Model Sentences

نمونے کے جملوں میں Have, Has اور Had کا استعمال

In this Chapter the use of *has, have* and *had* is shown in model English sentences.

اس باب میں has, have اور had کے استعمال کی وضاحت کی گئی ہے۔

In Affirmative sentences *have* is used with plural subjects *I, you, we* and *they*. *Has* is used with singular plural *he, she* and *it*. *Had* is the past tense form of *has* and *have*.

ایجابیہ جملوں میں have کو فاعل جمع I, you, we اور they کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ has کو فاعل واحد he, she اور It کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ had دراصل have اور has کا فعل ماضی ہے۔

In Negative sentences *no/not* is used with *has, have* and *had*.

منفی جملوں میں no اور not کو has, have اور had کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

In Interrogative sentences *has, have* and *had* precede the subject, and are put at the beginning of the sentence.

سوالیہ جملوں میں has, have اور had کو فاعل سے پہلے لگاتے ہیں اور اسے جملے کے آغاز میں استعمال کیا جاتا ہے۔

In Negative Interrogative sentences *no/not* is put either after the subject or after the verb; e.g.

Has he not got watch? or *Hasn't* he got watch?

منفی سوالیہ جملوں میں no اور not کو فاعل یا فعل دونوں کے بعد استعمال کیا جا سکتا ہے جیسا کہ مثال میں واضح کیا گیا ہے۔

The following Conversation denotes the use of *has, have* and *had* in model English sentences given in a dialogue form for your practice. You should study these sentences carefully and learn the principles governing them thoroughly so that you can use them in your speech and writing in your daily life.

ذیل میں دی گئی گفتگو میں has, have اور had کا استعمال واضح کیا گیا ہے۔ آپ اس کو بغور پڑھیں اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے اصول بھی ذہن نشین کر لیں تا کہ آپ اپنی گفتگو اور تحریر میں ان کا درست استعمال کر سکیں

Conversation

Saleem: How's your mother's blood pressure? — سلیم: تمہاری والدہ کا بلڈ پریشر اب کیسا ہے؟

ہاؤز یور مدرز بلڈ پریشر؟

Kabeer: She *had* a high blood pressure. — کبیر: ان کا بلڈ پریشر زیادہ تھا۔

شی ہیڈ اے ہائی بلڈ پریشر۔

Saleem: How's her pain now? — سلیم: اب ان کا درد کیسا ہے؟

ہاؤز ہر پین ناؤ؟

Kabeer: She *has* acute pain. — کبیر: انہیں شدید درد ہے۔

شی ہیز اے کیوٹ پین۔

Saleem: How many storeys are there in this building? — سلیم: اس عمارت کی کتنی منزلیں ہیں؟

ہاؤ مینی سٹوریز آر دیئر ان دس بلڈنگ؟

Kabeer: This building *has* ten storeys. — کبیر: اس عمارت کی دس منزلیں ہیں۔

دس بلڈنگ ہیز ٹین سٹوریز۔

Saleem: How's your car? — سلیم: تمہاری گاڑی کیسی ہے؟

ہاؤز یؤر کار؟

Kabeer: I *have* a beautiful car. — کبیر: میرے پاس ایک خوبصورت کار ہے۔

آئی ہیو اے بیوٹی فل کار۔

Saleem: How's your job, Kabeer? — سلیم: تمہاری ملازمت کیسی ہے کبیر؟

ہاؤز یؤر جاب' کبیر؟

Kabeer: I *have* a hard job. — کبیر: میری ملازمت بہت سخت ہے۔

آئی ہیو اے ہارڈ جاب۔

Saleem: How's your brother's job? — سلیم: تمہارے بھائی کی ملازمت کیسی ہے؟

ہاؤز یؤر برادرز جاب؟

Kabeer: He *has* a light job. — کبیر: اس کی ملازمت آسان ہے۔

ہی ہیز اے لائٹ جاب۔

Saleem: How's your health? — سلیم: تمہاری صحت کیسی ہے؟

ہاؤز یؤر ہیلتھ؟

Kabeer: I *have* good health. — کبیر: میری صحت اچھی ہے۔

آئی ہیو گڈ ہیلتھ۔

Saleem: Why is Razia sitting here? — سلیم: رضیہ یہاں کیوں بیٹھی ہے؟

وائی اِز رضیہ سٹنگ ہیئر؟

Kabeer: She *has* no work. — کبیر: اسے کوئی کام نہیں ہے۔

شی ہیز نو ورک

Saleem: Why's this man sleeping on the roadside? — سلیم: یہ آدمی سڑک کے کنارے کیوں سو رہا ہے؟
وائیز دس مین سلیپنگ آن دی روڈ سائیڈ؟

Kabeer: He *has* no home. — کبیر: اس کا کوئی گھر نہیں ہے۔
ہی ہیز نو ہوم۔

Saleem: Why's he not eating? — سلیم: وہ (کچھ) کھا کیوں نہیں رہا؟
وائیز ہی ناٹ ایٹنگ؟

Kabeer: He *has no* food. — کبیر: اس کے پاس کھانا نہیں ہے / اس کے پاس کھانے کو کچھ نہیں۔
ہی ہیز نو فوڈ۔

Saleem: What's the time by your watch? — سلیم: تمہاری گھڑی میں کیا بجا ہے؟
وٹس دی ٹائم بائی یوٗر واچ؟

Kabeer: I *have no* watch. — کبیر: میرے پاس گھڑی نہیں ہے۔
آئی ہیو نو واچ۔

Saleem: How's his wife? — سلیم: اس کی بیوی کیسی ہے؟
ہاؤز ہز وائف؟

Kabeer: He *has* a charming wife. — کبیر: اس کی بیوی بہت خوبصورت ہے۔
ہی ہیز اے چارمنگ وائف۔

Saleem: How's Meena's husband? — سلیم: مینا کا شوہر کیسا ہے؟
ہاؤز میناز ہزبینڈ؟

Kabeer: She *has* a handsome husband. — کبیر: اس کا شوہر بہت خوبصورت ہے۔
شی ہیز اے ہینڈسم ہزبینڈ۔

Saleem: Is there any tea in that kettle? — سلیم: کیا اس کیتلی میں کچھ چائے ہے؟
از دیئر اینی ٹی ان دیٹ کیٹل؟

Kabeer: Yes, this kettle *has* some tea. — کبیر: ہاں، اس کیتلی میں کچھ چائے ہے۔
یس، دس کیٹل ہیز سم ٹی۔

Saleem: How's their behaviour? — سلیم: ان کا رویہ کیسا ہے؟
ہاؤز دیئر بی ہیویئر؟

Kabeer: They *have* got good manners. — کبیر: ان کے اخلاق و اطوار اچھے ہیں۔
دے ہیو گاٹ گڈ مینرز۔

Saleem: *Have* you got a motorbike? — سلیم: کیا تمہیں ایک موٹر سائیکل ملی ہے/کیا تمہاری موٹر سائیکل ہے؟
ہیو یو گاٹ اے موٹر بائک۔

Kabeer: I *have* got *no* motorbike. آئی ہیو گاٹ نو موٹر بائیک۔	کبیر: مجھے کوئی موٹر سائیکل نہیں ملی / میرے پاس کوئی موٹر سائیکل نہیں۔
Saleem: How many books did you *have* ? ہاؤ مینی بکس ڈڈ یو ہیو؟	سلیم: تمہارے پاس کتنی کتابیں تھیں؟
Kabeer: I *had* ten books. آئی ہیڈ ٹین بکس۔	کبیر: میرے پاس دس کتابیں تھیں۔
Saleem: How many shirts *have* you got? ہاؤ مینی شرٹس ہیو یو گاٹ؟	سلیم: تمہیں کتنی قمیضیں ملیں ہیں؟ / تمہارے پاس کتنی قمیضیں ہیں؟
Kabeer: I *have* got four shirts. آئی ہیو گاٹ فور شرٹس۔	کبیر: مجھے چار قمیضیں ملیں / میرے پاس چار قمیضیں ہیں۔
Saleem: How're your employees? ہاؤ آر یور ایمپلائز؟	سلیم: تمہارے ملازمین کیسے ہیں؟
Kabeer: I *have* good employees. آئی ہیو گڈ ایمپلائز۔	کبیر: میرے پاس اچھے ملازم ہیں۔
Saleem: *Has* she got a beautiful car? یس، شی ہیز اے بیوٹی فل کار؟	سلیم: کیا اس (لڑکی) کے پاس ایک خوبصورت کار ہے؟
Kabber: Yes, she *has* a beautiful car. یس، شی ہیز اے بیوٹی فل کار۔	کبیر: ہاں! اس کے پاس ایک خوبصورت کار ہے۔
Saleem: *Has* Raza a big house? ہیز رضا اے بگ ہاؤس؟	سلیم: کیا رضا کے پاس ایک بڑا مکان ہے؟
Kabeer: Yes, Raza *has* a big house. یس، رضا ہیز اے بگ ہاؤس۔	کبیر: ہاں، رضا کے پاس ایک بڑا مکان ہے۔
Saleem: *Have* they got good cycles? ہیو دے گاٹ گڈ سائیکلز؟	سلیم: کیا انہیں اچھی سائیکلیں ملی ہیں؟
Kabeer: Yes, they *have* got good cycles. یس، دے ہیو گاٹ گڈ سائیکلز۔	کبیر: ہاں، انہیں اچھی سائیکلیں ملی ہیں۔
Saleem: *Have* you many friends? ہیو یو مینی فرینڈز؟	سلیم: کیا تمہارے بہت سے دوست ہیں؟
Kabeer: Yes, I *have* many friends. یس آئی ہیو مینی فرینڈز۔	کبیر: ہاں، میرے بہت سے دوست ہیں۔

Saleem: *Have* I a beautiful coat?
ہیو آئی اے بیوٹی فل کوٹ؟
سلیم: کیا میرے پاس ایک خوبصورت کوٹ ہے؟

Kabeer: Yes, you *have* a beautiful coat.
یس یو ہیو اے بیوٹی فل کوٹ۔
کبیر: ہاں، تمہارے پاس ایک خوبصورت کوٹ ہے۔

Saleem: Do we *have* good friends?
ڈو وی ہیو گڈ فرینڈز؟
سلیم: کیا ہمارے اچھے دوست ہیں؟

Kabeer: Yes, we *have* good friends.
یس، وی ہیو گڈ فرینڈز۔
کبیر: ہاں ہمارے اچھے دوست ہیں۔

Saleem: *Has* he got any watch?
ہیز ہی گاٹ اینی واچ؟
سلیم: کیا اس کے پاس کوئی گھڑی ہے؟

Kabeer: No, he *has* got *no* watch.
نو، ہی ہیز گاٹ نو واچ۔
کبیر: نہیں، اس کے پاس کوئی گھڑی نہیں ہے۔

Saleem: *Has* she got any book?
ہیز شی گاٹ اینی بک؟
سلیم: کیا اس کے پاس کوئی کتاب ہے؟

Kabeer: No, she *has* got *no* book.
نو، شی ہیز گاٹ نو بک۔
کبیر: نہیں، اس کے پاس کوئی کتاب نہیں ہے۔

Saleem: *Has* it any utility?
ہیز اٹ اینی یوٹیلیٹی؟
سلیم: کیا اس کی کوئی افادیت ہے؟

Kabeer: No, it *has no* utility.
نو، اٹ ہیز نو یوٹیلیٹی۔
کبیر: نہیں، اس کی کوئی افادیت نہیں ہے۔

Saleem: *Have* they any water?
ہیو دے اینی واٹر؟
سلیم: کیا ان کے پاس کچھ پانی ہے؟

Kabeer: No, they *have no* water.
نو، دے ہیو نو واٹر۔
کبیر: نہیں، ان کے پاس بالکل پانی نہیں۔

Saleem: *Do* you have any cow?
ڈو یو ہیو اینی کاؤ؟
سلیم: کیا تمہارے پاس کوئی گائے ہے؟

Kabeer: No, we *have no* cow.
نو، وی ہیو نو کاؤ۔
کبیر: نہیں، ہمارے پاس کوئی گائے نہیں ہے۔

Saleem: *Have* I any purse?
ہیو آئی اینی پرس؟
سلیم: کیا میرے پاس کوئی بٹوہ ہے؟

Kabeer: No, you *have no* purse.
نو یو ہیو نو پرس۔
کبیر: نہیں' تمہارے پاس کوئی بٹوہ نہیں۔

Saleem: *Have* you any time to wait for?
ہیو یو اینی ٹائم ٹو ویٹ فار؟
سلیم: کیا تمہارے پاس انتظار کے لیے کچھ وقت ہے؟

Kabeer: No, I *have no* time to wait for.
نو آئی ہیو نو ٹائم ٹو ویٹ فار۔
کبیر: نہیں' میرے پاس انتظار کرنے کے لیے بالکل وقت نہیں۔

Saleem: *Have* you any bag?
ہیو یو اینی بیگ؟
سلیم: کیا تمہارے پاس کوئی تھیلا ہے؟

Kabeer: No, I *have no* bag.
نو آئی ہیو نو بیگ۔
کبیر: نہیں' میرے پاس کوئی تھیلا نہیں۔

Saleem: *Had* Shan any money?
ہیڈ شان اینی منی؟
سلیم: کیا شان کے پاس کچھ رقم تھی؟

Kabeer: Yes, Shan *had* some money.
یس' شان ہیڈ سم منی۔
کبیر: ہاں' شان کے پاس کچھ رقم تھی۔

Saleem: *Has* Sonia many friends?
ہیز سونیا مینی فرینڈز؟
سلیم: کیا سونیا کے بہت سے دوست ہیں؟

Kabeer: Yes, Sonia *has* many friends.
یس' سونیا ہیز مینی فرینڈز۔
کبیر: ہاں' سونیا کے بہت سے دوست ہیں۔

Saleem: *Had* I a good landlord?
ہیڈ آئی اے گڈ لینڈ لارڈ؟
سلیم: کیا میرا مالک مکان اچھا تھا؟

Kabeer: Yes, you *had* a good landlord.
یس' یو ہیڈ اے گڈ لینڈ لارڈ۔
کبیر: ہاں' تمہارا مالک مکان اچھا تھا۔

6. Use of 'It', 'Here', 'There', and 'Let' in Model Sentences

نمونے کے جملوں میں It, Here, There اور Let کا استعمال

In this Chapter the use of *it, here, there* and *let* shown in model English sentences.

اس باب میں it, here, there اور let کا استعمال نمونے کے جملوں میں واضح کیا گیا ہے۔

In English *it, here* and *there* are mostly used as idioms. But in this Chapter these words have been used to begin a sentence.

Here these are used as "Introductory" words.

انگریزی زبان میں it, here اور there کا استعمال بنیادی طور پر محاورے کا حصہ ہے۔ لیکن اس باب میں ان الفاظ کو جملوں کا آغاز کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے یعنی یہاں یہ الفاظ ''تعارفی'' حیثیت رکھتے ہیں۔

It and *there* can be used with any tense. *It* is used to describe time,s eason,day, weather, etc. At times *it* is also used as a pronoun. *There* is used mostly to begin a sentence.

انگریزی زبان میں it اور there کو فعل کی کسی بھی قسم کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ It کو وقت، موسم، دن وغیرہ بتانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات it کو / کی حیثیت میں بھی استعمال کرتے ہیں۔ There اکثر اوقات جملے کا آغاز کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ (یاد رہے کہ ترجمے میں ایسی جگہ there کا ترجمہ نہیں کیا جاتا)۔

Here has only idiomatic uses.

Here کا استعمال بھی صرف انگریزی محاورے اور بول چال کا حصہ ہے۔

Let is used in passive sentences and is alsways followed by the First form or the Present Tense form of the verb.

Let ہمیشہ جملوں میں استعمال ہوتا ہے اور اس کے بعد ہمیشہ فعل کی پہلی قسم یعنی فعل حال استعمال کیا جاتا ہے۔

The following Conversation denotes the use of *it, here, there* and *let* in model English sentences given in a dialogue form for your practice. You should study these sentences carefully and learn the principles governing them thoroughly so that you can use them in your speech and writing in your daily life.

ذیل کی گفتگو میں it, here, there اور let کا استعمال نمونے کے جملوں میں دیا گیا ہے تاکہ آپ اس کی اچھی طرح مشق کر لیں اور ان کے اصول بھی ذہن نشین کر لیں تاکہ آپ اپنی گفتگو اور تحریر میں ان الفاظ کو بخوبی استعمال کر سکیں۔

Conversation

Saleem: How is this restaurant? — سلیم: یہ طعام گاہ کیسی ہے؟

ہاؤ اِز دِس ریسٹورانٹ؟

Kabeer: *It* is a very good restaurant. — کبیر: یہ ایک بہت اچھی طعام گاہ ہے۔

اِٹ اِز اے وِری گُڈ ریسٹورانٹ۔

Saleem: How is this Chinese dish? — سلیم: یہ چائنیز ڈش (کھانا) کیسی ہے؟

ہاؤ اِز دِس چائنیز ڈش؟

Kabeer: *It* is very hot. اِٹ اِز وِری ہاٹ۔ — کبیر: یہ بہت گرم ہے۔

Saleem: How was the dinner yesterday? — سلیم: کل رات کا کھانا کیسا تھا؟

ہاؤ واز دی ڈنر یسٹرڈے؟

Kabeer: *It* was very delicious. — کبیر: بہت لذیز تھا۔

اِٹ واز وری ڈی لی شی اس۔

Saleem: How was the weather yesterday? — سلیم: کل موسم کیسا تھا؟

ہاؤ واز دی ویدر یسٹرڈے؟

Kabeer: Yesterday *it* was very hot. — کبیر: کل شدید گرمی تھی۔

یسٹرڈے اِٹ واز وری ہاٹ۔

Saleem: What day is today? — سلیم: آج کیا دن ہے؟

وٹ ڈے اِز ٹوڈے؟

Kabeer: *It* is Tuesday. — کبیر: آج منگل ہے۔

اِٹ از ٹیوز ڈے۔

Saleem: What is our duty towards our country? — سلیم: اپنے وطن کے لیے ہمارا کیا فرض ہے؟

وٹ از آور ڈیوٹی ٹو ورڈز آور کنٹری؟

Kabeer: *It* is our duty to serve our country. — کبیر: ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے وطن کی خدمت کریں۔

اِٹ از آور ڈیوٹی ٹو سرو آور کنٹری۔

Saleem: Who called at my door? — سلیم: مجھے دروازے پر کس نے پکارا تھا؟

ہو کالڈ ایٹ مائی ڈور؟

Kabeer: *It* was me who called at your door. — کبیر: یہ میں تھا جس نے تمہیں پکارا تھا۔

اِٹ واز می ہو کالڈ ایٹ یور ڈور۔

Saleem: How many girls were there in the class? — سلیم: جماعت میں کتنی لڑکیاں تھیں؟

ہاؤ مَنی گرلز ور دیئر اِن دی کلاس؟

Kabeer: *There* were 20 girls in the class. — کبیر: جماعت میں 20 لڑکیاں تھیں۔

دیئر ور 20 گرلز اِن دی کلاس۔

Saleem: May I sit in your car? — سلیم: کیا میں تمہاری کار میں بیٹھ سکتا ہوں؟

مے آئی سٹ اِن یور کار؟

Kabeer: *There* is no room in my car. — کبیر: میری کار میں کوئی جگہ نہیں۔

دیئر از نو روم اِن مائی کار۔

Saleem: Is there some function going on? — سلیم: کیا یہاں کوئی تقریب ہو رہی ہے؟

از دیئر سم فنکشن گوئنگ آن؟

Kabeer: *It* is our annual day function. — کبیر: یہ ہماری سالانہ تقریب ہے۔

اِٹ از آور اینوئل ڈے فنکشن

Saleem: Who is standing there?
ہواز سٹینڈنگ دیئر؟
سلیم: وہ کون کھڑا ہے؟

Kabeer: *It* is I.
اِٹ از آئی۔
کبیر: یہ میں ہوں۔

Saleem: How many pencils are there on the table?
ہاؤ مینی پنسلز آر دیئر آن دی ٹیبل؟
سلیم: میز پر کتنی پنسلیں ہیں؟

Kabeer: *There* are six pencils lying on the table.
دیئر آر سکس پنسلز لائنگ آن دی ٹیبل۔
کبیر: میز پر چھ پنسلیں پڑی ہیں۔

Saleem: How many teachers are there in your school?
ہاؤ مینی ٹیچرز آر دیئر اِن یوئر سکول؟
سلیم: تمہارے سکول میں کتنے استاد ہیں؟

Kabeer: *There* are only 15 teachers in our school.
دیئر آر اونلی 15 ٹیچرز اِن آور سکول۔
کبیر: ہمارے سکول میں صرف 15 استاد ہیں۔

Saleem: *Where* is my book?
ویئر از مائی بک؟
سلیم: میری کتاب کہاں ہے؟

Kabeer: *Here* is your book.
ہیئر از یوئر بک۔
کبیر: یہ رہی تمہاری کتاب۔

Saleem: Where is my coat?
ویئر از مائی کوٹ؟
سلیم: میرا کوٹ کہاں ہے؟

Kabeer: *Here* it is.
ہیئر اِٹ از۔
کبیر: یہ رہا۔

Saleem: When does the train come?
وین ڈز دی ٹرین کم؟
سلیم: ٹرین کب آتی ہے؟

Kabeer: Look. *There* comes the train.
لک۔ دیئر کمز دی ٹرین۔
کبیر: دیکھو! گاڑی آ گئی۔

Saleem: How many mothers are there in a year.
ہاؤ مینی منتھس آر دیئر اِن اے ایئر؟
سلیم: ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟

Kabeer: *There* are 12 months in a year.
دیئر آر 12 منتھس اِن اے ایئر۔
کبیر: ایک سال میں 12 مہینے ہوتے ہیں۔

Saleem: How many days are there in a week?
ہاؤ مینی ڈیز آر دیئر اِن اے ویک؟
سلیم: ایک ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

Kabeer: *There* are seven days in a week. کبیر: ایک ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔
دیئر آر سیون ڈیز ان اے ویک۔

Saleem: How many hours are there in a day? سلیم: ایک دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟
ہاؤ مینی آورز آر دیئر ان اے ڈے؟

Kabeer: *There* are 24 hours in a day. کبیر: ایک دن میں 24 گھنٹے ہوتے ہیں۔
دیئر آر 24 آورز ان اے ڈے۔

Saleem: How many minutes are there in an hour? سلیم: ایک گھنٹے میں کتنے منٹ ہوتے ہیں؟
ہاؤ مینی منٹس آر دیئر ان این آور؟

Kabeer: *There* are 60 minutes in an hour. کبیر: ایک گھنٹے میں 60 منٹ ہوتے ہیں۔
دیئر آر 60 منٹس ان این آور۔

Saleem: You friend wants to come into your room. سلیم: تمہارا دوست تمہارے کمرے میں آنا چاہتا ہے۔
یُو رفرینڈ وانٹس ٹو کم ان ٹو یُو رروم۔

Kabeer: *Let* him come in. کبیر: اسے اندر آنے دو۔
لیٹ ہم کم ان۔

Saleem: *Let* us go to the hostel together. سلیم: آؤ اکٹھے ہاسٹل چلتے ہیں۔
لیٹ اس گو ٹو دی ہاسٹل ٹوگیدر۔

Kabeer: O.K. *Let* us go together. کبیر: ٹھیک ہے! آؤ اکٹھے چلتے ہیں۔
او کے۔ لیٹ اس گو ٹوگیدر۔

Saleem: *Let* us keep to the left. سلیم: (سڑک کے) بائیں طرف رہو۔
لیٹ اس کیپ ٹو دی لیفٹ۔

Kabeer: O.K. *Let* us keep to the left. کبیر: ٹھیک ہے! بائیں طرف ہی رہتے ہیں۔
او کے۔ لیٹ اس کیپ ٹو دی لیفٹ۔

Saleem: He wants a pencil. سلیم: وہ ایک پنسل (لینا) چاہتا ہے۔
ہی وانٹس اے پنسل۔

Kabeer: *Let* him return my pen first. کبیر: پہلے اسے میرا قلم واپس کرنے دو۔
لیٹ ہم ریٹرن مائی پین فرسٹ۔

Saleem: I want to go. سلیم: میں جانا چاہتا ہوں۔
آئی وانٹ ٹو گو۔

Kabeer: *Let* me go first. کبیر: پہلے مجھے جانے دو۔
لیٹ می گو فرسٹ۔

10

Parts of Speech

بول چال کے حصے

اگلے دن میں نے ایک سٹوڈنٹ سے سوال کیا۔

Would you please explain to me the kinds of words?

(یعنی کیا آپ الفاظ کی اقسام کی کچھ وضاحت کریں گے؟)

پہلے تو وہ کچھ گویا ہونے لگا لیکن اگلے ہی لمحے اس کے ذہن پر ایک خوف سا طاری ہوتے دکھائی دینے لگا۔ میں نے اس کی حوصلہ افزائی کے لئے سوچا کہ اس سے ذرا آسان انداز میں پوچھنا چاہئے۔ میں نے کہا:

Okay. You need not think hard. Please don't be afraid.

Just tell me what are parts of speech?

(ٹھیک ہے۔ آپ گہری سوچ میں نہ پڑیں۔ براہ کرم آپ خوف نہ کھائیں۔ محض یہ بتائیں کہ اجزائے کلام کیا ہوتے ہیں؟

اب اس کی مشکل چنداں آسان ہو گئی اور اس نے بچپن میں ماسٹر جی کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ دہرانا شروع کر دیئے کہ:

1. Noun	اسم (ناؤن)	2. Pronoun	اسم ضمیر (پروناؤن)
3. Adjective	اسم صفت (ایڈجیکٹو)	4. Verb	فعل (ورب)
5. Adverb	متعلق فعل (ایڈورب)	6. Preposition	حرف جار (پرے پوزیشن)
7. Conjunction	حرف علت (کن جنکشن)	7. Interjection	حرف ندا (انٹرجیکشن)

تب میں نے اسے سمجھایا کہ جنہیں آپ اجزائے کلام (Parts of Speech) کہتے ہیں یہی دراصل الفاظ کی قسمیں (Kinds of Words) ہوتی ہیں۔ کیونکہ اجزائے کلام کا مطلب ہے گفتگو کے حصے۔ یعنی جو بات ہم کرتے ہیں اس کے کتنے حصے ہو سکتے ہیں۔ اب آپ جب کلام کے حصے کریں گے تو الفاظ کو علیحدہ علیحدہ بیان کریں گے اور آپ الفاظ کو علیحدہ علیحدہ ان کی اقسام (Kinds) کی بناء پر ہی کر سکتے ہیں۔ تو بالفاظ دیگر یہ اجزائے کلام (Parts of Speech) ہی الفاظ کی اقسام (Kinds of Words) ہوئے۔

پھر میں نے اس سے پوچھا کہ چلو آپ کو یہ پتا چل گیا کہ اجزائے کلام یا الفاظ کی اقسام کیا بلا ہوتی ہیں تو اب آپ ان میں سے چند کو کسی فقرے (Sentence) میں استعمال کر کے دکھائیں۔ اب اس پر خوف والی کیفیت دوبارہ طاری ہونا شروع ہو گئی اور اس نے صاف انکار کر ... کیا

(میں ان کے استعمال کے بارے میں خاک بھی نہیں جانتا۔)

I know nothing how to use them.

میں نے کہا آپ Parts of Speech استعمال کر کے ہی تو مجھے بتا رہے ہیں کہ آپ کو ان کے بارے میں کچھ علم نہیں۔ اب دیکھئے نا جو الفاظ آپ نے استعمال کئے یہ اجزائے کلام ہی میں تو آتے ہیں' یعنی:

I --------- Pronoun	(اسم ضمیر)
Know --------- Verb	(فعل)
Nothing --------- Noun	(اسم)
How --------- Adverb	(متعلق فعل)
To use --------- Verb	(فعل)
Them --------- Pronoun	(اسم ضمیر)

دیکھا آپ نے کہ آپ نہ جانتے ہوئے بھی ان کو استعمال کر سکتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے آئندہ صفحات میں آنے والی مثالوں پر غور کریں۔

NOUN "اسم"

کسی بھی چیز کا نام چاہے وہ نظر آئے یا نہ آئے "اسم" کہلاتا ہے۔

The name of anything visible or invisible is called a Noun.

1. Nouns of Things "اشیاء"

i- Dust all the chairs and tables in the dining-room.

کھانے کے کمرے میں تمام کرسیاں اور میزیں بھی جھاڑ دو۔

ii- The babies turned all the books, note-books, papers and notes upside down.

بچوں نے تمام کتابیں' کاپیاں' کاغذ اور نوٹس الٹ پلٹ کر دیئے۔

iii- The baby was trying to take soup of chicken with a spoon.

بچہ مرغ کی یخنی چمچے سے پینے کی کوشش کر رہا تھا۔

iv- We make butter, cheese, condensed-milk and lassi from milk.

ہم دودھ سے مکھن، پنیر، کھویا اور لسی بناتے ہیں۔

v- I like a ring made of gold or silver.

میں سونے یا چاندی کی بنی ہوئی انگوٹھی پسند کرتی ہوں۔

2. Nouns of Persons "اشخاص"

i- Last night, I met different poets, artistes, actors and actresses.

گزشتہ شب میں مختلف شاعروں، فنکاروں، اداکاروں اور اداکاراؤں سے ملا۔

ii- Please fetch a painter, a carpenter, a mason and a gardener from the market.

براہ کرم مارکیٹ سے ایک رنگساز، ایک ترکھان، ایک راج اور ایک مالی کو بلا لائیے۔

iii- Shahid, Zahid, Khalid and Bilal were present in the meeting.

اجلاس میں شاہد، زاہد، خالد اور بلال موجود تھے۔

iv- The teacher said, "The students are either boys or girls."

استاد صاحب نے فرمایا کہ "طالب علم یا لڑکے ہوتے ہیں یا لڑکیاں۔"

v- Last month the king, the queen, the prince and the princess visited our town.

پچھلے ماہ بادشاہ، ملکہ، شہزادے اور شہزادی نے ہمارے شہر کا دورہ کیا۔

3. Nouns of Places "مقامات"

i- Before leaving the house, please make sure that all the rooms along with kitchen, the dining room and the porch have been locked.

گھر چھوڑنے سے پہلے یہ تسلی کر لیں کہ تمام کمروں بشمول باورچی خانہ، کھانے کا کمرہ اور گیراج کو تالا لگا دیا گیا ہے۔

ii- Lahore, Sialkot, Multan etc. are the cities in the Punjab.

لاہور، سیالکوٹ، ملتان وغیرہ پنجاب کے شہر ہیں۔

iii- Have you ever visited Taj Mahal, Jehangir's Tomb or Lahore Fort?

کیا آپ نے کبھی تاج محل، جہانگیر کے مقبرے یا لاہور کے قلعے کی سیر کی ہے؟

iv- Do you like a city or a village?

آپ کو شہر پسند ہے یا گاؤں؟

v- We wandered through roads, streets, and mohallas last night.

کل رات ہم سڑکوں، گلیوں اور محلوں میں گھومتے پھرتے رہے۔

4. Nouns of Ideas, Feelings etc.

''خیالات، احساسات وغیرہ''

i- Tolerance should prevail through war and peace.

جنگ اور امن دونوں میں رواداری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

ii- Tipu was known for his bravery and courage.

ٹیپو اپنی بہادری اور جرأت کی وجہ سے مشہور تھا۔

iii- A thing of beauty is a joy for ever.

خوبصورت چیز دائمی مسرت کا باعث ہوتی ہے۔

iv- Sorrow and happiness are a part of life.

خوشی اور غمی زندگی کا حصہ ہے۔

v- The audience was impressed by the eloquence and grandeur of speech.

سامعین تقریر کی فصاحت و بلاغت سے بہت متاثر ہوئے۔

Pronoun ''اسم ضمیر''

اسم یعنی Noun کے بارے میں آپ کماحقہٗ آگاہی حاصل کر آئے ہیں۔ اب آپ سوچتے ہوں گے کہ یہ Pronoun کیا بلا ہے؟ تو جناب یہ بلا نہیں بلکہ یہ Noun کی جگہ استعمال ہونے والا لفظ ہے کیونکہ:

Pro.....means 'for'.

Pronoun.....means 'for a noun'.

اس سے ظاہر ہوا کہ جو لفظ ہم اسم یعنی Noun کی جگہ یا Noun کے لئے استعمال کرتے ہیں اسم ضمیر یا Pronoun کہلاتا ہے۔ روزمرہ بول چال میں ہم کئی الفاظ ایسے بولتے رہتے ہیں جو اسم ضمیر کے طور پر آئے ہوتے ہیں۔ لیکن ہمیں پتہ نہیں چلتا کہ یہ الفاظ قواعد (Grammar) کی رو سے کیا ہیں۔ آیئے آپ کو بتائیں کہ اسم ضمیر (Pronoun) کون کون سے ہیں۔

Pronouns

I	میں	He	وہ (مذکر)
We	ہم	She	وہ (مؤنث)
-	-	It	یہ (بے جان)
You	آپ ۔ تم	They	وہ (جمع)

آیئے ان مثالوں پر غور کریں۔

(i) Listen to Fatima. 'She' is calling you.
(ii) Shahid and Ashraf are 'my' friends. 'They' are from Sialkot.
(iii) Please pay this man. 'He' wants to go now.
(iv) Dear 'me', why are 'you' wasting 'your' time.
(v) Let 'us' go for a walk.
(vi) May 'I' come in, sir?
(vii) 'We' should never tell a lie.
(viii) Where is 'your' purse? Please show it to 'me'.

Adjective "اسم صفت"

اپنے عزیزوں کی اچھائی یا برائی تو آپ کرتے ہی رہتے ہوں گے۔ بلکہ یہ آپ کا محبوب مشغلہ ہو گا اور جو الفاظ آپ استعمال کرتے ہیں وہ دراصل اسم صفت (Adjective) ہی ہوتے ہیں۔ مثلاً اگر ہم موسم (Weather) کی کیفیت بتائیں تو ہم کہیں گے۔

(i) The weather is 'fine' today. (داویدرازفائن ٹوڈے) آج موسم خوشگوار ہے۔

(ii) It was 'cloudy' yesterday. (اٹ وازکلاوڈی یسٹرڈے) کل مطلع ابرآلود تھا۔

(iii) It will be 'hot' tomorrow. (اٹ ول بی ہاٹ ٹومارو) کل گرمی ہوگی۔

اسی طرح اگر ہم آپ سے پوچھیں کہ آپ کے مزاج کیسے ہیں یعنی How are you? تو آپ اپنی

مختلف کیفیات یوں بیان کریں گے:

(i) I'm 'fine'. (آئم فائن) میں ٹھیک ہوں۔

(ii) I'm 'happy'. (آئم ہیپی) میں خوش ہوں۔

Jawad:	The drivers, especially the yougsters think it below their dignity to observe traffic rules.	ڈرائیور حضرات خصوصاً نوجوان ٹریفک کے قوانین کی پابندی کرنا اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں۔	جواد:
Ahmed:	Yes, you are right. Let us go now.	ہاں آپ ٹھیک کہتے ہیں۔ اب ہمیں چلنا چاہیے۔	احمد:
Jawad:	Allah Hafiz.	اللہ حافظ۔	جواد:
Ahmed:	Allah Hafiz.	اللہ حافظ۔	احمد:

English Conversations for All Occasions

تمام مواقع کے لیے عام انگریزی بول چال

Introducing the Family --- I

افرادِ خانہ کا تعارف...... I

In this lesson Waseem brings his friend Arif to his house on a Sunday morning and introduces him to the members of his family. They are good friends studying in the same class.

اس سبق میں وسیم اپنے دوست عارف کو اپنے گھر کے افراد سے ملانے کے لیے ایک اتوار کی صبح اپنے گھر لاتا ہے۔ دونوں اچھے دوست ہیں اور ہم جماعت بھی۔

Waseem: This is my house, Arif.

دس اِز مائی ہاؤس عارف۔

وسیم: یہ میرا گھر ہے' عارف۔

Arif: It's really a beautiful house.

اِٹ اِز ریئلی اے بیوٹی فل ہاؤس۔

عارف: یہ واقعی ایک خوبصورت گھر ہے۔

Waseem: Please come in. I'll introduce you to the members of my family.

پلیز کم اِن۔ آئی وِل انٹروڈیوس یوٹو دی ممبرز آف مائی فیملی۔

وسیم: ازراہ کرم اندر آ جاؤ۔ میں اپنے افرادِ خانہ سے تمہارا تعارف کراؤں گا۔

Arif: It will be my pleasure.

اِٹ وِل بی مائی پلیژر۔

عارف: مجھے خوشی ہوگی۔

Waseem: Daddy, here is my friend, Arif Shah. He is my class-mate. Arif meet my father Mr.M.A.Shahab. He is a doctor.

ڈیڈی' ہیر اِز مائی فرینڈ عارف شاہ۔ ہی اِز مائی کلاس میٹ۔ عارف میٹ مائی فادر مسٹر ایم اے شہاب۔ ہی اِز اے ڈاکٹر۔

وسیم: ابا جان! یہ ہیں میرے دوست عارف شاہ۔ یہ میرے ہم جماعت ہیں۔ عارف! میرے والد سے ملو جناب ایم اے شہاب۔ وہ ایک ڈاکٹر ہیں۔

Arif: Good morning, Uncle.

گڈ مارننگ' انکل۔

عارف: صبح بخیر' چچا جان۔

Mr.Shahab: Good morning, Arif. I'm very glad to meet you.

گڈ مارننگ عارف' آئی ایم ویری گلیڈ ٹو میٹ یو۔

مسٹر شہاب: صبح بخیر عارف۔ مجھے تم سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔

Arif: It's indeed my pleasure to meet you, Uncle. اِٹ اِز اِن ڈیڈ مائی پلیژر ٹو میٹ یو انکل۔	عارف: چچا جان مجھے بھی آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔
Mr. Shahab: What's your father, Arif? وٹ اِز یور فادر، عارف؟	مسٹر شہاب: عارف! تمہارے والد کیا کرتے ہیں؟
Arif: Uncle, my father is an engineer. انکل، مائی فادر اِز این انجینئر۔	عارف: انکل میرے والد ایک انجینئر ہیں۔
Mr.Shahab: Where do you live? ویئر ڈو یو لو؟	مسٹر شہاب: تم کہاں رہتے ہو؟
Arif: We live at Shadman. وی لِو ایٹ شادمان۔	عارف: ہم شادمان میں رہتے ہیں۔
Waseem: Arif, now please come and meet my mother Mrs. Shahab. She too is a Doctor. Mummy, he is my friend Arif. We are in the same class. عارف، ناؤ پلیز کم اینڈ میٹ مائی مدر مسز شہاب۔ شی ٹو اِز اے ڈاکٹر۔ ممی، ہی اِز مائی فرینڈ عارف۔ وی آر اِن دی سیم کلاس۔	وسیم: عارف براہِ مہربانی اب آؤ اور میری والدہ بیگم شہاب سے ملو۔ یہ بھی ڈاکٹر ہیں۔ امی جان! یہ میرا دوست ہے عارف۔ ہم ہم جماعت ہیں۔
Mrs. Shahab: Hello, Arif. How're you? ہیلو، عارف ہاؤ آر یو۔	مسز شہاب: ہیلو عارف؟ تم کیسے ہو؟
Arif: Good morning, Aunty. I'm fine, thank you. How do you do, Aunty? گڈ مارننگ آنٹی۔ آئی ایم فائن، تھینک یو۔ ہاؤ ڈو یو ڈو آنٹی؟	عارف: صبح بخیر چچی جان۔ میں ٹھیک ہوں۔ آپ کا شکریہ۔ آپ کیسی ہیں چچی جان۔
Mrs. Shahab: I'm fine. What's your mother, Arif? آئی ایم فائن۔ وٹس یور مدر۔ عارف!	مسز شہاب: میں ٹھیک ہوں۔ عارف تمہاری والدہ کیا کرتی ہیں۔
Arif: She is an officer in the Home Ministry, Aunty. شی اِز این آفیسر اِن دی ہوم منسٹری، آنٹی۔	عارف: وہ وزارت داخلہ میں ایک افسر ہیں، چچی جان۔

Mrs. Shahab: Arif, please make sure that you bring her when you come next.

پلیز میک شور دیٹ یو برنگ ہر وین یو کم نیکسٹ۔

مسز شہاب: دیکھو! اگلی بار جب تم آؤ انہیں ضرور ساتھ لیکر آنا۔

Arif: Definitely, Aunty.

ڈیفی نیٹلی' آنٹی۔

عارف: جی چچی جان۔ضرور۔

Mrs. Shahab: Who else are there at your home?

ہو ایلس آر دیئر ایٹ یور ہوم؟

مسز شہاب: تمہارے گھر میں اور کون ہے؟

Arif: Aunty, my grandfather is there, who is a retired army officer, and my sister, who is doing her 1st year BSc.

آنٹی' مائی گرینڈ فادر از دیئر' ہو از اے ریٹائرڈ آرمی آفیسر اینڈ مائی سسٹر' ہو از ڈوئنگ ہر فرسٹ ایئر بی ایس سی۔

عارف: چچی جان میرے دادا ہیں جو ایک ریٹائرڈ آرمی آفیسر ہیں۔ اور میری بہن ہے جو بی ایس سی کے سال اول میں پڑھتی ہے۔

Waseem: Come Arif, here is my elder brother Mr. Wasif Shahab. He is doing final year M.A. My dear brother, he is my friend and class-mate Arif Shah.

کم عارف' ہیئر از مائی ایلڈر برادر واصف شہاب۔ ہی از ڈوئنگ فائنل ایئر ایم اے۔ مائی ڈیئر برادر' ہی از مائی فرینڈ اینڈ کلاس میٹ عارف شاہ۔

وسیم: آؤ عارف! میرے بڑے بھائی واصف شہاب سے ملو۔ یہ ایم اے کے آخری سال میں ہیں۔ بھائی جان! یہ میرا دوست اور ہم جماعت عارف شاہ ہے۔

Arif: Good morning, Mr. Wasif.

گڈ مارننگ' مسٹر واصف۔

عارف: صبح بخیر مسٹر واصف۔

Wasif: Good morning, Arif. I'm very glad to meet you.

گڈ مارننگ' عارف۔ آئی ایم ویری گلیڈ ٹو میٹ یو۔

واصف: صبح بخیر عارف۔ مجھے تم سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔

Waseem: Now meet my elder sister Miss Neelo Shahab. She is doing her B.A. final. Dear sister, he is my best friend and class-mate, Arif Shah.

عارف ناؤ میٹ مائی ایلڈر سسٹر مس نیلو شہاب۔ شی از ڈوئنگ ہر بی اے فائنل۔ ڈیئر سسٹر' ہی از مائی بیسٹ فرینڈ اینڈ کلاس میٹ' عارف شاہ۔

وسیم: ان سے ملو عارف! یہ میری بڑی بہن نیلو شہاب ہیں۔ یہ بی اے کے آخری سال میں پڑھ رہی ہیں۔ باجی! یہ میرا بہترین دوست اور ہم جماعت عارف شاہ ہے۔

Arif: Good morning, Miss Neelo.
گڈ مارننگ' مس نیلو۔

عارف: صبح بخیر! مس نیلو۔

Miss Neelo: Good morning, Arif.
گڈ مارننگ' عارف۔

مس نیلو: صبح بخیر عارف۔

Mr.Shahab: Please have a cup of tea with us, Arif.
پلیز ہیو اے کپ آف ٹی وداس عارف۔

شہاب: عارف! تم ہمارے ساتھ چائے ضرور پیو۔

Arif: No, thank you, Uncle. I'll be late. I have to reach home before lunch.
نو تھینک یو انکل۔ آئی ول بی لیٹ۔ آئی ہیو تو ریچ ہوم بی فور لنچ۔

عارف: جی نہیں۔ شکریہ چچا جان۔ مجھے دیر ہو جائیگی۔ مجھے دوپہر کے کھانے سے قبل گھر پہنچنا ہے۔

Waseem: Arif, please come and see my study-room before you leave. You may like to suggest some changes in the arrangement.
عارف' پلیز کم اینڈ سی مائی سٹڈی روم بی فور یو لیو۔ یو مے لائک ٹو سجیسٹ سم چینجز ان دی ارینج مینٹ۔

وسیم: عارف! برائے مہربانی جانے سے پہلے میرا مطالعے کا کمرہ ضرور دیکھتے جاؤ۔ شائد تم اس کی ترتیب میں کسی تبدیلی کے لیے رائے دے سکو۔

Asif: Of course, let's have a look.
آف کورس' لیٹس ہیو اے لک۔

آصف: ہاں ہاں آؤ ہم دیکھتے ہیں۔

(Waseem takes Arif to his study room)
(وسیم ٹیکس عارف ٹو ہز سٹڈی روم)

(وسیم عارف کو مطالعے کے کمرہ میں لے جاتا ہے۔)

Arif: Oh! It's quite a spacious room, and you have a good collection of books!
اوہ! اٹس کوئٹ اے سپے شی اس روم اینڈ یو ہیو اے گڈ کولیکشن آف بکس۔

عارف: ہوں! یہ تو بہت کشادہ کمرہ ہے اور تمہارے پاس کتابوں کا اچھا خاصا ذخیرہ ہے۔

Waseem: Arif, won't you like to have tea with us?
عارف وونٹ یو لائک ٹو ہیو ٹی وداس؟

وسیم: عارف! کیا تم ہمارے ساتھ چائے نہیں پیو گے۔

Arif: No, I won't have it now. I shall look forward to come again.

نو آئی وونٹ ہیو اٹ ناؤ۔ آئی شیل لک فارورڈ ٹو کم آ گین۔

عارف: نہیں' اس وقت نہیں۔ میں دوبارہ آؤں گا۔

Waseem: Anyway, have a cold drink then. Raju! O' Raju!

اینی وے ہیو اے کولڈ ڈرنک دین۔ راجو او راجو۔

وسیم: جیسے تمہاری مرضی لیکن ایک کولڈ ڈرنک ہو جائے۔ راجو! او راجو!

Raju: Yes, Sir.

یس سر۔

راجو: جی جناب۔

Waseem: Raju, please get a glass of cold drink for my friend.

راجو' پلیز گیٹ اے گلاس آف کولڈ ڈرنک فار مائی فرینڈ۔

وسیم: راجو! میرے دوست کے لیے ٹھنڈے مشروب کا ایک گلاس لے آؤ۔

Raju: O.K. Sir.

او کے' سر

راجو: بہت بہتر جناب۔

Arif: Tell me Waseem when are you calling on us? I'll also introduce you to my family.

ٹیل می وسیم' وین آر یو کالنگ آن اس۔ آئی ول آئی سو انٹروڈیوس یو ٹو مائی فیملی۔

عارف: اچھا وسیم یہ بتاؤ کہ تم ہماری طرف کب آ رہے ہو۔ میں بھی اپنے گھر والوں سے تمہارا تعارف کراؤں گا۔

Waseem: I'll try and make it sometime in the next week.

آئی ول ٹرائی اینڈ میک اٹ سم ٹائم ان دی نیکسٹ ویک۔

وسیم: میں کوشش کروں گا کہ اگلے ہفتے میں کوئی وقت نکال کر آؤں۔

Arif: You're most welcome.

یو آر موسٹ ویل کم۔

عارف: بسر و چشم۔

(Raju enters with a glass of cold drink.)

(راجو انٹرز وِد اے گلاس آف کولڈ ڈرنک۔)

(راجو کولڈ ڈرنک کا گلاس لیے آتا ہے۔)

Raju: Here's the cold drink, Sir.

ہیئر از دی کولڈ ڈرنک' سر

راجو: یہ رہا جناب کولڈ ڈرنک۔

Waseem: Thank you, Raju. Give it to Arif please.

تھینک یوراجو، گِو اِٹ ٹو عارف پلیز۔

وسیم: تھینک یُو راجو۔ عارف کو دو۔

Arif: O.K. friend. My parents would be worried if I reach late.

اوکے فرینڈ۔ مائی پیرنٹس وڈ بی وریڈ اِف آئی ریچ لیٹ۔

عارف: اچھا دوست۔ میں چلوں۔ اگر مجھے دیر ہو گئی تو میرے والدین پریشان ہوں گے۔

Waseem: Thank you very much for your visit.

تھینک یو ویری مچ فار یور وزٹ

وسیم: تمہاری آمد کا بہت شکریہ۔

Arif: I am also thankful to you for introducing me to your family and the hospitality extended to me.

آئی ایم آل سو تھینک فل ٹو یو فار انٹروڈیوسنگ می ٹو یور فیملی اینڈ دی ہاسپٹیلٹی ایکس ٹینڈڈ ٹو می۔

عارف: میں بھی تمہارا شکر گزار ہوں کہ تم نے اپنے گھر والوں سے مجھے متعارف کروایا اور اس تواضع کے لیے بھی۔

Waseem: O.K. then, see you tomorrow.

اوکے۔ دین سی یو ٹومارو۔

وسیم: اچھا تو پھر کل ملیں گے۔

Arif: O.K. bye.

اوکے۔ بائے۔

عارف: اچھا۔ خدا حافظ۔

Waseem: Bye bye.

بائے بائے۔

وسیم: خدا حافظ۔

......☆......

Introducing the Family --- II

اہلِ خانہ کا تعارف II

In this lesson Sarwar brings over his friend Pervaiz to his house in order to introduce him to the members of his family. The family comprises Mr. Khalid Chaudhary, father of Sarwar, Mrs. Asifa Ch., Sarwar's mother and Kausar Ch., Sarwar's younger sister. All are sitting in the drawing room. Both the friends enter the gate of the house and Pervaiz starts conversation.

اس سبق میں سرور اپنے دوست پرویز کو اپنے اہل خانہ سے ملانے کے لیے گھر لاتا ہے۔ سرور کے گھر میں اس کے والد خالد چودھری، والدہ آصفہ چودھری اور اس کی چھوٹی بہن کوثر چودھری ہیں۔ سب لوگ گھر کے ڈرائنگ روم میں بیٹھے ہیں۔ دونوں دوست گھر کے دروازے سے گھر میں داخل ہوتے ہیں تو پرویز گفتگو کا آغاز کرتا ہے۔

Pervaiz: Sarwar you're lucky to live in such a lovely house.

سرور یو آر لکی ٹو لِو وان سچ اے لولی ہاؤس۔

پرویز: سرور تم خوش قسمت ہو کہ اتنے خوبصورت گھر میں رہتے ہو۔

Sarwer: Thanks. Please do come in. I'll introduce you to my parents and sister.

تھینکس۔ پلیز ڈو کم ان۔ آئی ول انٹروڈیوس یو ٹو مائی پیرنٹس اینڈ سسٹر۔

سرور: شکریہ۔ اندر آ جاؤ۔ میں تمہیں اپنے والدین اور بہن سے ملواتا ہوں۔

Pervaiz: I'm looking forward to meet them.

آئی ایم لوکنگ فارورڈ ٹو میٹ دیم۔

پرویز: مجھے بھی ان سے ملنے کا اشتیاق ہے۔

Sarwar: Daddy, please meet my friend, Pervaiz Khan. We are class-mates and close friends as well. Pervaiz meet my daddy Mr. Khalid Choudhary. He is the Principal of the Govt. College.

ڈیڈی، پلیز میٹ مائی فرینڈ پرویز خان۔ وی آر کلاس میٹس اینڈ کلوز فرینڈز ایز ویل۔ پرویز میٹ مائی ڈیڈی مسٹر خالد چودھری۔ ہی از دی پرنسپل آف گورنمنٹ کالج۔

سرور: ابا جان! یہ ہیں میرے دوست پرویز خان۔ ہم ایک ہی جماعت میں پڑھتے ہیں اور بہت قریبی دوست بھی ہیں۔ پرویز میرے ابا جان سے ملو یہ ہیں مسٹر خالد چوہدری۔ یہ گورنمنٹ کالج کے پرنسپل ہیں۔

Mr. Chaudhary: Hello, Pervaiz. Nice to have you with us this evening.

ہیلو پرویز۔ نائس ٹو ہیو یو وداس دس ایوننگ۔

مسٹر چودھری: کیا حال ہے پرویز۔ آج کی شام تمہیں اپنے ساتھ دیکھ کر خوشی ہوئی۔

Pervaiz: Good evening, Uncle. I'm happy to meet you.

گڈ ایوننگ انکل۔ آئی ایم ہیپی ٹو میٹ یو۔

پرویز: شام بخیر چچا جان۔ مجھے بھی آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔

Mr. Ch.: Pervaiz where do you stay?

پرویز' وئیر ڈو یو سٹے؟

مسٹر چودھری: پرویز تم کہاں رہتے ہو؟

Pervaiz: Uncle, we've got our own house at Canal View. However, we belong to Multan.

انکل وی ہوگاٹ آور اون ہاؤس ایٹ کینال ویو۔ ہاؤ ایور وی بیلونگ ٹو ملتان۔

پرویز: چچا جان ہم نے کینال ویو میں اپنا گھر لیا ہے۔ تاہم ہمارا تعلق ملتان سے ہے۔

Mr.Ch.: What's your father's name?

وٹ از یور فادرز نیم؟

مسٹر چودھری! تمہارے والد کا کیا نام ہے؟

Pervaiz: My father's name is Shabbir Khan.

مائی فادرز نیم از شبیر خان۔

پرویز: میرے والد کا نام شبیر خان ہے۔

Mr. Ch.: What's his profession?

وٹ از ہز پروفیشن؟

مسٹر چودھری: وہ کیا کرتے ہیں؟

Pervaiz: He is a Pilot in the Pakistan Air Force and is at present posted at Kamra.

ہی از اے پائلٹ ان دی پاکستان ائر فورس اینڈ از ایٹ پریذنٹ پوسٹنگ ان کامرہ۔

پرویز: وہ پاک فضائیہ میں پائلٹ ہیں اور آج کل ان کی تعیناتی کامرہ میں ہے۔

Sarwar: Come, Pervaiz meet my mother Mrs. Asifa Ch. She is an Interior Decorator. Mummy, meet my class-mate Pervaiz.

کم پرویز میٹ مائی مدر مسز آصفہ چودھری۔ شی از این انٹیریئر ڈیکوریٹر۔ ممی' میٹ مائی کلاس میٹ پرویز۔

سرور: آؤ پرویز میری والدہ سے ملو۔ یہ آصفہ چودھری ہیں اور ایک انٹیریر ڈیکوریٹر ہیں۔ امی! میرے دوست اور ہم جماعت پرویز سے ملئے۔

Mrs. Ch.: Hello Pervaiz welcome to our house.

ہیلو پرویز' ویل کم ٹو آور ہاؤس۔

مسز چودھری: کیسے ہو پرویز۔ ہم اپنے گھر میں تمہیں خوش آمدید کہتے ہیں۔

Pervaiz: Hello, Aunty, good evening.

ہیلو آنٹی' گڈ ایوننگ۔

پرویز: آپ کیسی ہیں چچی جان؟ شام بخیر۔

Mrs. Ch.: Good evening, Pervaiz. It's rather strange that Sarwar had never brought you to our house before. Now that you have seen our house, please keep coming.

گڈ ایوننگ پرویز۔ اِٹ اِز رادر سٹرینج دیٹ سرور ہیڈ نیور براٹ یوٹو آور ہاؤس بی فور۔ ناؤ دیٹ یو ہیو سین آور ہاؤس' پلیز کیپ کمنگ۔

مسز چودھری: شام بخیر پرویز۔ بلکہ مجھے حیرت ہے کہ سرور تمہیں پہلے کبھی گھر کیوں نہیں لایا۔ اب جبکہ تم نے گھر دیکھ لیا ہے برائے مہربانی اب آتے رہنا۔

Pervaiz: Thank you very much, Aunty. I'll certainly come more often in future.

تھینک یو ویری مچ' آنٹی۔ آئی ول سرٹینلی کم مور آفن ان فیوچر۔

پرویز: بہت شکریہ چچی جان۔ یقیناً آئندہ میں اکثر آتا رہوں گا۔

Mrs. Ch.: Pervaiz, why don't you bring your mother also to our place sometime.?

پرویز وائی ڈونٹ یو برنگ یو مدر آل سو ٹو آور پلیس سم ٹائم۔

مسز چودھری: پرویز کسی روز اپنی والدہ کو بھی ہمارے گھر کیوں نہیں لے کر آتے؟

Pervaiz: O.K. Aunty, I'll definitely bring my mother to meet you next time when I come.

او کے آنٹی' آئی ول ڈیفی نیٹلی برنگ مائی مدر ٹو میٹ یو نیکسٹ ٹائم وین آئی کم۔

پرویز: جی ضرور چچی جان۔ اگلی بار جب میں آؤں گا تو یقیناً میں اپنی والدہ کو بھی لاؤں گا۔

Mrs. Ch. Do you have any brother or sister also?

ڈو یو ہیو اینی برادر آر سسٹر آل سو؟

مسز چودھری: تمہارے اور بہن بھائی بھی ہیں؟

Pervaiz: We're three brothers and one sister. I'm the eldest in the family. All of them are studying.

وی آر تھری برادرز اینڈ ون سسٹر۔ آئی ایم دی ایلڈسٹ ان دی فیملی۔ آل آف دیم آر سٹڈی انگ۔

پرویز: ہم تین بھائی اور ایک بہن ہیں۔ میں خاندان میں سب سے بڑا ہوں۔ وہ سب ابھی پڑھ رہے ہیں۔

Sarwar: Pervaiz, come here please and meet the youngest member of the family, my little sister Kausar. She is in IX class and very much interested in debates and dramatics.

پرویز کم ہیئر پلیز اینڈ میٹ دی ینگسٹ ممبر آف دی فیملی، مائی لٹل سسٹر کوثر۔ شی اِز ان ناکتھ کلاس اینڈ ویری مچ انٹرسٹڈ ان ڈی بیٹس اینڈ ڈراماٹکس۔

سرور: پرویز براہ کرم ادھر آؤ اور ہمارے خاندان کی سب سے کم عمر رکن سے ملو۔ یہ ہے میری چھوٹی سی بہن کوثر۔ یہ نویں جماعت میں پڑھتی ہے اور ڈراموں اور مباحثوں میں بہت دلچسپی رکھتی ہے۔

Pervaiz: Hello Kausar! How are you? Sarwar often talks about you telling me how good you are in studies and debates as well.

ہیلو کوثر! ہاؤ آر یو؟ سرور آفن ٹاکس اباؤٹ یو ٹیلنگ می ہاؤ گڈ یو آر ان سٹڈیز اینڈ ڈی بیٹس ایز ویل۔

پرویز: کہو کوثر کیسی ہو؟ سرور اکثر مجھے تمہارے متعلق بتاتا رہتا ہے کہ تم تعلیم اور مباحثوں میں بہت اچھی جا رہی ہو۔

Kausar: Good evening, Pervaiz. Sarwar has told me all about you that you have been a topper throughout and that no one can beat you in debates.

گڈ ایوننگ پرویز۔ سرور ہیز ٹولڈ می آل اباؤٹ یو دیٹ یو ہیو بن اے ٹاپر تھرو آؤٹ اینڈ دیٹ نو ون کین بیٹ یو ان ڈی بیٹس۔

کوثر: شام بخیر پرویز۔ سرور نے مجھے بھی آپ کے تعلق سب کچھ بتایا ہے کہ مباحثوں اور تقریری مقابلوں میں آپ سے کوئی نہیں جیت سکتا۔

Pervaiz: Sarwar always exaggerates. It's true that I have won many prizes in debates but at times I've lost as well. That's the way of life. Sometimes you win and sometimes you lose.

سرور آل ویز ایکس زیجریٹس۔ اٹس ٹرو دیٹ آئی ہیو ون مینی پرائزز ان ڈی بیٹس بٹ ایٹ ٹائمز آئی ہیو لوسٹ ایز ویل۔ دیٹس دی وے آف لائف۔ سم ٹائمز یو ون اینڈ سم ٹائمز یو لوز۔

پرویز: سرور ہمیشہ مبالغہ آرائی کرتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ میں نے مباحثوں میں کئی انعام جیتے ہیں لیکن بعض دفعہ میں ہارا بھی ہوں۔ زندگی میں ایسا ہوتا ہے۔ کبھی آپ جیت جاتے ہیں اور کبھی ہار جاتے ہیں۔

Kausar: Will you please tell me how to speak better in debates? I too want to be very good in debates and win lots of prizes.

ول یو پلیز ٹیل می ہاؤ ٹو سپیک بیٹر ان ڈی بیٹس؟ آئی ٹو وانٹ ٹو بی ویری گڈ ان ڈی بیٹس اینڈ ون لوٹس آف پرائزز۔

کوثر: آپ مجھے بتائیں گے کہ مباحثوں میں بہتر طور پر کیسے بولا جاتا ہے؟ میں خود بھی چاہتی ہوں کہ میں اس میدان میں زیادہ اچھی کارکردگی دکھاؤں اور ڈھیروں انعامات جیتوں۔

Pervaiz: Of course, I'll be glad to give you some tips on good debating provided you promise me that you will learn hard and win prizes.

آف کورس' آئی ول بی گلیڈ ٹو گیو یو سم ٹپس آن گڈ ڈی بیٹنگ پروائڈڈ یو پرامز می دیٹ یو ول لرن ہارڈ اینڈ ون پرائزز۔

پرویز: یقیناً! مجھے خوشی ہوگی کہ میں تمہیں اچھا مباحثہ کرنے کے بارے میں چند اہم باتیں بتاؤں بشرطیکہ تم اس بات کا وعدہ کرو کہ تم ان کو اچھی طرح ذہن نشین کروگی تاکہ تم انعام حاصل کرسکو۔

Kausar: Of course I'll learn by heart whatever you teach me and shall thank you when I win the first prize.

آف کورس آئی ول لرن بائی ہارٹ وٹ ایور یو ٹیچ می اینڈ شیل تھینک یو وین آئی ون دی فرسٹ پرائز۔

کوثر: بلاشبہ میں پوری دلجمعی سے اسے یاد رکھوں گی جو آپ مجھے بتائیں گے اور پہلا انعام حاصل کرنے پر آپ کا شکریہ بھی ادا کروں گی۔

Pervaiz: Sarwar, it's getting quite late. I should better make a move now.

سرور' اٹس گیٹنگ کوائٹ لیٹ۔ آئی شڈ بیٹر میک اے موو ناؤ۔

پرویز: سرور' خاصی دیر ہو رہی ہے۔ میرا خیال ہے کہ مجھے چلنا چاہیے۔

Mrs. Ch: Pervaiz, why don't you have dinner with us? Mr. Ch will drop you at your home in our car.

پرویز' وائی ڈونٹ یو ہیو ڈنر وِد اس؟ مسٹر چودھری وِل ڈراپ یو ایٹ یور ہوم ان آور کار۔

مسز چودھری: پرویز' تم رات کا کھانا ہمارے ساتھ کیوں نہیں کھا لیتے۔ چودھری صاحب تمہیں اپنی گاڑی پر گھر چھوڑ آئیں گے۔

Pervaiz: No, thank you, Aunty. I didn't tell my mother that I would be out for dinner. So she must be waiting to have dinner with me.

نو تھینک یو' آنٹی۔ آئی ڈِڈ ناٹ ٹیل مائی مدر دیٹ آئی وُڈ بی آؤٹ فار ڈنر۔ سو شی مسٹ بی ویٹنگ ٹو ہیو ڈنر وِد می۔

پرویز: جی نہیں چچی جان شکریہ۔ میں نے اپنی والدہ کو بتایا نہیں تھا کہ میں رات کا کھانا باہر کھاؤں گا۔ وہ کھانے پر یقیناً میرا انتظار کر رہی ہوں گی۔

Mrs. Ch: Okay, Pervaiz, we'll not insist this time. But next time when you come, you will have to dine with us. How will you go home now?

او کے پرویز' وی وِل ناٹ ان سسٹ دِس ٹائم۔ بٹ نیکسٹ ٹائم وین یو کم' یو وِل ہیو ٹو ڈائن وِد اس۔ ہاؤ وِل یو گو ہوم ناؤ؟

مسز چودھری: ٹھیک ہے پرویز اس مرتبہ ہم اصرار نہیں کرتے۔ لیکن اگلی مرتبہ جب تم آؤ گے تو کھانا ہمارے ساتھ کھانا ہو گا۔ اب تم گھر کس طرح جاؤ گے۔

Pervaiz: Aunty, I'll catch a bus from the crossing over there which will drop me right in front of my house.

آنٹی' آئی وِل کیچ اے بس فرام کراسنگ آور دیئر وِچ وِل ڈراپ می رائٹ ان فرنٹ آف مائی ہاؤس۔

پرویز: چچی جان میں چوک سے بس پکڑوں گا جو مجھے بالکل میرے گھر کے سامنے اتار دے گی۔

Mrs. Ch: Nice to have you with us. Do come again.

نائس ٹو ہیو یو وِد اس۔ ڈو کم اگین۔

مسز چودھری: تم سے مل کر خوشی ہوئی۔ دوبارہ ضرور آنا۔

Pervaiz: I'll, Aunty. Thank you and good night.

آئی ول' آنٹی۔ تھینک یو اینڈ گڈ نائٹ۔

پرویز: جی ضرور چچی جان۔ شکریہ اور شب بخیر۔

Mrs. Ch: Good night, Pervaiz.

گڈ نائٹ' پرویز۔

مسز چودھری: شب بخیر پرویز۔

Pervaiz: Good night, Uncle and good night Kausar.

گڈ نائٹ انکل اینڈ گڈ نائٹ کوثر۔

پرویز: شب بخیر چچا جان اور شب بخیر کوثر۔

Kausar: Good night Pervaiz.

گڈ نائٹ پرویز۔

کوثر: شب بخیر پرویز۔

Pervaiz: Thank you, Sarwar for inviting me. I thoroughly enjoyed the evening. Good night, see you tomorrow in the college.

تھینک یو سرور فار انوائٹنگ می۔ آئی تھارولی انجوائڈ دی ایوننگ۔ گڈ نائٹ' سی یو ٹو ماروان دی کالج۔

پرویز: شکریہ سرور مجھے دعوت دینے کا۔ میں اس شام سے پوری طرح لطف اندوز ہوا ہوں۔ شب بخیر۔ کل تم سے کالج میں ملاقات ہوگی۔

Sarwar: Good night. See you.

گڈ نائٹ۔ سی یو۔

سرور: شب بخیر۔ پھر ملیں گے۔

Introducing the Family to a Foreign Friend

ایک غیر ملکی دوست سے اہل خانہ کا تعارف

In this lesson Ghias introduces the members of his family to Arnold. Ghias and Arnold are friends studying in class XII in Cambridge School. Ghias is the Head Boy of the School and Arnold is the Vice Head Boy. Ghias is a Pakistani and Arnold in a foreigner. On one Sunday, Arnold visits the house of his friend Ghias and is introduced to the members of Ghias' family. Arnold presses the door bell and Ghias opens the door.

اس سبق میں غیاث اپنے اہل خانہ کو آرنلڈ سے متعارف کراتا ہے۔ غیاث اور آرنلڈ دونوں دوست ہیں اور کیمبرج سکول میں بارھویں جماعت کے طالب علم ہیں۔ غیاث سکول کا ہیڈ بوائے ہے اور آرنلڈ وائس ہیڈ بوائے۔ غیاث پاکستانی ہے اور آرنلڈ غیر ملکی۔ ایک اتوار آرنلڈ غیاث کے گھر آتا ہے جہاں اس کا غیاث کے اہل خانہ سے تعارف کرایا جاتا ہے۔ آرنلڈ دروازے کی گھنٹی بجاتا ہے اور غیاث دروازہ کھولتا ہے۔

Ghias: Hello, Arnold! How're you?

ہیلو آرنلڈ! ہاؤ آر یو؟

غیاث: کیا حال ہے آرنلڈ کیسے ہو؟

Arnold: Hello, Ghias! How do you do?

ہیلو غیاث! ہاؤ ڈو یو ڈو؟

آرنلڈ: تم سناؤ! کیا حال ہے؟

Ghias: I'm quite well. Thank you, what about you?

آئی ایم کوائٹ ویل۔ تھینک یو۔وٹ اباؤٹ یو؟

غیاث: میں بالکل ٹھیک ہوں شکریہ۔ تم سناؤ؟

Arnold: So am I. I'm glad to see you.

سو ایم آئی۔ آئی ایم گلیڈ ٹو سی یو۔

آرنلڈ: میں بھی ٹھیک ہوں۔ تم سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔

Ghias: Please come in.

پلیز کم ان۔

غیاث: برائے مہربانی اندر آ جاؤ۔

Arnold: Oh! It's a beautiful flat.

اوہ! اٹس اے بیوٹی فل فلیٹ۔

آرنلڈ: ہوں! یہ تو بہت خوبصورت فلیٹ ہے۔

Ghias: It's three bedroom flat. Did you have any difficulty in finding our flat?

اٹس اے تھری بیڈ روم فلیٹ۔ ڈڈ یو ہیو اینی ڈیفی کلٹی ان فائنڈنگ آور فلیٹ؟

غیاث: ہاں یہ تین بیڈروم کا فلیٹ ہے۔ تمہیں ہمارا فلیٹ تلاش کرنے میں کوئی دقت تو نہیں ہوئی؟

Arnold: Only a little. Not much. I had to ask the correct location only once from a shopkeeper.

اونلی اے لٹل۔ ناٹ مچ۔ آئی ہیڈ تو آسک دی کوریکٹ لوکیشن اونلی ونس فرام اے شاپ کیپر۔

آرنلڈ: معمولی سی۔ کوئی زیادہ نہیں۔ مجھے صحیح جگہ معلوم کرنے کیلئے ایک دکاندار سے ایک بار پوچھنا پڑا تھا۔

Ghias: Would you like to be introduced to the members of my family.

وڈ یو لائک ٹو بی انٹروڈیوسڈ ٹو دی ممبرز آف مائی فیملی۔

غیاث: کیا تم میرے گھر والوں سے ملنا پسند کرو گے؟

Arnold: It would be my pleasure.

اٹ وڈ بی مائی پلیژر۔

آرنلڈ: مجھے مسرت ہوگی۔

Ghias: Daddy, here is my friend Arnold. He is my class-fellow. Arnold meet my father Mr. Jamal Pasha he is a famous author.

ڈیڈی ہیئر از مائی فرینڈ آرنلڈ۔ ہی از مائی کلاس فیلو۔ آرنلڈ میٹ مائی فادر مسٹر جمال پاشا ہی از اے فیمس آتھر۔

غیاث: ابا جان یہ ہے میرا دوست آرنلڈ۔ یہ میرا ہم جماعت ہے۔ آرنلڈ میرے والد سے ملو۔ یہ ہیں مسٹر جمال پاشا۔ یہ ایک مشہور ادیب ہیں۔

Arnold: Good morning, Uncle. It's my pleasure to meet you.

گڈ مارننگ انکل۔ اٹس مائی پلیژر ٹو میٹ یو۔

آرنلڈ: صبح بخیر چچا جان! مجھے آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔

Mr. Pasha: We're very glad to meet you. What's your father, Arnold?

وی آر ویری گلیڈ ٹو میٹ یو۔ وٹس یور فادر' آرنلڈ۔

مسٹر پاشا: ہم بھی تم سے مل کر بہت خوش ہوئے ہیں۔ آرنلڈ تمہارے والد کیا کرتے ہیں؟

Arnold: Uncle, my father is a diplomat in the Brazilian Embassy.

انکل' مائی فادر از اے ڈپلومیٹ ان دی برازیلین ایمبیسی۔

آرنلڈ! چچا جان میرے والد برازیل کے سفارت خانہ میں ایک سفارتکار ہیں۔

Mr. Pasha: Are you a Brazilian?

آر یو اے برازیلین؟

مسٹر پاشا: تم برازیلی ہو؟

Arnold: Uncle, we're of Armenian origin but now we're settled in Brazil.

انکل' وی آر آف آرمینین اوریجن بٹ ناؤ وی آر سیٹلڈ ان برازیل۔

آرنلڈ: چچا جان ہم بنیادی طور پر آرمینیا سے تعلق رکھتے ہیں لیکن اب برازیل میں آباد ہیں۔

Ghias: Arnold, come here and meet my mother Mrs. Samina Pasha. She is an English Lecturer in a Girls' College. Mummy, he is my friend Arnold.

آرنلڈ کم ہیئر اینڈ میٹ مائی مدر مسز ثمینہ پاشا۔ شی از این انگلش لیکچرر ان اے گرلز کالج۔ ممی ہی از مائی فرینڈ' آرنلڈ۔

غیاث: آرنلڈ آؤ میری والدہ مسز ثمینہ پاشا سے ملو۔ یہ ایک گرلز کالج میں انگریزی کی لیکچرار ہیں۔ امی جان یہ میرا دوست آرنلڈ ہے۔

Mrs. Pasha: Hello, Arnold! How're you?

ہیلو آرنلڈ! ہاؤ آر یو؟

مسز پاشا: کہو آرنلڈ؟ کیسے ہو؟

Arnold: Good morning, Aunty, I'm fine, thank you. How do you do?

گڈ مارننگ' آنٹی آئی ایم فائن' تھینک یو۔ ہاؤ ڈو یو ڈو۔

آرنلڈ: صبح بخیر چچی جان۔ میں ٹھیک ہوں۔ شکریہ۔ آپ کیسی ہیں؟

Mrs. Pasha: I'm fine. What's your mother, Arnold?

آئی ایم فائن۔ وٹس یور مدر آرنلڈ؟

مسز پاشا: میں ٹھیک ہوں۔ تمہاری والدہ کیا کرتی ہیں؟

Arnold: She also works in the Embassy.

شی آلسو ورکس ان دی ایمبیسی۔

آرنلڈ: وہ بھی سفارتخانے میں کام کرتی ہیں۔

Mrs. Pasha: it will be nice meeting your parents. Please bring them when you come next.

اٹ ول بی نائس میٹنگ یور پیرنٹس۔ پلیز برنگ دیم وین یو کم نیکسٹ۔

مسز پاشا: تمہارے والدین سے ملاقات اچھی رہے گی۔ ازراہ کرم اگلی مرتبہ انہیں بھی ساتھ لے کر آنا۔

Arnold: Definitely Aunty, they'd like to meet you too.

ڈیفی نیٹلی آنٹی دے وڈ لائک ٹو میٹ یو ٹو۔

آرنلڈ: ضرور چچی جان۔ وہ بھی آپ سے ملنا پسند کریں گے۔

Ghias: Now Arnold, please meet my elder brother Mr.Fiaz Pasha. He is doing final year BSc. Dear brother, he is my friend and class-mate, Arnold.

ناؤ آرنلڈ پلیز میٹ مائی ایلڈر برادر مسٹر فیاض پاشا۔ ہی از ڈوئنگ فائنل ایئر بی ایس سی۔ ڈیئر برادر ہی از مائی فرینڈ اینڈ کلاس میٹ آرنلڈ۔

غیاث: آرنلڈ اب میرے بڑے بھائی سے ملو۔ یہ ہیں فیاض پاشا اور یہ بی ایس سی کے آخری سال میں ہیں۔ بھائی جان یہ ہے میرا ہم جماعت اور دوست آرنلڈ۔

Fiaz: Hello, Arnold! How do you do?

ہیلو آرنلڈ! ہاؤ ڈو یو ڈو؟

فیاض: ہیلو آرنلڈ کیسے ہو؟

Arnold: I'm fine, thanks.

آئی ایم فائن۔ تھینکس۔

آرنلڈ: میں خیریت سے ہوں۔ شکریہ۔

Ghias: Arnold, now meet my elder sister Miss Rubina Pasha. She's doing her M.A. Final. Dear sister, he's my friend and class-mate, Arnold.

آرنلڈ ناؤ میٹ مائی ایلڈر سسٹر مس روبینہ پاشا۔ شی از ڈوئنگ ہر ایم اے فائنل۔ ڈیئر سسٹر ہی از مائی فرینڈ اینڈ کلاس میٹ آرنلڈ۔

غیاث: آرنلڈ اب ملو میری بڑی بہن مس روبینہ پاشا سے۔ یہ ایم اے کے آخری سال میں ہیں۔ عزیز بہن یہ ہے میرا ہم جماعت اور دوست آرنلڈ۔

Rubina: Hello Arnold, how're you?

ہیلو آرنلڈ۔ ہاؤ آر یو؟

روبینہ: ہیلو آرنلڈ۔ کیسے ہو؟

Arnold: Hello, Miss Rubina! Nice meeting you.

ہیلو مس روبینہ! نائس میٹنگ یو۔

آرنلڈ: ہیلو مس روبینہ۔ آپ سے مل کر مسرت ہوئی۔

Mrs. Pasha: Please have a cup of tea with us, Arnold.

پلیز ہیو اے کپ آف ٹی وِد اس آرنلڈ۔

مسز پاشا: آرنلڈ' ایک کپ چائے ہمارے ساتھ پیو۔

Arnold: No, thank you, Aunty; I'll be late. I've to go to the market for some shopping.

نو تھینک یو آنٹی' آئی وِل بی لیٹ۔ آئی ہیو ٹو گو ٹو دی مارکیٹ فار سم شاپنگ۔

آرنلڈ: جی نہیں شکریہ چچی جان۔ مجھے دیر ہو جائے گی۔ مجھے مارکیٹ جانا ہے اور کچھ خریداری کرنا ہے۔

Mrs. Pasha: It's all right. Please keep coming.

اِٹس آل رائٹ۔ پلیز کیپ کمنگ۔

مسز پاشا: چلو ٹھیک ہے۔ ویسے تم آتے رہنا۔

Arnold: I'll, Aunty. Nice meeting you all.

آئی وِل آنٹی۔ نائس میٹنگ یو آل۔

آرنلڈ: جی ضرور۔ آپ سب سے مل کر بہت اچھا لگا۔

Ghias: Please come again with your parents.

پلیز کم اگین وِد یور پیرنٹس۔

غیاث: ازراہ کرم' اگلی مرتبہ اپنے والدین کے ساتھ آنا۔

Arnold: Surely, I'll. Bye bye. See you again.

شیورلی' آئی وِل۔ بائے بائے۔ سی یو اگین۔

آرنلڈ: یقیناً۔ خدا حافظ۔ پھر ملاقات ہوگی۔

Ghias: Bye bye, See you.

بائے بائے' سی یو۔

غیاث: خدا حافظ۔ پھر ملیں گے۔

Conversation between Mother and Father

ماں اور باپ کے درمیان گفتگو

This lesson contains conversation between the parents. The mother is an early riser. She has prepared tea for her husband, who is sound asleep. Their son and daughter are sleeping in the next room. Not to awaken the children, the mother, with a cup of tea in her hand, quietly tries to wake up the father.

اس سبق میں والدین کے درمیان گفتگو دی گئی ہے۔ ماں صبح کو جلدی اٹھتی ہے۔ اس نے اپنے شوہر کے لیے چائے بنائی ہے۔ جو گہری نیند سو رہا ہے۔ ان کا بیٹا اور بیٹی برابر والے کمرے میں سوئے ہوئے ہیں۔ ماں بڑی آہستگی اور خاموشی سے اپنے ہاتھ میں چائے کی ایک پیالی لیے ہوئے اپنے شوہر کو جگانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ بچوں کی نیند خراب نہ ہو۔

Mother: Wake up dear, I've brought tea for you.

ویک اپ ڈیئر' آئی ہیو براٹ ٹی فار یو۔

ماں: جاگو جان! میں تمہارے لیے چائے لائی ہوں۔

Father: Good morning, darling. How lovely you look this morning! Thank you for the tea. Ah! that feels good. What time is it?

گڈ مارننگ ڈارلنگ۔ ہاؤ لولی یو لک دس مارننگ۔ تھینک یو فار دی ٹی۔ آہ! دیٹ فیلو گڈ۔ وٹ ٹائم از اٹ؟

باپ: صبح بخیر جانِ من! آج صبح تم کتنی پیاری لگ رہی ہو۔ چائے کے لیے شکریہ۔ ہوں بہت اچھی لگ رہی ہے۔ وقت کیا ہوا ہے۔

Mother: It's already six, and there is hustle and bustle in the street.

اٹس آل ریڈی سکس۔ اینڈ دیئر از ہسل اینڈ بسل ان دی سٹریٹ۔

ماں: چھ بج چکے ہیں اور گلی میں چہل پہل شروع ہو چکی ہے۔

Father: That reminds me, I've a sales conference today at nine a.m. sharp at the Holiday Inn. My boss is flying in at about eight o'clock. I'll have to go to the airport to receive him.

باپ: اس سے مجھے یاد آیا۔ آج میری ایک سیلز کانفرنس ہے ٹھیک نو بجے ہالیڈے ان میں۔ میرا باس آٹھ بجے کی پرواز سے پہنچ رہا ہے اور مجھے اسے لینے کے لیے ائرپورٹ جانا ہے۔

دیٹ ری مائنڈز می' آئی ہیو اے سیلز کانفرنس ٹوڈے ایٹ نائن اے ایم شارپ ایٹ دی ہالیڈے ان۔ مائی باس از فلائنگ ان ایٹ اباؤٹ ایٹ اوکلاک۔ آئی ول ہیو ٹو گو ٹو دی ائرپورٹ ٹو ریسیو ہم۔

Mother: Oh dear! why don't you send one of your junior managers to receive him.

ماں: اوہ جان! تم اپنے کسی جونیئر مینیجر کو اسے لینے کیوں نہیں بھیج دیتے۔

اوڈیئر! وائی ڈونٹ یو سینڈ ون آف یور جونیئر مینیجرز ٹو ریسیو ہم۔

Father: No, this is a very important meeting and then we have to discuss a few points also on our way back. Darling, please take out my blue suit. I'll quickly go for a shower. Is breakfast ready?

باپ: نہیں یہ بہت اہم میٹنگ ہے اور ہمیں ائرپورٹ سے واپسی پر کچھ امور پر تبادلہ خیال بھی کرنا ہے۔ جان من ذرا میرا نیلا سوٹ تو نکال دو۔ میں جلدی سے غسل کرلوں۔ کیا ناشتہ تیار ہے؟

نو دس از اے وری امپورٹنٹ میٹنگ اینڈ دین وی ہیو ٹو ڈسکس اے فیو پوائنٹس آل سو آن آور وے بیک۔ ڈارلنگ' پلیز ٹیک آؤٹ مائی بلیو سوٹ۔ آئی ول کوئکلی گو فار اے شاور۔ از بریک فاسٹ ریڈی؟

Mother: It will be ready by the time you finish your bath.

ماں: جب تک تم نہاؤ یہ تیار ہو جائے گا۔

اٹ ول بی ریڈی بائی دی ٹائم یو فنش یور باتھ۔

Father: O.K. has the driver got up? If he has, ask him to take out the car from the garrage.

باپ: ٹھیک ہے۔ کیا ڈرائیور جاگ گیا۔ اگر وہ جاگ چکا ہو تو اسے کہو کہ گاڑی گیراج سے باہر نکال لے۔

او کے۔ ہیز دی ڈرائیور گاٹ اپ؟ اف ہی ہیز' آسک ہم ٹو ٹیک آؤٹ دی کار فرام دی گیرج۔

Mother: O.K. but hurry up with your bath.

اوکے۔ بٹ ہری اپ ود یور باتھ۔

ماں: ٹھیک ہے۔ لیکن ذرا جلدی سے غسل کرلو۔

(After some time)

(کچھ دیر بعد)

Father: After early morning bath, one feels so fresh and relaxed. Is breakfast ready, dear?

آفٹر ارلی مارننگ باتھ ون فیلز سو فریش اینڈ ریلیکسڈ۔ از بریک فاسٹ ریڈی ڈیئر۔

باپ: صبح سویرے غسل کے بعد آدمی خود کو کتنا تروتازہ اور ہلکا پھلکا محسوس کرتا ہے۔ جان! کیا ناشتہ تیار ہوگیا ہے۔

Mother: Yes' it is. I'm laying it on the table, come soon.

یس اِٹ اِز۔ آئی ایم لے انگ اٹ آن دی ٹیبل۔ کم سون۔

جان! ہاں ہو چکا۔ میں اسے میز پر لگا رہی ہوں۔ جلدی سے آ جاؤ۔

Father: Just a minute. Aha! something smells good, but I won't eat much. I've to do a lot of talking in the conference.

جسٹ اے منٹ۔ آہا سیم تھنگ سمیلز گڈ۔ بٹ آئی وونٹ ایٹ مچ۔ آئی ہیو ٹو ڈو اے لاٹ آف ٹاکنگ ان دی کانفرنس۔

باپ: بس ایک منٹ۔ آہا کتنی اچھی خوشبو آرہی ہے لیکن میں زیادہ نہیں کھاؤں گا۔ مجھے آج کانفرنس میں بہت زیادہ گفتگو کرنا ہے۔

Mother: You and your conferences! Hope you don't pull up your sales people too hard, after all they are part of your sales achievements.

یو اینڈ یور کانفرنسز! ہوپ یو ڈونٹ پل اپ یور سیلز پیپل ٹو ہارڈ' آفٹر آل دے آر پارٹ آف یور سیلز اچیومنٹس۔

ماں: ایک تو تمہاری کانفرنس ہی ختم نہیں ہوتیں۔ میرا خیال ہے کہ تم اپنے ماتحتوں پر زیادہ سختی نہیں کرتے ہوگے۔ آخر کار ان کی کامیابی ہی تمہاری کامیابی ہے۔

Father: My dear, for the sake of my boss, I've to pull up some people for some reason or the other.

مائی ڈیئر فار دی سیک آف مائی باس' آئی ہیو ٹو پل اپ سم پیپل فار سم ریزن آر دی ادر۔

باپ: عزیز من! اپنے باس کی خاطر مجھے اپنے ماتحتوں پر کبھی نہ کبھی اور کسی نہ کسی وجہ سے سختی کرنا پڑ جاتی ہے۔

Mother: By the way, when are you taking me and the children out for dinner at Holiday Inn.

بائی دی وے' وین آر یو ٹیکنگ می اینڈ دی چلڈرن آوٹ فار اے ڈنر ایٹ ہالیڈے ان۔

ماں: ویسے یہ تو بتاؤ کہ تم مجھے اور بچوں کو ڈنر کے لئے ہالیڈے ان کب لیجارہے ہو؟

Father: I'll tell you a secret. I'm expecting a promotion. As soon as I get it, we will celebrate anywhere you like.

آئی ول ٹیل یو اے سیکرٹ۔ آئی ایم ایکس پیکٹنگ اے پروموشن۔ ایز سون ایز آئی گیٹ اٹ' وی ول سیلی بریٹ اینی ویئر یو لائک۔

باپ: میں تمہیں راز کی ایک بات بتاتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ میری ترقی ہونے والی ہے۔ جیسے ہی یہ ہوتا ہے ہم اس کا جشن جہاں تم کہو گی وہاں منائیں گے۔

Mother: That's wonderful news, dear. I can hardly wait to hear it confirmed.

ویٹس ونڈرفل نیوز ڈیئر۔ آئی کین ہارڈلی ویٹ ٹو ہیئر اٹ کنفرمڈ۔

ماں: یہ تو بہت اچھی خبر ہے۔ میں اس کی تصدیق کا شدت سے انتظار کروں گی۔

Father: Okay dear, I better go now. Has the driver brought out the car?

اوکے ڈیئر۔ آئی بیٹر گوناؤ۔ ہیز دی ڈرائیور براٹ آوٹ دی کار؟

باپ: اچھا جان! بہتر ہے اب میں چلوں۔ کیا ڈرائیور نے گاڑی باہر نکال لی ہے؟

Mother: Yes, he has. Poor man, he isn't feeling well.

یس ہی ہیز۔ پور مین' ہی از ناٹ فیلنگ ویل۔

ماں: ہاں نکال تو لی ہے لیکن اس بیچارے کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

Father: What happened? Yesterday I did notice he was rather quiet. If he isn't well, tell him not to worry. I'll drive the car myself.

وٹ ہیپنڈ؟ یسٹرڈے آئی ڈڈ نوٹس ہی واز رادر کوائٹ۔ اف ہی از ناٹ ویل' ٹیل ہم ناٹ ٹو وری۔ آئی ول ڈرائیو دی کار مائی سیلف۔

باپ: کیا ہوا؟ کل میں نے بھی محسوس کیا تھا کہ وہ کچھ چپ چپ سا ہے۔ اگر اس کی طبیعت ٹھیک نہیں تو اس کہو کہ بے فکر رہے میں گاڑی خود چلالوں گا۔

Mother: That would be nice, dear. He really looks ill.

دیٹ وڈ بی نائس ڈیئر۔ ہی ریئلی لکس ال۔

ماں: یہ ٹھیک رہے گا۔ وہ واقعی بیمار لگتا ہے۔

Father: O.K. then, tell him to take rest. I'll drive myself. Bye bye, darling. I'll be late tonight.

او کے دین، ٹیل ہم ٹو ٹیک ریسٹ۔ آئی ول ڈرائیو مائی سیلف۔ بائے بائے ڈارلنگ۔ آئی ول بی لیٹ ٹونائٹ۔

باپ: ٹھیک ہے۔ اسے کہو کہ آرام کرے۔ میں خود گاڑی لے جاؤں گا۔ خدا حافظ جان من۔ رات کو مجھے دیر ہو جائے گی۔

Mother: Bye bye, dear and all the best. I'll wait for you, to hear the good news of your promotion.

بائے بائے ڈیئر اینڈ آل دی بیسٹ۔ آئی ول ویٹ فار یو ٹو ہیئر دی گڈ نیوز آف یور پروموشن۔

ماں: خدا حافظ جان اور میری نیک خواہشات تمہارے ساتھ ہیں۔ میں تمہاری ترقی کی خوشخبری کا انتظار کروں گی۔

At the Breakfast Table

ناشتے کی میز پر

In this lesson Mrs Ansari has prepared breakfast for her family which comprises her husband Mr. Ansari, and their two teen-aged daughters, Fatima and Shakila. There is a great hurry as Mr. Ansari has to go to his office, Fatima and Shakila have to go to their school and Mrs. Ansari has plans for the family for an afternoon show.

ان دس لیسن مسز انصاری ہیز پریپیئرڈ بریک فاسٹ فار ہر فیملی وچ کمپرائیزز ہر ہزبینڈ مسٹر انصاری اینڈ دیئر ٹو ٹین ایجڈ ڈاٹرز فاطمہ اینڈ شکیلہ۔ دیئر از اے گریٹ ہری ایز مسٹر انصاری ہیز ٹو گو ٹو ہز آفس۔ فاطمہ اینڈ شکیلہ ہیو ٹو گو ٹو دیئر سکول اینڈ مسز انصاری ہیز پلینز فار دی فیملی فار این آفٹرنون شو۔

اس سبق میں مسز انصاری نے اپنی فیملی جو اس کے خاوند مسٹر انصاری اور ان کی دو چھوٹی لڑکیوں فاطمہ اور شکیلہ پر مشتمل ہے کیلئے ناشتہ تیار کیا ہے۔ وہاں پر سب کو جلدی ہے کیونکہ مسٹر انصاری کو اپنے دفتر جانا ہے۔ فاطمہ اور شکیلہ کو اپنے سکول کو جانا چاہے اور مسز انصاری کا فیملی کو بعد دوپہر کے شو میں لے جانے کا ارادہ ہے۔

Mrs. Ansari: Breakfast is ready. Come and have it before it gets cold.

بریک فاسٹ اِز ریڈی۔ کم اینڈ ہیو اٹ بی فور اٹ گیٹس کولڈ۔

مسز انصاری: ناشتہ تیار ہے۔ آیئے اور کرلیں اس سے پہلے کے یہ ٹھنڈا ہوجائے۔

Fatima: (Sitting first at the table) Can I have the first *paratha*, Mother?

(سٹنگ فرسٹ ایٹ دی ٹیبل) کین آئی ہیو دی فرسٹ پراٹھا مدر۔

فاطمہ: (میز پر سب سے پہلے بیٹھتے ہوئے) کیا میں پہلا پراٹھا لے سکتی ہوں امی جان۔

Mrs. Ansari: No, that's for your father. Please go and call him.

نو دیٹ از فار یور فادر۔ پلیز گو اینڈ کال ہم۔

مسز انصاری: نہیں یہ تمہارے باپ کیلئے ہے۔ جایئے اور ان کو بلائیں۔

Fatima: Father, breakfast is ready. Please come fast.

فادر بریک فاسٹ از ریڈی۔ پلیز کم فاسٹ۔

فاطمہ: ابو جان۔ ناشتہ تیار ہے۔ برائے مہربانی جلدی آیئے۔

Mr. Ansari: Just a minute, I can't find my socks. I don't know where your mother has kept them.

جسٹ اے منٹ۔ آئی کانٹ فائینڈ مائی سوکس۔ آئی ڈونٹ نو ویر یور مدر ہیز کیپٹ دیم۔

مسٹر انصاری: صرف ایک منٹ کیلئے ٹھہریئے مجھے اپنی جرابیں نہیں مل رہیں۔ پتہ نہیں تمہاری امی نے انہیں کہاں رکھا ہے۔

Mrs. Ansari: Don't you remember you gave them to the washerman last night? Take out a clean pair of socks from the cupboard and please hurry for breakfast; it's getting cold.

ڈونٹ یو ریمیمبر یو گیو دیم ٹو دی واشر مین لاسٹ نائیٹ؟ ٹیک آؤٹ اے کلین پیئر آف ساکس فرام دی کپ بورڈ اینڈ پلیز ہری فار بریک فاسٹ؛ اِٹ اِز گیٹنگ کولڈ۔

مسز انصاری: کیا آپ کو یاد نہیں کہ آپ نے انہیں گذشتہ شب دھوبی کو دے دیا تھا۔ الماری میں سے جرابوں کا ایک صاف جوڑا نکال لیں۔ اور برائے مہربانی ناشتے کیلئے جلدی کریں یہ سرد ہورہا ہے۔

Shakila: Fatima, are you wearing my socks? Give them back to me, I don't have any other clean pair.

فاطمہ آر یو ویئرنگ مائی سوکس؟ گِوو دیم بیک ٹو می۔ آئی ڈونٹ ہیو اینی ادر کلین پیئر۔

شکیلہ: فاطمہ کیا تم نے میری جرابیں پہن رکھی ہیں وہ مجھے واپس کردو۔ میرے پاس کوئی اور صاف جوڑا نہیں ہے۔

Fatima: Come and have breakfast first, then I'll return your socks.

کم اینڈ ہیو بریک فاسٹ فرسٹ دین آئی ول رٹرن یور سوکس۔

فاطمہ: آیئے اور پہلے ناشتہ کر لیجئے۔ پھر میں آپ کی جرابیں واپس کردونگی۔

Mr. Ansari: Breakfast smells good. Today the table is really full of all sorts of dishes and fruit. Hot *paratha*, jam, cheese, bread, butter, meat, curry, banana, apple, and even fruit salad. Whose birthday is it?

بریک فاسٹ سمیلز گڈ۔ ٹوڈے دی ٹیبل از ریئلی فل آف آل سورٹس آف ڈشز اینڈ فروٹ' ہاٹ پراٹھا' جام' چیز' بریڈ' بٹر' میٹ' کری' بنانا' ایپل اینڈ ایون فروٹ سلاد۔ ہوز برتھ ڈے از اٹ؟

مسٹر انصاری: کیا خوشبو ہے ناشتے کی۔ آج میز حقیقتاً ہر قسم کے کھانوں اور پھلوں سے بھری ہوئی ہے۔ گرم پراٹھا' جام' پنیر' ڈبل روٹی' مکھن' گوشت' سالن' کیلے' سیب اور پھلوں کی سلاد بھی۔ آج کس کی سالگرہ ہے۔

Mrs. Ansari: It's not a birthday party, my dear. Don't you remember, today being Saturday, we all are going to the movie for the matinee show? That means no lunch, so you had better eat well. We' ll have heavy breakfast and then dinner. Of course, we can have light snacks during the interval, in the theatre.

اٹ از ناٹ اے برتھ ڈے پارٹی مائی ڈیئر۔ ڈونٹ یو ریمیمبر' ٹوڈے بینگ سیچرڈے وی آل آر گوئینگ ٹو مووی فار دی میٹنی شو؟ دیٹ مینز نو لنچ۔ سو یو ہیڈ بیٹر ایٹ ویل۔ وی ول ہیو ہیوی بریک فاسٹ اینڈ دین ڈنر۔ آف کورس وی کین ہیو لائٹ سنیکس ڈورنگ دی انٹرول ان دی تھیٹر۔

مسز انصاری: جان یہ سالگرہ کی پارٹی نہیں ہے۔ کیا آپ کو یاد نہیں پڑتا کہ آج ہفتہ ہے اور ہم سب میٹنی شو پر فلم دیکھنے جا رہے ہیں؟ اس کا مطلب ہے دوپہر کا کھانا نہیں ہوگا اس لئے بہتر ہے کہ آپ زیادہ کھالیں۔ ہم بھاری ناشتہ کریں گے اور اس کے بعد رات کا کھانا کھائیں گے البتہ وقفے کے دوران تھیٹر میں ہم ہلکی سی چیزیں کھالینگے۔

Shakila: Mother, I'm not feelling very hungry after drinking this glass of milk.

مدر آئی ایم ناٹ فیلنگ ویری ہنگری آفٹر ڈرنکنگ دس گلاس آف ملک۔

شکیلہ: امی جان یہ دودھ کا گلاس پینے کے بعد مجھے زیادہ بھوک نہیں محسوس ہو رہی ہے۔

Mrs. Ansari: My dear child, you had better eat, otherwise you'll feel hungry while seeing the movie.

مائی ڈیئر چائلڈ' یو بیٹر ایٹ' ادر وائیز یو ول فیل ہنگری وائیل سیئینگ دی مووی۔

مسز انصاری: میرے پیارے بچے بہتر ہے کہ تم کھالو ورنہ فلم دیکھتے وقت تمہیں بھوک لگے گی۔

Fatima: Mother, please give me another *paratha* and butter.

مدر پلیز گو می این ادر پراٹھا اینڈ بٹر۔

فاطمہ: امی جان مجھے ایک اور پراٹھا اور مکھن دیں۔

Mr. Ansari: I think there is less salt in meat curry. Shakila, pass me some salt and a slice of bread. I find *paratha* too heavy, although it's very tempting.

آئی تھنک دیئر از لیس سالٹ ان میٹ کری۔ شکیلہ' پاس می سم سالٹ اینڈ اے سلائس آف بریڈ۔ آئی فائینڈ پراٹھا ٹو ہیوی۔ آلدو اِٹ از ویری ٹیمپٹنگ۔

مسٹر انصاری: میرے خیال میں گوشت کے سالن میں نمک کم ہے۔ شکیلہ مجھے کچھ نمک اور روٹی کا ایک ٹکڑا دو۔ پراٹھا مجھے بہت وزنی لگتا ہے اگرچہ اس میں بڑی اشتہا ہوتی ہے۔

Mrs. Ansari: I know *paratha* is your weakness, but lately you have started eating less. Hope there is nothing wrong, dear.

آئی نو پراٹھا از یور ویکنیس بٹ لیٹلی یو ہیو سٹارٹڈ ایٹنگ لیس۔ ہوپ دیئر از نتھنگ رانگ ڈیئر۔

مسز انصاری: مجھے معلوم ہے پراٹھا آپ کی کمزوری ہے لیکن حال ہی میں آپ نے کھانا کم کر دیا ہے۔ مجھے امید ہے جان کوئی پریشانی کی بات نہیں ہے۔

Mr. Ansari: No, no, there's nothing wrong. It's just that I'm trying to lose a little weight and look trim and proper like Shakila. May be, I'll get a job for modelling!

نو۔نو۔ دیئر از نتھنگ رانگ۔ اِٹ اِز جسٹ دیٹ آئی ایم ٹرائینگ ٹو لوز اے لٹل ویٹ اینڈ لک ٹرم اینڈ پراپر لائیک شکیلہ۔ مے بی آئی ول گیٹ اے جاب فار ماڈلنگ۔

مسٹر انصاری: نہیں نہیں۔ ایسی پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے بات صرف یہ ہے کہ میں کچھ وزن کم کرنا چاہتا ہوں اور شکیلہ کی طرح دبلا اور مناسب دکھائی دینا چاہتا ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ مجھے ماڈلنگ کا کام مل جائے۔

Shakila: Oh, Father! You are always teasing me.

اوہ فادر۔ یو آر آلویز ٹیزنگ می۔

شکیلہ: اوہ ابو جان آپ مجھ پر ہمیشہ طنز کرتے ہیں۔

Fatima: Mother, I love eating and don't care for dieting as Shakila does. That's why I do so well in sports.

آئی لو ایٹنگ اینڈ ڈونٹ کیئر فار ڈائیٹنگ ایز شکیلہ ڈز۔ دیٹ از وائی آئی ڈو سو ویل ان سپورٹس۔

فاطمہ: امی جان میں کھانا پسند کرتی ہوں اور کھانا کم کرنے کی پرواہ نہیں کرتی جیسا کہ شکیلہ کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں کھیلوں میں اچھی کارکردگی دکھاتی ہوں۔

Mrs. Ansari: Yes, dear. Do eat well, but be more careful when you give up playig sports, because then you'll be liable to put on weight like me, which is not good. Here, have some more bananas. How did you find the fruit salad?

یس ڈیئر ڈو ایٹ ویل بٹ بی مور کیئرفل وین یو ر گو اپ پلیئنگ سپورٹس' بیکاز دین یو ول بی لائیبل ٹو پٹ ان ویٹ لائیک می' وچ از ناٹ گڈ۔ ہیئر ہیو سم مور بنانا ز۔ ہاؤ ڈڈ یو فائینڈ دی فروٹ سلاد۔

مسز انصاری: ہاں عزیزی۔ اچھا کھاؤ لیکن جب تم کھیلنا بند کرو تو زیادہ احتیاط کرو کیونکہ میری طرح تمہارا بھی وزن زیادہ ہوجائیگا۔ جو کہ اچھی بات نہیں ہے۔ یہ لو اور کیلے کھاؤ۔ تمہیں پھلوں کی سلاد کیسی لگی۔

Fatima: I liked it very much, Mother.

آئی لائیکڈ اٹ ویری مچ مدر۔

فاطمہ: مجھے یہ بہت پسند آئی امی جان۔

Mr. Ansari: So did I, dear. Oh, My God! It's getting late. I had better leave now or else I'll miss my bus. Bye, everyone.

سو ڈڈ آئی ڈیر۔ اوہ مائی گاڈ! اِٹ اِز گیٹنگ لیٹ۔ آئی ہیڈ بیٹر لیو ناؤ آر ایلس آئی وِل مس مائی بس۔ بائے ایوری ون۔

مسٹر انصاری: جان۔ مجھے بھی پسند آئی۔ اوہ میرے خدا۔ دیر ہو رہی ہے۔ مجھے ابھی جانا چاہیے ورنہ میری بس نکل جائیگی۔ تم سب کو خدا حافظ۔

Fatima: Bye bye, Father.

بائے بائے فادر۔

فاطمہ: خدا حافظ! ابو جان۔

Shakila: Bye bye, Father.

بائی بائی فادر۔

شکیلہ: خدا حافظ! ابو جان۔

Mrs. Ansari: Bye bye, and come back in time; we don't want to be late for the movie. (After Mr. Ansari haa left) Oh! He has forgotten his hanky!

بائے بائے اینڈ کم بیک ان ٹائم۔ وی ڈونٹ وانٹ ٹو بی لیٹ فار دی مووی (آفٹر مسٹر انصاری ہیز لیفٹ) اوہ ہی ہیز فار گاٹن ہیز ہینکی۔

مسز انصاری: خدا حافظ! اور وقت پر واپس آ جانا۔ ہم فلم کیلئے دیر نہیں کرنا چاہتے (مسٹر انصاری کے جانے کے بعد) اوہ وہ اپنا رومال بھول گئے ہیں۔

Visiting a Foreigner Friend

ایک غیر ملکی دوست کی آمد

This lesson contains conversation between Mr. Imran and his wife Anila regarding visiting a British friend who has invited them to dinner.

دس لیسن کنٹینز کنورسیشن بٹوین مسٹر عمران اینڈ ہز وائف انیلا ریگارڈنگ وزٹنگ اے برٹش فرینڈ ہو ہیز انوائٹیڈ دیم ٹو ڈنر۔

اس سبق میں مسٹر عمران اور اس کی بیوی انیلا کے درمیان ہونے والی گفتگو دی گئی ہے جو ایک انگریز دوست کے گھر ہونے والی دعوت پر جانے کے لیے جو اس نے رات کے کھانے پر دی ہے پر گفتگو ہے۔

Imran: (After coming from office) Anila, today we've been invited to dinner by my British friend, John.

(آفٹر کمنگ فرام آفیس) انیلا ٹوڈے وی ہیو بین انوائیٹڈ ٹو ڈنر بائی مائی برٹش فرینڈ، جون۔

عمران: (دفتر سے آنے کے بعد) انیلا آج میرے ایک انگریز دوست مسٹر جون نے ہمیں رات کے کھانے پر دعوت دی ہے۔

Anila: But I don't know them. How will I talk to them?

بٹ آئی ڈونٹ نو دیم۔ ہاؤ ول آئی ٹاک ٹو دیم۔

انیلا: لیکن میں انہیں نہیں جانتی میں ان سے کیسے بات چیت کروں گی؟

Imran: You know well that John is my very good friend. He's a nice guy.

یو نو ویل دیٹ جون از مائی ویری گڈ فرینڈ۔ ہی از اے نائس گائی۔

عمران: تم بڑی اچھی طرح سے جانتی ہو کہ جون میرا بہت اچھا دوست ہے۔ وہ ایک عمدہ نوجوان ہے۔

Anila: You could have refused the invitation. You shouldn't have accepted it.

یو کڈ ہیو ریفیوزڈ دی انویٹیشن۔ یو شڈ ناٹ ہیو ایکسپیٹڈ اٹ۔

انیلا: تم دعوت سے انکار کرسکتے تھے۔ تمہیں یہ منظور نہیں کرنی چاہیے تھی۔

Imran: My darling, we're good friends. I couldn't say no to him. You can also meet his wife Mary.

مائی ڈارلنگ وی آر گڈ فرینڈز۔ آئی کڈ ناٹ سے نو ٹو ہم۔ یو کین آل سو میٹ ہز وائف میری۔

عمران: میری جان۔ ہم اچھے دوست ہیں۔ میں اسے انکار نہیں کرسکتا تھا۔ تم اس کی بیوی میری سے بھی ملو گی۔

Anila: But I don't know her.

بٹ آئی ڈونٹ نو ہر۔

انیلا: لیکن میں اس کو نہیں جانتی۔

Imran: She's a good lady. I'm sure you'll like her when you meet her.

شی از اے گڈ لیڈی۔ آئی ایم شیور یو ول لائیک ہر وین یو میٹ ہر۔

عمران: وہ ایک اچھی خاتون ہے۔ مجھے یقین ہے تم اسے پسند کرو گی جب تم اس سے ملو گی۔

Anila: I'm afraid I'll not be able to understand her English accent.

آئی ایم افریڈ آئی ول ناٹ بی ایبل ٹو انڈرسٹینڈ ہر انگلش ایسینٹ۔

انیلا: مجھے ڈر ہے کہ میں اس کا انگریزی کا لہجہ سمجھ نہیں سکوں گی۔

Imran: Please don't worry. I assure you that both of them speak very clearly and you'll have no problem in conversing with them.

پلیز ڈونٹ وری۔ آئی ایشور یو دیٹ بوتھ آف دیم سپیک ویری کلیرلی اینڈ یو ول ہیو نو پروبلم ان کنورسنگ ود دیم۔

عمران: برائے مہربانی فکر مت کرو۔ میں تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ وہ دونوں بہت صاف بولتے ہیں اور تمہیں ان سے گفتگو کرتے ہوئے کوئی مسئلہ پیش نہیں آئے گا۔

Anila: They must be very sophisticated and fashionable couple. I don't think I'll be comfortable with them.

دے مسٹ بی ویری سوفیسٹی کیٹڈ اینڈ فیشن ایبل کپل۔ آئی ڈونٹ تھنک آئی ول بی کمفرٹیبل ود دیم۔

انیلا: وہ بہت مہذب اور فیشن کرنے والا جوڑا ہوگا۔ میرا یہ خیال نہیں کہ میں ان کے ساتھ آرام میں رہوں گی۔

Imran: Darling, don't worry. They're very simple people and they don't put on any airs. ·

ڈارلنگ ڈونٹ وری۔ دے آر ویری سمپل پیپل اینڈ دے ڈونٹ پٹ آن اینی ایئرز۔

عمران: جان فکر مند مت ہو وہ بہت سیدھے سادھے لوگ ہیں اور وہ کسی قسم کا تکبر بھی نہیں کرتے۔

Anila: Then what about their food? Will I be able to eat that? You know I don't eat meat.

دین وٹ اباؤٹ دیئر فوڈ؟ ول آئی بی ایبل ٹو ایٹ دیٹ؟ یو نو آئی ڈونٹ ایٹ میٹ۔

انیلا: ان کے کھانے کے متعلق کیا خیال ہے۔ کیا میں ان کے ساتھ وہ کھا سکوں گی؟ تمہیں معلوم ہے میں گوشت نہیں کھاتی۔

Manager: O.K., you can go round the room. The room is in good condition.	مینیجر: ٹھیک ہے۔ آپ جا کر کمرہ دیکھ لیں۔ بہت اچھا ہے۔

Ashraf: I have full faith in you. The room must be airy, neat and clean.	اشرف: مجھے آپ کی ہر بات پر پورا اعتماد ہے۔ کمرہ ہوادار اور صاف ستھرا بھی ہو۔
Manager: Here are the keys of room No. 27. I hope you would be satisfied with our service.	مینیجر: یہ لیں کمرہ نمبر 27 کی چابی۔ امید ہے آپ ہماری خدمت سے خوش ہوں گے۔
Ashraf: Thanks, (the couple enter the room)	اشرف: شکریہ (میاں بیوی کمرے میں داخل ہوتے ہیں)
Nazli (Wife): Really, the room is clean and well-ventilated, there is also an attached bath and the decoration is also cute, the beds are comfortable and supple.	نازلی (بیوی): واقعی کمرہ صاف ستھرا اور ہوادار ہے' اٹیچ باتھ بھی ہے اور ڈیکوریشن بھی عمدہ ہے' بیڈ بھی آرام دہ اور نرم و گداز ہیں۔
Ashraf: Thank God, it satisfies your standard.	اشرف: شکر ہے تمہارے معیار پر تو پورا اترا۔
(Waiter knocks at the door)	(بیرا دروازے پر دستک دیتا ہے)
Ashraf: Who is there?	اشرف: کون؟
Waiter: What would you like to have?	بیرا: کیا تناول فرمائیں گے؟
Nazli: The menu, please.	نازلی: مینو دکھائیں۔
Waiter: Here you are.	بیرا: یہ رہا۔
Ashraf: What for you; darling?	اشرف: ڈارلنگ۔ آپ کیا لیں گی؟
(Nazli examines the menu)	(نازلی فہرست دیکھتی ہے)
Nazli: My life, I shall like to have shami kababs and palao. You can mention your choice.	نازلی: جان! میں پلاؤ اور شامی کباب کھانا پسند کروں گی۔ آپ اپنی پسند بتائیے۔

English	Urdu
Ashraf: Waiter, bring chicken roast, mutton karahi and oily loaves for me and one dish of palao, one of shami kababs, yogurt and salad for Nazli.	اشرف: بیرے! سنو میرے لئے بھنا ہوا مرغ، بکرے کے گوشت کی کڑاہی، روغنی نان اور نازلی کے لئے ایک پلیٹ پلاؤ، ایک پلیٹ شامی کباب، دہی اور سلاد لے آؤ۔
(The waiter brings everything. After taking meal)	(بیرا سب کچھ حاضر کرتا ہے۔ کھانے سے فارغ ہو کر)
Waiter: Sir, would you like to have tea or any cold drink after the meal?	بیرا: جناب کھانے کے بعد آپ چائے پینا پسند کریں گے یا مشروب؟
Ashraf: Bring a Pepsi for me.	اشرف: بھئی میرے لئے تو پیپسی لے آؤ۔
Nazli: I shall have Coke. (After taking the cold drinks)	نازلی: میں تو کوک پیوں گی۔ (بوتلیں پینے کے بعد)
Ashraf: Waiter, bring the bill.	اشرف: بیرا! بل لاؤ۔
Waiter: Here you are, sir.	بیرا: یہ لیجئے حضور۔
Ashraf: Here are five hundred rupees. And ten rupees as your tip.	اشرف: یہ لو پانچ سو روپے اور دس روپے تمہاری ٹپ۔

Between Doctor's Peon And A Patient

مریض اور ڈاکٹر کے چپڑاسی کے درمیان

Naeem:	(To the peon) Please inform the doctor that my name is Naeem. I am waiting for him and I got an appointment yesterday.	نعیم: (چپڑاسی سے) ڈاکٹر صاحب کو اطلاع کر دیجئے کہ میرا نام نعیم ہے۔ میں ان کا انتظار کر رہا ہوں اور میں نے ان سے کل وقت لیا تھا۔
Peon:	What time did he give you?	چپڑاسی: انہوں نے آپ کو کونسا وقت دیا تھا؟
Naeem:	11 O'clock, and now it is going to be 11.	نعیم: گیارہ بجے کا' اور اب تقریباً گیارہ بجنے والے ہیں۔
Peon:	Sorry sir, he is busy in an operation and he couldn't be free before an hour.	چپڑاسی: معاف کیجئے جناب' وہ ایک آپریشن میں مصروف ہیں اور وہ ایک گھنٹہ سے پہلے فارغ نہیں ہوں گے۔
Naeem:	Oh God! then what should I do in the meantime?	نعیم: اوہ خدایا! اس اثناء میں میں کیا کروں؟
Peon:	You can stay in waiting room, sir, and read the paper.	چپڑاسی: آپ انتظار گاہ میں ٹھہریئے اور اخبار پڑھیئے۔
Naeem:	All right, please let me know as soon as he is free.	نعیم: بالکل ٹھیک! جیسے ہی وہ فارغ ہوں' مجھے بتا دیں۔
(After half an hour)		(آدھے گھنٹے بعد)
Peon:	Sir, the doctor is free now and you can see him.	چپڑاسی: جناب! ڈاکٹر صاحب اب فارغ ہیں؟ آپ ان سے مل سکتے ہیں۔

Between A Doctor And A Patient

ڈاکٹر اور مریض کے درمیان

Naeem:	Hello, doctor.	نعیم: ہیلو ڈاکٹر۔
Doctor:	How are you, Naeem?	ڈاکٹر: آپ کیسے ہیں نعیم؟
Naeem:	I feel some heart-trouble.	نعیم: مجھے دل کی تکلیف ہے۔
Doctor:	Please take off your coat. I would check your heart and lungs first.	ڈاکٹر: مہربانی کر کے اپنا کورٹ اتار دیں۔ میں پہلے آپ کا دل اور پھیپھڑے چیک کروں گا۔
Naeem:	All right, sir.	نعیم: بالکل ٹھیک ہے جناب۔
Doctor:	You lungs are very sound, but heart seems a little bit weak. Do you smoke?	ڈاکٹر: آپ کے پھیپھڑے تو بالکل ٹھیک ہیں' لیکن دل میں کچھ کمزوری ہے۔ کیا آپ سگریٹ پیتے ہیں؟
Naeem:	Yes sir, I do. Has that made my heart weak?	نعیم: جی ہاں جناب' کیا میرے دل پر اس بات کا اثر ہوا ہے؟
Doctor:	I think you should not smoke at all. Also avoid all kinds of hard exercise.	ڈاکٹر: میرا خیال ہے آپ سگریٹ بالکل ترک کر دیں اور ہر قسم کی سخت ورزش سے پرہیز کریں۔
Naeem:	I am already not in the habit of taking exercise.	نعیم: مجھے پہلے ہی ورزش کرنے کی عادت نہیں ہے۔
Doctor:	Then you should go for a walk in the morning and have a stroll after meals in the evening. Here is the prescription.	ڈاکٹر: تب تو آپ کو صبح سویرے سیر کو جانا چاہئے اور شام کے کھانے کے بعد بھی چہل قدمی کرنی چاہئے۔ یہ رہا آپ کا نسخہ۔

Naeem:	(Taking the prescription) Thank you very much doctor, here is your fee.	نعیم: (نسخہ لیتے ہوئے) بہت شکریہ ڈاکٹر صاحب۔ یہ رہی آپ کی فیس۔
Doctor:	Thank you, I hope you will follow my instructions to recover soon.	ڈاکٹر: شکریہ جناب، میں امید کرتا ہوں کہ آپ میری ہدایات پر جلد بہتر ہونے کے لئے عمل کریں گے۔
Naeem:	Certainly doctor, I will.	نعیم: یقیناً میں ضرور کروں گا جناب۔

Between Teacher & Students On Importance Of Games

کھیلوں کی اہمیت پر استاد اور طلباء کے درمیان

Teacher:	Well, sit down boys. Here is a happy news for you that we are starting all games at our institution from next Saturday. Now everyone of you have to choose a game.	استاد: آپ بیٹھ سکتے ہیں، آپ کے لئے ایک اچھی خبر ہے۔ اگلے ہفتے سے ہم ہر قسم کی کھیلیں اپنے ادارے میں شروع کر رہے ہیں۔ اب ہر ایک کو یہ فیصلہ کرنا پڑے گا کہ وہ کونسا کھیل کھیلنا پسند کرے گا۔
Umer:	We are not going to play any game. Sir, this is our last year in class, we have to appear in Higher Secondary Boards Exams this year. Games are of no use to us in passing examination.	عمر: ہم کوئی کھیل بھی نہیں کھیلنا چاہتے۔ سر! ہماری کلاس کا آخری سال ہے۔ ہمیں اسی سال سیکنڈری بورڈ کے امتحان میں بھی بیٹھنا ہے۔ کھیلیں تو ہمارے امتحان پاس کرنے میں کوئی مدد نہیں کریں گی۔

Teacher:	Games are just as useful as studies can be. You should not become only book-worms.	کھیلیں مطالعہ کی طرح ہی مفید ہیں۔ آپ کو صرف کتابی کیڑا نہیں بننا چاہیے۔	استاد:
Students:	Of what good is any game to us in service or business or exams?	کھیلوں کا کوئی استعمال نہیں ہے۔ ہمارے کاروبار و نوکری اور نہ ہی امتحان میں کوئی فائدہ ہے۔	طلباء:
Teacher:	Every game teaches you discipline and obedience, and these qualities stand you in good stead in every walk of life.	ہر کھیل ہمیں نظم و ضبط اور اطاعت سکھاتی ہے اور یہی خصوصیات آپ کو زندگی میں اہم مقام دیتی ہیں۔	استاد:
Students:	After playing, we shall get tired and when we are tired we can't attend to our studies.	جناب کھیلنے کے بعد ہم تھک جائیں گے اور جب ہم تھک جائیں گے تو پڑھائی نہیں کر سکیں گے۔	طالبعلم:
Teacher:	No, my dear, it is wrong to think like that. Games make you healthy physically as well as mentally and you know a healthy body has a healthy mind. Without health and strength, you can't fight the battle of life.	نہیں پیارے اس طرح سوچنا غلط ہے۔ کھیلیں آپ کو جسمانی اور دماغی طور پر چاک وچوبند رکھتی ہیں۔ آپ کو یہ تو پتا ہے کہ صحتمند جسم میں صحتمند دماغ ہوتا ہے۔ آپ زندگی کی جنگ اس کے بغیر قطعاً نہیں جیت سکتے۔	استاد:
Bilal:	Now sir, we have fully realised that games are very useful for us. In future, all of us will take part in games.	اب جناب ہم یہ اچھی طرح جان گئے ہیں کہ کھیلیں ہمارے لیے کتنی مفید ہیں۔ آئندہ ہم سب کھیلوں میں حصہ لیں گے۔	بلال:

A Visit To A Bookshop

کتابوں کی دکان کی ایک سیر

English	Urdu
Can: (Entering the shop, to the man on counter) Could I meet Mr. Shahid?	کینیڈئن: (دکان میں داخل ہوتے ہوئے کاؤنٹر پر بیٹھے آدمی سے) کیا میں شاہد صاحب سے مل سکتا ہوں؟
C. man: Yes sir, by all means. He is sitting in his office just behind that glass window.	کاؤنٹر والا: ہاں جناب۔ کیوں نہیں' وہ شیشے کی کھڑکی کے اس پار اپنے دفتر میں تشریف رکھتے ہیں۔
Can: Thank you. (going toward office) May I come in sir?	کینیڈئن: شکریہ (دفتر کی جانب بڑھتے ہوئے) اندر آؤں جناب؟
Shahid: Yes please, come in, have a seat.	شاہد: ہاں جناب آجایئے۔ تشریف رکھئے۔
Can: I am Banjamin from Candian Investment Inc. I rang you up from Hotel Avari an hour before.	کینیڈئن: میں بینجمن ہوں اور میرا تعلق کینیڈئن انوسٹمنٹ انکارپوریٹڈ لمیٹڈ سے ہے۔ میں نے آواری ہوٹل سے آپکو ایک گھنٹہ پہلے فون کیا تھا۔
Shahid: (Shaking hand) Oh! very glad to meet you. Bundle of thanks for your kind visit.	شاہد: (ہاتھ ملاتے ہوئے) ہاں آپ سے مل کر بڑی خوشی ہوئی۔ آپ کی تشریف آوری کا بہت شکریہ۔
Can: Mention not, I have already heard your name and studied books of your institution. I appreciate your care in selection of subjects and authors.	کینیڈئن: کوئی بات نہیں میں نے پہلے ہی آپ کا نام سن رکھا ہے اور آپ کے ادارے کی کتابیں بھی پڑھ چکا ہوں۔ میں آپ کے مضامین اور مصنفین کے انتخاب میں عرق ریزی کی بڑی قدر کرتا ہوں۔

Shahid:	Yes please. Any service?	شاہد: جی تو فرمایئے۔ ہمارے لائق؟
Can:	Please show me the book for which I have come.	کینیڈٹن: مہربانی فرما کر مجھے وہ کتاب دکھائیں جس کے لئے میں یہاں آیا ہوں۔
Shahid:	(The book was already lying on his table, placing it before him) Here you are, sir.	شاہد: (کتاب پہلے ہی میز پر پڑی ہوئی تھی' اس کے آگے رکھتے ہوئے) یہ رہی جناب۔
Can:	(After considering for a few minutes, looking into the important chapters and different tables on different topics) Please give me three copies of this book. Two copies I shall send to our Board of Directors for study and getting recommendations from them about my project.	کینیڈٹن: (کچھ دیر غور کرنے اور اہم ابواب اور مختلف موضوعات پر مختلف جدول دیکھنے کے بعد) براہ کرم آپ مجھے اس کتاب کی تین کاپیاں دے دیں۔ ان میں سے دو کاپیاں مطالعے کے لئے اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بھیجوں گا اور اپنے ایک منصوبے کے لئے ان کی سفارشات حاصل کروں گا۔
Shahid:	As you like, sir. (orders to pack 3 copies of "Towards Pakistan Economy"). Bring the bill.	شاہد: جیسے آپ کی مرضی جناب۔ (ٹوورڈز پاکستان اکانومی کی تین کاپیاں پیک کرنے کے لئے کہتے ہوئے) بل لے آئیں۔
Peon:	Here are these sir, and here is the bill.	چپڑاسی: یہ رہی کتابیں جناب اور یہ ہے ان کا بل۔

Shahid:	(Seeing the bill) Rs. 270 only. I am offering a special discound for your kind visit. Please pay 200 only.	(بل کو دیکھتے ہوئے) دو سو ستر روپے صرف۔ میں نے آپ کی قابل قدر تشریف آوری کی بناء پر خصوصی رعایت کی ہے۔ آپ براہ کرم صرف دو سو روپے ادا کردیں۔	شاہد:
Can:	That is very kind of you. Leaving the business aside, I shall be visiting you every now and then. Alright good-bye.	یہ آپ کی بڑی ذرہ نوازی ہے۔ کاروباری امور سے ہٹ کر میں وقتاً فوقتاً آپ کے ہاں آتا رہوں گا۔ اچھا خدا حافظ۔	کینیڈئن:
Shahid:	Bye bye.	خدا حافظ۔	شاہد:

Between A College Girl And Boy

کالج کے لڑکے اور لڑکی کے درمیان

Imran:	Err --- these girls show their vanity for nothing.	ایک تو یہ لڑکیاں نخرے بڑے کرتی ہیں۔	عمران:
Shazia:	And these boys --- never work hard. They just ogle at girls and ask them for notes.	اور یہ لڑکے خود تو محنت نہیں کرتے۔ لڑکیاں تاڑتے رہتے ہیں اور پھر نوٹس لڑکیوں سے مانگتے پھرتے ہیں۔	شازیہ:
Imran:	Mind you, this is rigging.	بس بس رہنے دیں آپ یہ دھاندلی۔	عمران:
Shazia:	Yes, I am telling you the truth.	ٹھیک ہی تو کہہ رہی ہوں۔	شازیہ:
Imran:	Impossible! you are not supposed to be a doctor.	ٹا باباٹا! پڑھ پڑھ کر آپ نے جیسے واقعی ڈاکٹر بن جانا ہو۔	عمران:

Shazia:	Why not? You will see me a doctor.	کیوں نہیں، بن کے دکھاؤں گی ڈاکٹر۔	شازیہ:
Imran:	What would you do after becoming a doctor?	ڈاکٹر بن کے آپ کیا کریں گی جناب؟	عمران:
Shazia:	I shall practice medicine.	علاج کروں گی۔	شازیہ:
Imran:	You will do the hell. Whom would you cure?	خاک کرنا ہے آپ کو علاج۔ کس کا علاج کریں گی؟	عمران:
Shazia:	The crazy fellows like you.	آپ جیسے پاگلوں کا۔	شازیہ:
Imran:	Oh! terrific! a new relation will develop with you.	ارے واہ! چلو کوئی تو تعلق پیدا ہوگا۔	عمران:

Dialogue On Politics During Railway Journey

ریل گاڑی میں سیاست پر گفتگو

(Shahid enters a 1st class compartment and asks the man sitting there)

(شاہد ایک اول درجہ کے ڈبہ میں داخل ہوتا ہے اور ایک آدمی سے پوچھتا ہے)

Shahid:	Is this seat occupied?	کیا یہ سیٹ لگی ہوئی ہے؟	شاہد:
Man:	No, it is vacant.	نہیں یہ خالی ہے۔	آدمی:
Shahid:	Thank you. (puts his bag in the rack and sits).	شکریہ۔ (اپنا بیگ اوپر ریک پر رکھ کر بیٹھ جاتا ہے)۔	شاہد:
Man:	Sir, where are you going?	جناب آپ کہاں تشریف لے جا رہے ہیں؟	آدمی:

Shahid:	I am going to Multan.	میں ملتان جا رہا ہوں۔	شاہد:
Man:	Are you going on a business trip?	کیا آپ کاروباری دورے پر جا رہے ہیں؟	آدمی:
Shahid:	I am going there to vote for in the by-elections. Sorry, I forgot to ask your name.	میں وہاں ضمنی الیکشن کے سلسلہ میں ووٹ ڈالنے جا رہا ہوں۔ سوری آپ کا نام بھول گیا۔	شاہد:
Man:	They say me Amjad. Oh yes, I know the elections are going to hold tomorrow. But you are spending a lot only to use your vote.	مجھے امجد کہتے ہیں۔ اوہ ہاں' مجھے معلوم ہے کہ انتخابات کل ہو رہے ہیں۔ لیکن آپ ووٹ ڈالنے کے لئے کافی پیسے خرچ کر رہے ہیں۔	آدمی:
Shahid:	Vote is our right, and we should use our right at any cost.	یہ ہمارا بنیادی حق ہے اور ہمیں اس حق کو استعمال کرنا چاہیے۔	شاہد:
Amjad:	Right of vote, I know, is the backbone of democracy. But can it flourish in Pakistan?	رائے دہی کا حق میں جانتا ہوں کہ جمہوریت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کا کام دیتا ہے۔ لیکن کیا یہ جمہوریت پاکستان میں پنپ سکتی ہے؟	امجد:
Shahid:	Not more than 20% people are educated here. Moreover the feudal system which is a creation of British government feudal lords don't want to go things against their will.	ہمارے ہاں خواندگی کا تناسب 20 فیصد سے زیادہ نہیں ہے اور سب سے بڑھ کر جاگیرداری نظام ہے جسے انگریز ہم پر مسلط کر گیا ہے۔	شاہد:

	They have supressed the will of their tenants, cultivators, meanies and do not allow them to vote against their desire.	اس نظام میں جاگیردار نے کبھی بھی تو اپنی مرضی کے خلاف قوانین پاس نہیں ہونے دیے۔ وہ اپنے مزارع، کاشتکاروں اور چھوٹے چھوٹے کام کرنے والے طبقے کو ذہنی طور پر دبائے رکھتے ہیں اور انہیں اپنی مرضی کے خلاف ووٹ استعمال کرنے نہیں دیتے۔	
Amjad:	That is what I want to emphasize, that until and unless our people are educated this system of government can't survive.	اسی بات پر تو میں زور دے رہا تھا کہ جب تک لوگوں کو تعلیم کے مواقع میسر نہیں کیے جاتے، یہ نظام حکومت نہیں بچ سکتا۔	امجد:

☆☆☆☆☆

Interviews

انٹرویوز

Interview For Visa Of England

انگلینڈ کے ویزے کے لئے انٹرویو

English	Urdu
Q. Why are you interested to visit England?	آپ انگلینڈ جانے میں دلچسپی کیوں رکھتے ہیں؟
A. My brother-in-law is seriously ill there.	میرے سالا صاحب وہاں شدید بیمار ہیں۔
Q. What is he there?	وہ وہاں کیا کرتے ہیں؟
A. He is running a garments shop there. He deals in ready-made garments.	وہ وہاں کپڑوں کی ایک دوکان چلا رہے ہیں۔ وہ سلے سلائے کپڑوں کا کاروبار کرتے ہیں۔
Q. What has gone wrong with him?	انہیں کونسا عارضہ لاحق ہو گیا ہے؟
A. He has got a severe heart-attack.	انہیں دل کا شدید دورا پڑا ہے۔
Q. For how long has he been staying there?	وہ وہاں کتنے عرصہ سے رہ رہے ہیں؟
A. He has been living there for the last 18 years.	وہ وہاں پچھلے اٹھارہ برسوں سے رہ رہے ہیں۔
Q. What nationality has he owned?	ان کی قومیت کونسی ہے؟
A. He is a British national.	وہ برطانوی شہری ہیں۔
Q. When did he last visit Pakistan?	وہ آخری مرتبہ پاکستان کب آئے تھے؟
A. He visited Pakistan about 3 years ago.	وہ تقریباً تین سال قبل پاکستان آئے تھے۔
Q. Has he ever invited you to visit England?	کیا انہوں نے آپ کو کبھی برطانیہ آنے کی دعوت دی ہے؟
A. Many times he invited me to visit his country but I could not avail myself of the opportunity due to my business engagements.	انہوں نے کئی دفعہ مجھے اپنے ملک کی سیر کرنے کی دعوت دی مگر میں کاروباری مصروفیات کی وجہ سے اس موقع سے فائدہ نہ اٹھا سکا۔

Q. How many children has he got?	ان کے کتنے بچے ہیں؟
A. He has got three children, one son and two daughters.	ان کے تین بچے ہیں' ایک بیٹا اور دو بیٹیاں۔
Q. Have you received any sponsorship letter from England?	کیا آپ نے برطانیہ سے کبھی وظیفہ نامہ وصول کیا ہے؟
A. Here you are, sir. And this is his doctor's medical report. It says that an attendant is needed for his hospitality. I believe it is a sufficient proof for my urgent visit to my brother-in-law.	یہ رہا جناب! اور یہ ہے ان کے ڈاکٹر کی طبی رپورٹ۔ اسکے مطابق ان کے پاس ایک تیمار دار کا ہونا بہت ضروری ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ میرے سالے کی طرف میری ملاقات کا واضح ثبوت ہے۔
Q. For how long do you want to stay there?	آپ وہاں کتنا عرصہ رہنا چاہتے ہیں؟
A. Maximum for three weeks. I think I will not be able to spend more time there. My business here will suffer a log even in this period.	زیادہ سے زیادہ تین ہفتے تک۔ میرے خیال میں' میں وہاں زیادہ عرصہ نہیں گزار سکتا۔ حتیٰ کہ اس عرصہ میں بھی میرا کاروبار اچھا خاصا متاثر ہوگا۔
Q. What is your business here?	آپ کا یہاں کیا کاروبار ہے؟
A. I deal in hardware.	میں ہارڈویئر کا کاروبار کرتا ہوں۔
Q. What is your income here in Pakistan?	آپ کی پاکستان میں آمدنی کتنی ہے؟
A. Minimum Rs. 25,000 a month.	کم از کم پچیس ہزار ماہوار۔
Q. How many dependants have you here?	آپ کے زیر کفالت کتنے افراد ہیں؟
A. I live here with my parents. I have got a family of four children and a wife to support. My father is a retired government officer.	میں یہاں اپنے والدین کے ساتھ رہتا ہوں۔ میرے خاندان میں چار بچے اور ایک میری بیوی ہے۔ میرے والد ایک ریٹائرڈ سرکاری ملازم ہیں۔
Q. Who will bear the expenses of your visit to England?	آپ کے انگلینڈ جانے کے اخراجات کون برداشت کرے گا؟

A. I myself sir. I am a businessman as well as a salaried person. I can offer any amount for the sake of my sister's welfare.	میں بذات خود۔ میں ایک کاروباری آدمی ہوں اور تنخواہ بھی لیتا ہوں۔ میں اپنی بہن کی بھلائی کے لئے کسی بھی رقم کا انتظام کر سکتا ہوں۔
Q. What sort of assurance can you provide us that you will not stay there for more than 3 weeks?	آپ اس چیز کی کیا ضمانت دیتے ہیں کہ آپ وہاں تین ہفتوں سے زیادہ نہیں ٹھہریں گے؟
A. How can I neglect my business which I have established by dint of hard labour.	میں اپنے اس کاروبار کو' جو کہ میں نے سخت جانفشانی کے بعد سنبھالا ہے' نظرانداز کیسے کر سکتا ہوں۔
Q. All right, anything else to say.	بہت خوب۔ مزید کچھ آپ کہنا چاہیں تو؟
A. Nothing sir, that is enough what I have submitted.	نہیں جناب۔ جو کچھ کہہ دیا' کافی ہے۔
Q. O.K., you are permitted to proceed.	ٹھیک ہے آپ کو جانے کی اجازت دی جاتی ہے۔
A. Thank you very much, sir.	بہت شکریہ جناب۔

An Interview For The Job Of A Clerical Cadre

منشی محرر کی نوکری کے لئے انٹرویو

C. Candidate.

O. Officer.

C. Good morning, sir.	السلام وعلیکم جناب۔
O. Good morning, just have a seat.	وعلیکم السلام۔ تشریف رکھئے۔
C. Thank you, sir.	بہت شکریہ جناب۔
O. Your fair name please?	آپ کا اسم شریف؟
C. Sir, my name is Sarfraz Jalal.	جناب میرا نام سرفراز جلال ہے۔

Q. What is your qualification?

آپ کی تعلیمی قابلیت؟

C. Sir. I have passed Inter exam insecond division and have appeared in B.A this year. By the grace of God, I am sure to get through.

جناب میں نے انٹر کا امتحان دوسرے درجے میں پاس کیا ہے اور اس سال بی اے کا امتحان دیا ہے۔ اللہ کے فضل سے مجھے یقین ہے کہ میں ضرور کامیاب ہوں گا۔

O. Do you know typing?

کیا آپ ٹائپنگ جانتے ہیں؟

C. Yes sir, I have already mentioned in my application that I can type accurately at the speed of 40 words per minute.

جی ہاں جناب! میں نے پہلے ہی درخواست میں لکھا ہوا ہے کہ میں ٹھیک طور پر چالیس الفاظ فی منٹ کی رفتار سے ٹائپ کرسکتا ہوں۔

O. Your experience, please?

آپ کا تجربہ کتنا ہے؟

C. Sir, I worked with the M.D. of High Noon Laboratories for two years and then at Packages Ltd. for three years.

جناب میں نے ہائی نون لیبارٹریز کے ایم ڈی کے ساتھ دو سال تک کام کیا ہے اور پیکجز لمیٹڈ کے ہاں تین سال کے لئے۔

O. It is all right. You are hereby appointed on the basic salary of Rs. 2,000 with other fringe benefits.

یہ بہت اچھا ہے۔ آپ کو ابھی سے دو ہزار ماہوار کی بنیادی تنخواہ پر نوکری دی جاتی ہے اور دیگر مراعات اسکے علاوہ ہیں۔

C. Thank you sir, I will try my best to discharge my duties to the best of my skill and effeciency. When should I join, sir?

آپ کا بہت شکریہ جناب۔ میں اپنے فرائض اپنی بہترین مہارت اور تندہی کے ساتھ انجام دینے کی کوشش کروں گا۔ میں کب جوائن کروں جناب؟

O. You can join from the 1st February, if possible.

اگر ممکن ہو تو آپ یکم فروری کو جوائن کر لیں۔

C. By all means, sir. May I leave now?

بخوشی جناب۔ کیا میں جاسکتا ہوں؟

Q. Yes welcome.

جیسا آپ چاہیں۔

Telephonic Conversation

A Telephone On Bookshop

کتابوں کی دکان پر فون

(Hearing the bell Shahid picks up the receiver)

(گھنٹی کی آواز سن کر شاہد رسیور اٹھاتا ہے)

Voice: Is this 7120060?	آواز: کیا یہ 7120060 ہے؟
Shahid: Yes please.	شاہد: جی جناب۔
Voice: Are you speaking from Dogar Publishers?	آواز: کیا آپ ڈوگر پبلشرز سے بول رہے ہیں؟
Shahid: Yes, speaking from Dogar Publishers. May I ask about you?	شاہد: یقیناً جناب۔ ڈوگر پبلشرز سے بول رہا ہوں۔ کیا میں آپ کے بارے میں جان سکتا ہوں؟
Voice: Mr. Shahid, I am Benjamin from Canada.	آواز: شاہد صاحب میں ہوں بینجمن کینیڈا سے۔
Shahid: So nice of you, sir. What can I do for you?	شاہد: آپ کی بہت نوازش۔ میرے لائق خدمت جناب؟
Can: I intend to visit your shop --- I have a mind to start an industry in Pakistan. Before taking any step I would like to know about Pakistan's economic condition.	کینیڈین: میں آپ کی دکان پر آنا چاہتا ہوں۔ میرا پاکستان میں ایک صنعت لگانے کا ارادہ ہے۔ کوئی قدم اٹھانے سے پہلے میں پاکستان کی معاشی حالت کے بارے میں جاننا چاہتا ہوں۔
Shahid: What assistance can I provide you, sir?	شاہد: میں آپ کی مدد کس طرح کر سکتا ہوں؟

Can:	As you know Mr. Shahid, before investing money in an alien country, one has to consider certain aspects of the project. I want an authentic book on Pakistan economy. Can you suggest any? Please name the book, the author and the publishers.	کینیڈئن: شاہد صاحب جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ کوئی بھی اجنبی ملک میں سرمایہ لگانے سے پہلے کسی منصوبے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینا ضروری ہوتا ہے۔ مجھے پاکستان کی معیشت پر ایک معتبر کتاب کی ضرورت ہے۔ کیا آپ تجویز کر سکتے ہیں؟ اور براہ کرم کتاب کا نام، مصنف کا نام اور ناشر کا نام بتا دیں۔
Shahid:	That I can.	شاہد: جی ہاں جناب۔
Can:	Please wait and let me have my notebook, (after a pause) yes please.	کینیڈئن: برائے مہربانی تھوڑی دیر انتظار کریں مجھے نوٹ بک لینے دیں۔ (کچھ وقفے کے بعد) تو ہاں جناب۔
Shahid:	Most authentic book of the year on economic condition of this country which covers almost all the facts and figures is "Towards Pakistan Economy" written by Prof. Anwar-ul-Haq Zartash and we have the privilege to publish it. It is selling like hot cakes.	شاہد: اس سال کی معتبر ترین کتاب جو کہ اس ملک کی معاشی حالت پر روشنی ڈالتی ہے اور جس میں تمام حقائق اور اعداد و شمار دیئے گئے ہیں "ٹوورڈز پاکستان اکانومی" ہے۔ یہ پروفیسر انوار الحق زرتاش صاحب نے لکھی ہے اور ہمیں شائع کرنے کا شرف حاصل ہے۔ یہ ہاتھوں ہاتھ بک رہی ہے۔
Can:	Oh! I see. It means I have selected the right place.	کینیڈئن: ارے واہ! اس کا مطلب یہ ہوا کہ میں نے درست جگہ کا انتخاب کیا ہے۔

Shahid: Yes sir, it is not an exaggeration. It is useful for CSS Exam, Income Tax Officers, bankers and almost for any economy-based institution. It covers natural resources, agriculture, industry, trade, banking, finance, fiscal and monetary policy etc.

شاہد: ہاں جناب اس میں مبالغے والی کوئی بات نہیں۔ یہ سی ایس ایس کے امتحان' انکم ٹیکس آفیسروں' بنک کاری اور دیگر تمام اداروں جن کا تعلق معیشت سے ہو' کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ ملک کے قدرتی وسائل' زراعت' صنعت' تجارت' بنک کاری اور مالیات' سرمایہ کارانہ اور مالیاتی پالیسی وغیرہ کا احاطہ کرتی ہے۔

Can: That is quite appreciable. I will like to buy it. Where would I be able to get it from?

کینیڈیٹ: یہ تو بڑی مناسب کتاب ہے۔ میں اسے ضرور خریدنا چاہوں گا۔ یہ مجھے کہاں سے ملے گی؟

Shahid: It is available at every prominent book-seller throughout Pakistan, but I would like you to please visit our shop where we shall discuss your views over a cup of tea.

شاہد: یہ پاکستان بھر میں ہر اچھے کتاب فروش کے ہاں دستیاب ہے۔ لیکن میں چاہوں گا کہ آپ براہ کرم ہماری دکان پر آئیں۔ جہاں پر ہم آپکے ساتھ آپ کے نظریات کا جائزہ لیں گے۔

Can: Please let me note down your address.

کینیڈیٹ: پلیز آپ مجھے اپنا ایڈریس لکھوائیں۔

Shahid: It is very easy to locate. Dogar Publishers, 17-Urdu Bazaar, Lahore. You just hire a taxi and tell him to take you to Urdu Bazaar.

شاہد: اسے تلاش کرنا بہت آسان ہے۔ ڈوگر پبلشرز 17 - اردو بازار لاہور۔ پہلے آپ ٹیکسی لیں اور اسے کہیں کہ وہ آپ کو اردو بازار لے چلے۔

Can: Oh! very right. I shall be with you within an hour.

کینیڈیٹ: بہت خوب! میں جناب آپ کے پاس تقریباً ایک گھنٹے بعد پہنچ رہا ہوں۔

Calling FM-100

ایف ایم 100 پر فون کال

Hello!	ہیلو
Assalamo Alaikim Pakistan.	السلام وعلیکم پاکستان۔
Your good name, please.	جی آپ کا نام؟
Shahid speaking.	میں شاہد بول رہا ہوں۔
Ok Shahid, how are you?	جی شاہد صاحب! کیا حال ہیں آپکے؟
I am fine.	میں بالکل ٹھیک ہوں۔
Where are you calling from?	آپ کہاں سے بول رہے ہیں؟
I am calling from Urdu Bazaar.	میں اردو بازار سے بول رہا ہوں۔
All right, what are you doing these days?	بہت خوب! آپ کرتے کیا ہیں؟
I am a student.	میں پڑھتا ہوں۔
What class are you in?	کس کلاس میں؟
F.A. class.	ایف اے میں۔
Do you know what programme is going on?	آپ کو پتا ہے کونسا پروگرام چل رہا ہے؟
Yes, it is "Gun-ganaiye aur Suniaye".	جی ہاں "گنگنایے اور سنئے"۔
Well, what song would you like to sing?	اچھا تو کونسا گانا سنائیں گے آپ؟
That of "Billo".	"بلو" والا۔
Yes, please sing.	جی ہاں! سنائیں۔
اساں تے جاناں بلو دے گھر	کنے کنے جاناں بلو دے گھر
Here comes your choice.	یہ لیجئے اپنی پسند۔
Thanks.	شکریہ۔

Love On Phone فون پر محبت

(Telephone bell rings, Saadia picks up the receiver)

(ٹیلی فون کی گھنٹی بجتی ہے' سعدیہ فون اٹھاتی ہے)

Saadia:	Hello.	ہیلو۔	سعدیہ:
Suhail:	Suhail speaking at this end. I would like to talk to Shazia.	میں سہیل بول رہا ہوں۔ مجھے شازیہ سے بات کرنا ہے۔	سہیل:
Saadia:	There is no Shazia here, perhaps you have dialled a wrong number. What number have you dialled?	یہاں کوئی شازیہ نہیں رہتی' شائد آپ نے غلط نمبر ڈائل کر دیا ہے۔ آپ نے کونسا نمبر ملایا ہے؟	سعدیہ:
Suhail:	I have rang 8484786.	میں نے 8484786 نمبر ملایا ہے۔	سہیل:
Saadia:	Sorry, wrong number. (She replaces the receiver on the cradle. After a short time again the bell goes).	معاف کیجئے یہ غلط نمبر ہے۔ (وہ فون بند کر دیتی ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد پھر گھنٹی بجتی ہے)۔	سعدیہ:
Saadia:	Hello.	ہیلو۔	سعدیہ:
Suhail:	Please call Shazia to attend the phone.	مہربانی کر کے شازیہ کو فون پر بلا دیں۔	سہیل:
Saadia:	I have already told you that no Shazia lives here.	میں آپ کو پہلے بھی بتا چکی ہوں کہ یہاں کوئی شازیہ نہیں ہے۔	سعدیہ:
Suhail:	Just see madam, I believe you are Shazia nothing else I can't be mistaken.	دیکھیں محترمہ مجھے یقین ہے کہ آپ ہی شازیہ ہیں۔ میں دھوکہ نہیں کھا سکتا۔	سہیل:
Saadia:	I am not Shazia but Saadia, understand. Now please leave me alone.	میں شازیہ نہیں ہوں' سعدیہ ہوں' سمجھے؟ آپ مہربانی کر کے پیچھا چھوڑ دیں۔	سعدیہ:

Suhail:	Oh God! How pleasant your anger is, please continue your sweet talk.	اُف خدایا! آپ کا غصہ بھی کتنا خوشگوار ہے۔ مہربانی فرما کر اپنی پیاری پیاری گفتگو جاری رکھیے۔	سہیل:
Saadia:	Please stop nonsense. I am not a girl of such type.	مہربانی فرما کر یہ بکواس بند کیجئے۔ میں اس قسم کی لڑکی نہیں ہوں۔	سعدیہ:
Suhail:	The magic of your sweet and melodious voice cannot abstain me from doing all this. I can't help it.	آپ کی جادو بھری آواز سنے بغیر میں نہیں رہ سکتا۔ اب تو یہ میری مجبوری ہے۔	سہیل:
Saadia:	For God's sake stop it.	خدا کے لئے اسے بند کر دیجئے۔	سعدیہ:
Suhail:	Miss Saadia; I am quite alone in this crowded world and it is virtuous to support and guide the helpless. Would you please cooperate with me to take me out of this wieldernests.	محترمہ سعدیہ صاحبہ! میں اس بھری دنیا میں بالکل تنہا ہوں اور تنہا بے یارومددگار انسان کی مدد کرنا تو ویسے بھی ثواب ہے۔ کیا آپ میرے ساتھ تعاون فرمائیں گی اور مجھے اس وحشت زدہ تنہائی سے نجات دلائیں گی۔	سہیل:
Saadia:	(Feeling some truth in the statement) Don't be emotional Suhail. Your gentle and civilized talk has also impressed me. I promise to think out some way to help you. Bye.	(بیان میں سچائی محسوس کرتے ہوئے) سہیل جذباتی مت ہو آپ کی شریف اور مہذب گفتگو نے مجھے بھی متاثر کیا ہے اور میں تم سے وعدہ کرتی ہوں کہ آپ کی مدد کیلئے کوئی راستہ نکال لوں گی۔ خدا حافظ۔	سعدیہ:
Suhail:	Just a minute! Please listen. (Phone suspended).	ایک منٹ! سنئے تو۔ (لائن کٹ جاتی ہے)	سہیل:

Love Dialogues

محبت بھرے مکالمے

Love Dialogue - 1

(Jawad is strolling in the lawn of Lawrence Garden and waiting for someone, Kanwal enters stealthily).	(جواد لارنس باغ میں ٹہل رہا ہے اور کسی کا منتظر دکھائی دیتا ہے۔ اتنے میں کنول دبے پاؤں داخل ہوتی ہے)۔
Kanwal: Jawad I have come after all.	کنول: جواد دیکھو میں آ گئی' بالآخر۔
Jawad: How nice of you.	جواد: آپ کتنی اچھی ہیں۔
Kanwal: Be happy now darling. I am with you, I have decided to be with you for ever.	کنول: میرے پیارے! میں ہر دم آپ کے ساتھ ہوں بلکہ میں نے آپ کے ساتھ زندگی گزارنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔
Jawad: Oh God --- how should I thank you? I can't digest this happy news. Really darling?	جواد: یا اللہ میں آپ کا کیسے شکریہ ادا کروں۔ میں اتنی بڑی خوشی کی خبر کو کیسے برداشت کر سکتا ہوں۔ کیا واقعی؟
Kanwal: By all means. I come to you after deciding this fact.	کنول: حرف بحرف صحیح۔ میں یہ فیصلہ کر کے ہی تو آپ تک آتی ہوں۔
Jawad: Oh my darling, it is easy to say but difficult to commit.	جواد: میری پیاری محبوبہ! یہ بات کہنا تو آسان ہے' لیکن کرنا بہت مشکل ہے۔
Kanwal: I have thought many times then I have made up my mind.	کنول: میں نے ہزار بار سوچا اور پھر عہد کیا۔
Jawad: But if your papa does not agree, then?	جواد: لیکن اگر آپ کے والد متفق نہ ہوئے تو۔

English	اردو
Kanwal: Jawad, how are you thinking about?	کنول: جواد آپ ایسا کیوں سوچ رہے ہیں؟
Jawad: Most of the parents don't like the choice of their children.	جواد: بہت سے والدین اپنی اولاد کی پسند کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے۔
Kanwal: Oh! No, they are very great and liberal as well.	کنول: ارے نہیں، وہ بہت عظیم اور فراخ دل ہیں۔
Jawad: You know I have mastered in Psychology --- Won't I be able to handle the situation?	جواد: میں نے سائیکالوجی میں ایم۔ایس۔سی کیا ہے۔ کیا خیال ہے میں حالات سے نپٹ نہیں سکوں گا؟
Kanwal: By all means Jawad, but I wanted to make you conscious of the nature of my parents.	کنول: یقیناً جواد، یہ میں آپ کو اپنے والدین کے متعلق شعور دینا چاہتی تھی۔
Jawad: Thank you darling, I shall try my best to handle the situation. It is a life and death question for me.	جواد: بہت بہت شکریہ میری جان۔ میں حالات سے نپٹنے کے لئے پوری پوری کوشش کروں گا۔ میرے لئے تو یہ زندگی اور موت کا سوال ہے۔

Love Dialogue - 2

English	اردو
Jawad: Oh! You are looking very cute today.	جواد: واہ! آج تو آپ بہت پیاری لگ رہی ہیں۔
Kanwal: It is your way of seeing.	کنول: یہ تو آپ کے حسن نظر کا کرشمہ ہے۔
Jawad: Really, you are looking very charming today.	جواد: حقیقتاً آج آپ دلکش دکھائی دے رہی ہیں۔
Kanwal: Is it a fact? Do you really mean that?	کنول: کیا یہ حقیقت ہے؟ کیا تم صحیح کہہ رہے ہو؟

Jawad:	Your rose petal-like lips, tall and healthy physique.	آپ کے گلاب کی پنکھڑیوں جیسے ہونٹ، لمبا قد، صحتمند بھرپور جسم۔	جواد:
Kanwal:	Jawad, please do not make fun of me. Please be quiet.	جواد مہربانی کر کے میرا مذاق مت اُڑاؤ، بس اب چپ ہو جاؤ۔	کنول:
Jawad:	I can do the impossible for you.	میں آپ کی خاطر ناممکن کو ممکن بنا سکتا ہوں۔	جواد:
Kanwal:	How is that possible? You are the son of a very rich family and I am not middle class even.	یہ کیسے ممکن ہے۔ آپ ایک بہت امیر ماں باپ کے بیٹے اور میرا تعلق تو درمیانے درجہ سے بھی نہیں۔	کنول:
Jawad:	But I don't believe in riches -- the best wealth is character, civility and personality.	میں دولت پر یقین نہیں رکھتا۔ اصل دولت تو کردار، تہذیب اور شخصیت ہوتی ہے۔	جواد:
Kanwal:	Everything that glitters is not gold.	ہر چمکنے والی چیز سونا نہیں ہوتی۔	کنول:
Jawad:	Dear Kanwal, if I can dare say you as my darling, I love you to the core of my heart.	پیاری کنول۔ کیا میں آپ کو پیاری کہنے کی جرأت کر سکتا ہوں۔ میں تو تمہیں دل کی گہرائیوں سے پیار کرتا ہوں۔	جواد:
Kanwal:	You are also all my worlds for me.	میرے لئے بھی سب کچھ تم ہی ہو۔	کنول:

Love Dialogue - 3

Jafar:	Oh darlihg! Where are you going?	جان! آپ کہاں جا رہی ہیں؟	جعفر:
Saba:	Just for shopping.	ذرا شاپنگ کرنے جا رہی ہوں۔	صبا:

Jafar: But for the first time you have made a decision without telling me. Why?	جعفر: لیکن زندگی میں پہلی دفعہ آپ نے مجھے بتائے بغیر کوئی فیصلہ کیا ہے۔ آخر کیوں؟
Saba: Some things are meant secret.	صبا: کچھ راز کی باتیں بھی ہوتی ہیں۔
Jafar: What an awful secret are you hiding even from me, darling?	جعفر: آخر وہ کونسی بات ہے جو میری جان آپ مجھ سے بھی چھپا رہی ہیں؟
Saba: It will be a great fun.	صبا: بڑی خوشی والی بات ہے۔
Jafar: Terrific!	جعفر: ارے واہ!
Saba: Mind you..... you will give me a figt.	صبا: دیکھو ...... آپ مجھے تحفہ ضرور دیں گے۔
Jafar: Mm..... of pleasure. But tell me first.	جعفر: کیوں نہیں...... ضرور۔ آپ بتائیں تو۔
Saba: Er..... my engagement comes tomorrow.	صبا: آہا...... جناب کل میری منگنی ہو رہی ہے۔
Jafar: Ah! What did you say?	جعفر: ارے...... یہ کیا کہہ رہی ہیں آپ؟
Saba: Yes! Daddy has betrothed me to Faisal.	صبا: صحیح کہہ رہی ہوں۔ میرے ڈیڈی نے میرا رشتہ فیصل سے طے کر دیا ہے۔
Jafar: But what about me?	جعفر: لیکن میرا کیا بنے گا؟
Saba: Oh you silly! Don't hanker after shadows.	صبا: جی آپ کا؟ بیوقوف اب تو سایوں کے پیچھے بھاگنا چھوڑ دو۔
Jara: Eek God! Ah these treacherous girls.	جعفر: اوہ خدایا! یہ لڑکیاں بھی کتنی ہرجائی ہوتی ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

Jokes

لطائف

An old singer turned up the stage. As he started singing, his artificial teeth fell down. Hastily, he fitted them into the mouth but as he began singing these fell down again.

When this process went on for a number of times, a person said angrily, "Would you sing something or go on changing the cassettes?"

ایک بوڑھا گلوکار سٹیج پر گانے کے لئے کھڑا ہوا تو اسکے نقلی دانت گر پڑے۔ اس نے جلدی سے انہیں منہ میں فٹ کیا۔ لیکن جب گانے کیلئے منہ کھولا تو وہ پھر گر پڑے۔

جب چار پانچ دفعہ ایسا ہی ہوا تو ایک آدمی نے جل کر کہا: "کیسٹ ہی بدلتے رہو گے یا کچھ گاؤ گے بھی؟"

....

A guy was praying passionately, "Oh my God! Turn me into a lizard."

A man asked, "Why do you pray so?"

He answered, "My wife dreads lizards."

ایک آدمی زور زور سے یہ دعا مانگ رہا تھا: "یا اللہ! مجھے چھپکلی بنا دے، یا اللہ مجھے چھپکلی بنا دے۔"

ایک آدمی نے پوچھا: "تم یہ دعا کیوں مانگ رہے ہو؟"

"اس لئے کہ میری بیوی چھپکلی سے بہت ڈرتی ہے۔" اس آدمی نے جواب دیا۔

....

A jester was very poor. When he did not find anything to feed his family, he asked his wife, "Send the children to their maternal grandparents and you should go to your paternal home and all the best, I am going to my in-laws."

ایک میراثی بہت غریب تھا، جب اس کے پاس کھانے کو کچھ نہ رہا تو بیوی سے کہنے لگا: "بچوں کو ننھیال بھیج دو اور تم اپنی والدہ کے گھر چلی جاؤ، میرا اللہ مالک ہے، میں اپنے سسرال چلا جاؤں گا۔"

....

A wife complained her husband, "Why did you say before our marriage that I was all your world." The husband answered, "I had not learnt geography, then. Now I have discovered a number of other worlds."

بیوی نے اپنے شوہر سے شکایت کی: "شادی سے پہلے تم کہا کرتے تھے کہ پیاری میری دنیا تم ہی ہو............"

شوہر نے بات کاٹتے ہوئے کہا: "اس وقت میں نے جغرافیہ نہیں پڑھا تھا، اب تو میں کئی دنیائیں دریافت کر چکا ہوں۔"

....

A school kid returned home from school, his mother asked, "Why's your one eye swelling?" The boy said, "my class-fellow has given me a blow." The mother said calmly, "Dear son, it is not good

to avenge. You should reconciliate with him and present him a piece of cake."

The other day, when he returned from school, his other eye was swelling. The mother asked him, "And what did happen today?"

The boy wept bitterly and said, "Now he demands for another piece of cake."

ایک بچہ سکول سے پڑھ کر گھر میں داخل ہوا تو اس کی ایک آنکھ چوٹ کی وجہ سے سوجی ہوئی تھی۔ ماں نے پوچھا تو روتے ہوئے کہنے لگا: "مجھے ایک لڑکے نے گھونسا مارا ہے۔" ماں نے یہ سن کر کہا "بیٹا لڑنا جھگڑنا اچھی بات نہیں، اگر اس نے غلطی کی ہے تو تمہارے لئے لازم ہے کہ اچھے اخلاق کا ثبوت دو۔ کل اس کے لئے ایک کیک لے جاؤ اور آپس میں صلح کر لو۔"

دوسرے دن جب وہ سکول سے واپس آیا تو اس کی دوسری آنکھ بھی سوجی ہوئی تھی، ماں نے حیرت سے پوچھا: "آج کیا ہوا ہے؟"

"اب وہ ایک اور کیک مانگتا ہے۔" بچے نے روتے ہوئے جواب دیا۔

A miser entered a restaurant and ordered for curry worth half a rupee. A waiter brought him the curry. When the miser began to eat, he saw that a fly was floating in the curry. He angrily shouted at the waiter, "You brought the curry with a fly!" The waiter answered, "Then do you want a goat or sheep for half a rupee?"

ایک کنجوس ہوٹل میں داخل ہوا اور آرڈر دیا کہ "آٹھ آنے کا سالن اور ایک روٹی لے آؤ۔" بیرا تھوڑی دیر میں مطلوبہ چیز لے آیا۔ جب کنجوس کھانے لگا تو دیکھا کہ سالن میں مکھی پڑی ہوئی ہے۔ اس نے غصے سے بیرے سے کہا: "سالن میں مکھی پڑی ہوئی ہے۔"

بیرے نے برجستہ جواب دیا: "تو آٹھ آنے کے سالن میں کیا بھیڑ بکری ملتی ہے؟"

Some students were talking about simple questions they put to certain professionals.

"What's two and two?" they asked a statistician.

He fiddled with his calculator, replying, "I estimate it to be 3.99999 recurring.

"What's three and three?" they asked a doctor.

He thought briefly and flicked through his reference material. "I think it's six, he said, "but I recommend you obtain a second opinion."

"What's four plus four?" they asked an accountant.

He furrowed his brow, stared into space, and then learned

forward and said, "What do you want it to be?"

کچھ طلباء پیشہ ور افراد سے کئے گئے سادہ سوالوں پر بحث کر رہے تھے۔ انہوں نے ایک ماہر شماریات سے پوچھا "دو اور دو کتنے ہوتے ہیں؟"

اس نے کیلکولیٹر آن کیا اور بتایا: "میرا خیال ہے یہ 3.99999 بنتے ہیں۔"

انہوں نے ایک ڈاکٹر سے پوچھا: "تین اور تین کتنے ہوتے ہیں؟" اس نے اپنے حوالے کی کتابوں میں دیکھا اور کہا: "میرا خیال ہے کہ یہ چھ ہوتے ہیں۔ لیکن میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ کسی اور سے بھی پوچھ لیں۔"

اس کے بعد انہوں نے ایک اکاؤنٹنٹ سے پوچھا: "چار اور چار کتنے ہوتے ہیں؟" اس نے اپنے ابروؤں کو جنبش دی، اوپر دیکھا، آگے کی طرف جھکا اور کہا "آپ کتنا چاہتے ہیں؟"

....

A student used to cram. Near the exam, he crammed the essay, "My Friend", but unluckily the essay, "My Father" was set instead of "My Friend". So he started his essay somewhat like this.

"I have many fathers but Mr. Ali is my best father.

ایک طالب علم کو رٹا لگانے کی عادت تھی۔ امتحان قریب تھے لہٰذا اس نے My Friend مضمون کا رٹا لگا لیا۔ لیکن بدقسمتی سے پیپر میں My Friend کی بجائے My Father کا مضمون آ گیا۔ جس کا آغاز اس نے کچھ اس طرح کیا۔

I have many fathers but Mr. Ali is my best father.

....

A man asked another man, "Where is Bhati Gate situated?" he replied, "It is near the Data Darbar." But I also do not know where the Data Darbar is?" he enquired. "It is near Bhatti", he answered. The first man asked with surprise, "But I do not know where both of these are?" "Both are very close to each other", the man replied.

ایک آدمی نے دوسرے آدمی سے پوچھا: "بھاٹی کہاں واقع ہے؟" دوسرے آدمی نے جواب دیا: "یہ داتا دربار کے ساتھ ہی ہے۔" اس نے حیرانگی سے پوچھا: "لیکن مجھے یہ بھی نہیں پتہ کہ داتا دربار کہاں ہے۔" اس نے کہا: "یہ بھاٹی کے ساتھ ہے۔" پہلے آدمی نے حیرانگی سے پوچھا: "لیکن یہ دونوں کہاں ہیں؟" "ارے یہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ ہی تو ہیں۔" آدمی نے جواب دیا۔

....

Two men sitting opposite to each other. At last, one of them said, "Pardon me, I am a bit hard of hearing, no doubt, but I feel myself totally deaf today. I am seeing you chat for an hour but I could not hear even a single word." The other man answered, "I was not talking, I was taking chewing-gum."

دو آدمی گاڑی میں آمنے سامنے بیٹھے تھے۔ آخر ان میں سے ایک بولا۔

"معاف کیجئے! میں کچھ اونچا ضرور سنتا ہوں مگر آج تو لگتا ہے کہ بالکل بہرہ ہو گیا ہوں۔ آپ ایک گھنٹے سے باتیں کر رہے ہیں اور مجھے ایک لفظ بھی سنائی نہیں دیا۔"

دوسرے آدمی نے جواب دیا: "میں باتیں نہیں کر رہا ہوں، چیونگم کھا رہا ہوں۔"

First opium-addict: "What date is today?"
Second opium-addict: "It is Saturday today."
First opium-addict: "I am asking you the date, not the year.

پہلا افیمی: آج کیا تاریخ ہے؟
دوسرا افیمی: آج ہفتہ ہے۔
پہلا افیمی: میں تاریخ پوچھ رہا ہوں ''سن'' نہیں۔

....

A baffled man entered a calm dispensary of a doctor and yelled, "Doctor, for God's sake do something for me. I was playing on the flute but, I committed a mistake to swallow it."

Doctor answered colly, "You should thank God that you were not playing on a piano."

ایک گھبرایا ہوا آدمی ڈاکٹر کی پرسکون ڈسپنسری میں داخل ہوا اور چلا کر بولا: ''ڈاکٹر صاحب خدا کے لئے کچھ کیجئے۔ میں بانسری بجا رہا تھا اور غلطی سے اسے نگل گیا۔''

ڈاکٹر صاحب نے آہستہ سے کہا: ''شکر کرو تم پیانو نہیں بجا رہے تھے۔''

....

A man and a woman were standing on the platform of a metro. The man was trying his level best to convince the woman. He said, "Behold if you would not marry me, I would commit suicide." The woman answered calmly, "Let me think for a while. You need not hurry. Every hour a train passes here."

ایک بڑے ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر ایک عورت اور مرد کھڑے تھے۔ عورت کو منانے کے لئے مرد حد درجہ کوشش کر رہا تھا۔ اس نے کہا: ''دیکھو اگر تمہیں مجھ سے شادی کرنا منظور نہیں تو میں ابھی آنے والی گاڑی سے کٹ کر مر جاؤں گا۔''

عورت نے بڑے اطمینان سے کہا: ''کچھ دیر مجھے سوچ لینے دو۔ ابھی جلدی ہی کیا ہے یہاں ہر گھنٹہ بعد گاڑی آتی رہتی ہے۔''

....

Teacher (to student): Giver an example that the things expand in summer whereas shrink in winter.
Student: Sir, the school holidays expand to three months in summer and shrink to half a month in winter.

استاد (شاگرد سے): کوئی مثال دو کہ سردیوں میں چیزیں سکڑتی ہیں اور گرمیوں میں پھیلتی ہیں۔
شاگرد: جناب گرمیوں میں چھٹیاں پھیل کر تین مہینے کی اور سردیوں میں سکڑ کر پندرہ دن کی رہ جاتی ہیں۔

GOOD BYE..........